ISSN:2518-9794
جلد:۲، شمارہ:۱
جنوری۔ جون ۲۰۱۷ء

ششماہی علمی و تحقیقی مجلّہ

العِرفان

فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز اینڈ شریعہ

منہاج یونیورسٹی، لاہور

مجلسِ ادارت

سرپرست اعلی	ڈاکٹر حسن محی الدین قادری،چیئرمین سپریم کونسل، منہاج القرآن انٹرنیشنل، لاہور
سرپرست	پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم غوری، وائس چانسلر، منہاج یونیورسٹی، لاہور
مدیر اعلیٰ	پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم رانا، ڈین فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز اینڈ شریعہ،منہاج یونیورسٹی، لاہور
(نائب مدیر) اول	پروفیسر ڈاکٹر ثمر فاطمہ، پرنسپل منہاج کالج فار ویمن، منہاج یونیورسٹی، لاہور
(نائب مدیر) دوم	ڈاکٹر محمد ممتاز الحسن،وائس پرنسپل کالج آف شریعہ اینڈ اسلامک سائنسز ،لاہور
مدیر	ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی الازھری،چیئرمین شعبۂ عربی، منہاج یونیورسٹی ،لاہور
(معاون مدیر)اسلامیات	ڈاکٹر شبیر احمد جامی،چیئرمین شعبۂ علوم اسلامیہ،منہاج یونیورسٹی، لاہور
	غلام احمد خان، منہاج کالج فار ویمن، منہاج یونیورسٹی، لاہور
	حمیرا ناز،منہاج کالج فار ویمن ، منہاج یونیورسٹی، لاہور
(معاون مدیر) عربی	ڈاکٹر مسعود احمد مجاہد، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ عربی، منہاج یونیورسٹی، لاہور
	ڈاکٹر فیض اللہ بغدادی، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ عربی، منہاج یونیورسٹی، لاہور
	ڈاکٹر شفاقت علی الازہری، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ عربی، منہاج یونیورسٹی، لاہور

مجلسِ مشاورت (بین الاقوامی)

1. الأستاذ الدكتور محمد عبد الرحيم البيومى،عميد كلية أصول الدين، جامعة الأزهر، زقازيق، مصر
2. الدكتور بان حميد الراوى، رئيس قسم علوم القرآن، كلية التربية للبنات، جامعة بغداد، عراق
3. الدكتور غلام محمد قمرا لازهر ى، قسم الدراسات الإسلامية، كلية اللغات والترجمة، جامعة الازهر، قاهره، مصر
4. پروفیسر ڈاکٹر شاہ کوثر مصطفی ابوالعلائی، ڈیپارٹمنٹ آف فلاسفی اینڈ اسلامک سٹڈیز، یونیورسٹی آف ڈھاکہ، بنگلادیش
5. پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد سلیم، ڈائریکٹر صفہ انسٹی ٹیوٹ آف ہائر سٹڈیز، میڈن ہیڈ برکس، انگلینڈ
6. ڈاکٹر محمد رفیق حبیب، ڈائریکٹر منہاج القرآن اسلامک سینٹر، گلاسگو، برطانیہ

مجلسِ مشاورت (قومی)

1. پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر، چیئرمین ہجویری چیئر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
2. پروفیسر ڈاکٹر نوراحمد شاہتاز، ڈائریکٹر، شیخ زید اسلامک سنٹر، کراچی یونیورسٹی، کراچی
3. پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس، ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد
4. پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک، چیئر مین شعبۂ عربی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
5. پروفیسر ڈاکٹر سلطان شاہ، چیئر مین شعبۂ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، لاہور
6. ڈاکٹر محمد عبد اللہ، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
7. ڈاکٹر حافظ محمد سجاد، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
8. ڈاکٹر شمس الرحمٰن، ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبۂ علوم ا سلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
9. ڈاکٹر محمد خان ملک، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور
10. ڈاکٹر طاہر حمید تنولی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اقبال اکادمی ،ایوان اقبال، لاہور

فہرست مقالہ جات

نمبر شمار	عنوانات	مقالہ نگار	صفحہ نمبر
1	اداریہ	مدیر اعلی	1
2	آیات احکام کی تفسیر عہد نبوی اور عہد صحابہ میں	محمد الیاس اعظمی	5
3	صحیح حدیث کا متروک العمل ہونا (اسباب و وجود کا تحقیقی مطالعہ)	ڈاکٹر حامد علی علیمی	29
4	اَلْمِنْهَاجُ السَّوِيّ مِنَ الْحَدِيْثِ النَّبَوِيّ کا منہج و اسلوب	صدف انصر ڈاکٹر محمد کریم خان	49
5	تصوف کے منابع اور مناہج تربیت	ڈاکٹر علیم اشرف جائسی	61
6	پسند کی شادیوں کی حدود و قیود (مذاہب خمسہ کی روشنی میں)	پروفیسر فرخ طاہرہ ڈاکٹر ظہور اللہ الازہری	90
7	سر سید احمد خان کے کلامی افکار کا تحقیقی مطالعہ	صائمہ رفیق پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم رانا شبانہ قمر	113
8	اسلامی احکام میراث کی حکمتیں	ڈاکٹر محمد ممتاز الحسن حافظ محمد اعجاز	133
9	القياس أصوله و أنواعه عند الأحناف	حافظ ساجد محمود الأزهری حافظ سيد مبشر حسين الكاظمی	148
10	اللغة الأردية أصلها و صلتها بلغة القرآن	الدكتور شفاقت علی الأزهری	164
11	دور الشباب المسلمين في نشر الدعوة الإسلامية	حافظ ذيشان طاهر الدكتور ممتاز أحمد سديدی الأزهری	178

اداریہ

اللہ تعالی نے ایمان والوں کو پہلی وحی کے نزول سے ہی حصول علم کی طرف متوجہ کیا ہے، علم کی روشنی شعور کے نئے دریچے کھولتی ہے، انسان کو عرفانِ ذات بھی حاصل ہوتا ہے اور خالق کی معرفت بھی نصیب ہوتی ہے، جہالت کی تاریکی میں ڈوبا ہوا انسان نہ خود آگہی کا نور حاصل کرتا ہے نہ معاشرے کو کچھ نفع پہچاتا ہے، بلکہ جہالت کی کوکھ سے خوفناک جرائم جنم لیتے ہیں، آج ہمارے معاشرے کو جس انتہا پسندی اور دہشت گردی کا سامنا ہے اس کا ایک بنیادی سبب دینی نصوص کا صحیح فہم وادراک نہ ہونا ہے، اقبال نے کہا تھا:

زِمن بر صوفی و ملا سلامے کہ پیغام خدا گفتند مارا
ولے تاویل شاں در حیرت انداخت خدا وجبرئیل و مصطفی را

"(عہد حاضر کے) نام نہاد صوفی اور ملا کو میرا سلام ہو، کیونکہ انہوں نے ہمیں خدا کا پیغام پہنچایا، لیکن ان کی (خود ساختہ) تشریح نے خدا، جبرائیل اور مصطفی کریم ﷺ کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔"

عصر رواں کا المیہ یہ ہے کہ بہت سے کلمہ گو خود کو کتاب و سنت کے سانچے میں ڈھالنے کی بجائے کتاب و سنت کو اپنے فکری سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں، اس عمل سے امت میں فکری خلفشار بڑھتا ہی جارہا ہے۔ اس وقت اہل اسلام کو وحدتِ اُمت کی شدت سے ضرورت ہے، الحمد للہ منہاج یونیورسٹی لاہور کے چیئرمین بورڈ آف گورنرز شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب ملکِ پاکستان میں پھیلے ہوئے اپنے سکولز اور کالجز کے علاوہ منہاج یونیورسٹی کے ذریعے اعتدال پسندی اور علم کا نور پھیلانے کے لئے کوشاں ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ وطن عزیز میں علم کا نور اتنا پھیلایا جائے کہ جہالت، انتہا پسندی اور دہشتگردی کی ظلمتیں کافور ہو جائیں، وطن عزیز کے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم بچوں کے اذہان میں ملی اور قومی سوچ پیدا کرنے کی طرف بھی خصوصی توجہ کی ضرورت ہے تاکہ نوجوان نسل اسلام اور پاکستان کا بہتر مستقبل بن سکے۔

العرفان کا تیسرا شمارہ جنوری تا جون 2017ء حسب سابق اُردو، عربی، اور انگریزی میں تحقیقی مقالات پر مشتمل ہے، کوشش کی گئی ہے کہ ایسے تحقیقی مقالات کا انتخاب کیا جائے جن سے اسلامی تعلیمات کی روح اجاگر ہو، قلوب و اذہان کو شعور و آگہی کا نور حاصل ہو۔ پیشِ نظر مجلہ کے پہلے مقالہ نگار محمد الیاس اعظمی صاحب نے عہد نبوی اور عہدِ صحابہ میں آیات احکام کی تفسیر کے حوالے سے تحقیق پیش کی ہے۔ نبی کریم ﷺ کا تشریعی اور تشریحی مقام بیان کرتے ہوئے آپ کا اسلوب تفسیر بیان کیا ہے۔ اور اسی طرح صحابۂ کرام کا تفسیری منہج بھی واضح کیا ہے۔ دوسرے مقالے میں ڈاکٹر حامد علی علیمی صاحب نے صحیح حدیث کے متروک العمل ہونے کے اسباب

ووجوہ کا جائزہ لیا ہے، پیشِ نظر مقالے میں انہوں نے واضح کیا ہے کہ بعض صحیح احادیث اجلہ صحابہ کرام کے نزدیک بھی مؤول، منسوخ یا مرجوح تھیں، لہذا آئمہ مجتہدین پر ترک حدیث کا الزام درست نہیں رہتا۔

تیسرے مقالے کا عنوان ہے: "المنهاج السويّ من الحديث النبوى" کا منہج واسلوب" اس مقالے میں صدف انصر صاحبہ اور ڈاکٹر محمد کریم خان صاحب نے شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب کی پیش نظر کتاب کے منہج و اسلوب کا جائزہ لیتے ہوئے اس کی خصوصیات کا جائزہ لیا ہے۔ چوتھے مقالہ نگار ڈاکٹر علیم اشرف جائسی صاحب نے تصوف کے منابع اور مناہج کا جائزہ لیتے ہوئے کتاب وسنت سے تصوف کے علمی مناہج کی نشاندہی کی ہے۔ علاوہ ازیں تصوف کے احوال و مقامات کو بھی کتاب وسنت کی روشنی میں اجاگر کیا۔ پانچویں تحقیقی مقالے کا عنوان ہے: "پسند کی شادیوں کی حدود و قیود مذاہب خمسہ کی روشنی میں" اس مقالے میں پروفیسر فرخ طاہرہ صاحبہ اور ڈاکٹر ظہور اللہ ازہری صاحب نے عصر حاضر کے ایک حساس مسئلے کا مذاہب خمسہ کی روشنی میں تحقیقی جائزہ لیا ہے۔ اور آخر میں اعتدال پر مبنی خلاصہ بحث پیش کیا ہے۔ چھٹے تحقیقی مقالے میں سر سید احمد خان کے کلامی افکار کا تحقیقی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ جس میں صائمہ رفیق صاحبہ، راقم الحروف اور شبانہ قمر صاحبہ شریک ہیں، جس میں واضح کیا گیا ہے کہ سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی ترقی کے لئے جدید علم الکلام کی بنیاد ڈالی، پیش نظر مقالے میں فطرت، وجود باری تعالی، علت العلل، نبوت، معجزات، ملائکہ، جنت، دوزخ، جبر وقدر، معراج، روح اور جادو کے حوالے سے سر سید احمد خان کی کلامی آراء کا تحقیقی جائزہ لیا گیا۔

ساتویں تحقیقی مقالے میں ڈاکٹر ممتاز الحسن باوری صاحب اور حافظ محمد اعجاز صاحب نے تحقیقی بنیادوں پر اسلام سے قبل عرب معاشرے کے نظام وراثت کے علاوہ یہودیت اور عیسائیت کے نظام وراثت کا جائزہ لیتے ہوئے اسلامی احکام میراث کی ہمہ جہت حکمتیں اجاگر کی ہیں۔

آٹھواں تحقیقی مقالہ عربی میں لکھا گیا جس میں مقالہ نگار حافظ ساجد محمود الازہری صاحب نے "القياس اصوله وانواعه عند الاحناف" کے عنوان سے حدیث نبوی کے ساتھ احناف کے قیاس کا مضبوط تعلق بیان کیا ہے، نیز احناف کے ہاں قیاس کی کثرت کے اسباب کا جائزہ لیا گیا ہے۔

نوویں مقالے میں ڈاکٹر شفاقت علی بغدادی الازہری صاحب نے "اللغة العربية اصلها و صلتها بلغة القرآن" کے عنوان سے قرآن کی زبان عربی کے ساتھ اُردو کا گہرا تعلق بیان کرتے ہوئے اس کی اصل کے بارے میں بعض نظریات پیش کئے جن میں سے ایک نظریے کے مطابق عربی ہی اردو کی اصل قرار پاتی ہے۔

دسویں مقالے کا عنوان ہے: " دور شباب المسلمين في نشر الدعوة الإسلامية" جس میں حافظ ذیشان طاہر صاحب اور ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی صاحب نے اسلامی دعوت کے فروغ میں نوجوانوں کے کردار کو اجاگر کیا ہے،

حضرت ابراہیم، حضرت اسماعیل، حضرت یوسف علیہم السلام کے عہد جوانی کے بعض کردار پیش کئے گئے، اسی طرح نوجوان صحابہ کی خدمات کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔

گیارہویں مقالے کا عنوان Why people become wiolent Activist? جس میں مقالہ نگار محمد زمان نازی صاحب نے پیش نظر موضوع کا تحقیقی جائزہ لیتے ہوئے لوگوں کی شدت پسندی کے اسباب پہ روشنی ڈالی ہے۔

بارہویں مقالے کا عنوان ہے: "Global Sustainability and Role of Islamic Finance" جس میں علی حسنین صاحب اور محمد حسن صاحب نے بین الاقوامی سطح پر ماحولیاتی، معاشرتی اور معاشی بدحالی کے خاتمہ میں اسلامک فائنانس کے ممکنہ کردار پر روشنی ڈالی ہے، اس موضوع پر دنیا بھر میں غور و فکر کیا جارہا اور یہ مسئلہ افراد، تنظیمات اور حکومتوں کی اہم ترجیح ہے، مقالہ نگار حضرات نے واضح کیا ہے کہ اسلام اس مقصد کے حصول کے لئے بہترین رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اور اسلامک فائنانس نے یہ تصور روثے میں پایا ہے، اسلام انسانیت کے خوشحال کا ضامن ہے، اس حوالے سے اسلام میں وقف زکوٰۃ اور صدقات بہترین ذرائع ہیں جبکہ اسلامی بنک بھی اجارہ، مرابحہ، مشارکہ اور مضاربہ کی بنیادوں پر معاشی بدحالی کے خاتمہ کے لئے کوشاں ہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ اہل علم حضرات العرفان کے اگلے شماروں کے لئے قلمی تعاون فرمائیں گے، ان مقالات میں عصر حاضر کے سلگتے فقہی اور فکری مسائل سامنے لائے جائیں، کتاب و سنت کی روشنی میں شعور و ادراک کے دریچے کھولے جائیں۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فکری اعتدال کا راستہ ہموار کیا جائے تاکہ اُمت مسلمہ کی بہتر طریقہ سے رہنمائی ہو سکے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم رانا
چیف ایڈیٹر ریسرچ جرنل العرفان

آیات احکام کی تفسیر عہد نبوی اور عہد صحابہ میں

☆محمد الیاس اعظمی

Abstrect

Quran is the first source of law in Islam and the Sunah (The way of prophet PSBH) has the value as explanator of the holy Quran also has the status of Legislation. That's why where God gives the order of his obedience to the believers has also given the order of obedience of prophet PSBH on permanent bases.

At the descending of the Holy Quran the first Addressers of the holy Quran were the companions.If they faced any problem or they needed any guidance they contacted prophet PSBH.He PSBH explained it to them by his saying or by his action which is remembered as (Hadith or Sunnah)His way of explanation was he PSBH use to recite the verse of Holy Quran relating to the matter and then explained it or First explain the matter then recite the verse relating to the matter .

After prophet PSBH left this world if companions faced any matter and needed explanation on it they contacted the Grand Companions especially the Jurisdictive companions .so the series of the explanation of the Quran with hadith which was started from the period of prophet PSBH is still continued till today and will continue till the day of judgment . This all process is explained in the following article

Keywords: Quran, Jurisdictive companions, verse, explanation,

قرآن مجید دنیائے انسانی کی طرف سے آخری الوہی ضابطہ ءحیات ہے، جو خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر عربی میں نازل کیا گیا۔ مگر اس کا پیغام عرب و عجم سے تو تعلق رکھنے والے ہر فرد بشر کی طرف ہے۔ عربی اُم الالسنۃ ہونے کے ساتھ معانی و مطالب کے اعتبار سے اپنے دامن میں بڑی وسعت رکھنے والی زبان بھی ہے۔ اس لئے بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بعض اہل زبان کو بھی کئی لفظب کے معنی کے تعین کے لئے مشکل کا سامنا کرنا پڑھتا ہے۔ جب عام عربی کلمات کا معاملہ ایسا ہے تو قرآن مجید جو کلام الہی ہے، اس کے نظم و کلمات کا عالم کیا ہو گا؟

☆ لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، منہاج یونیورسٹی، لاہور

چنانچہ ذہنِ انسانی میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ قرآنیات کے کسی طالب علم کو ایسی صورت حال کا سامنا کرنا پڑے تو وہ کس ذریعے سے اس مشکل سے خلاصی پائے۔ عربی لغات بھی اس مسئلہ کو حل کرنے میں ناکام نظر آتی ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جب قرآنی آیات کے ذریعے بعض احکام پہنچے تو انہیں بھی اہل زبان ہونے کے باوجود قرآنی اجمال کی تفصیل پوچھنے کی ضرورت محسوس ہوئی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اسفسارات پر قرآن کریم کے اجمالی احکام کی تفصیل بیان فرمائی، اس سے معلوم ہوا کہ قرآن مجید کے مفسر اول حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے: اس لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جابجا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور اطاعت کرنے کا حکم دیا ہے۔ آئندہ سطور میں اسی سوال کا جواب تلاش کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بحیثیت مفسر منہج تفسیر کیا تھا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اسلوب تفسیر جنہوں نے نزول قرآن کا مقدس دور دیکھا تھا، جن کی مادری زبان بھی عربی تھی۔ صحابہ کرام کو یہ سعادت بھی حاصل ہوئی کہ جب قرآن فہمی میں انہیں کوئی الجھن پیش آتی تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسفسار کرتے تو آپ اپنی مبارک زبان سے اس کی وضاحت فرمادیتے تھے۔ اس لیے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مناصب جلیلہ میں سے ایک منصب قرآن مجید کے مفسر و ترجمان اور مبین کا بھی تھا خود قرآن اس منصب نبوت کا تذکرہ یوں کرتا ہے:

وَاَنْزَلْنَا اِلَيْکَ الذِّکْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِ۔[1]

"اور (اے نبیِ مکرّم!) ہم نے آپ کی طرف ذکرِ عظیم (قرآن) نازل فرمایا ہے تاکہ آپ لوگوں کے لیے وہ (پیغام اور احکام) خوب واضح کر دیں جو ان کی طرف اتارے گئے ہیں۔"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے رفیق اعلیٰ سے مل جانے کے بعد جب فتوحات کے نتیجہ میں اسلامی ریاست کا دائرہ وسیع ہوا اور تمدن میں وسعت پیدا ہونے لگی تو دینی احکام کے حوالے سے نئی نئی صورتیں پیش آنے لگیں نئے مسائل پیدا ہوئے تو آیاتِ احکام کے مطالعہ میں بھی وسعت پیدا ہونے لگی۔ قرآن مجید سے نو پیدا مسائل کا حل نکالنے کے لیے غور و فکر کی نئی جہتیں سامنے آنے لگی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن مجید کی وہی تفسیر بیان کرتے تھے جو انہوں نے بالواسطہ یا بلاواسطہ زبان رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی یا جس آیت کا سبب نزول وہ جانتے تھے یا غور و فکر کے نتیجہ میں بطریق اجتہاد ان پر منکشف ہوتی تھی۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کے قدسی صفات گروہ میں جن خوش نصیب حضرات کو کلام الٰہی کے فہم میں خصوصی امتیاز حاصل تھا۔

عہد صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد تابعین رحمہم اللہ کا دور شروع ہوتا ہے تو اس دور میں مجاہد رحمۃ اللہ علیہ، عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ، سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ، حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ، ابو العالیہ رحمۃ اللہ علیہ، ضحاک رحمۃ اللہ علیہ، اور قتادہ رحمۃ اللہ علیہ جیسے اصحاب فضل و کمال کی سعی و کاوش سے علم تفسیر کو عروج ملا۔ دور تابعین ہی کو یہ شرف حاصل ہوا کہ اس دور میں پہلی مرتبہ تفسیر ایک مدون صورت میں منظر عام پر آئی پروفیسر غلام احمد حریری، میزان الاعتدال علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے لکھتے ہیں:

"غالباً سب سے پہلے اس فن کی جس نے ابتداء کی وہ سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ عبد الملک بن مروان رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے تفسیر لکھنے کی درخواست کی چنانچہ انہوں اس کی فرمائش کے مطابق تفسیر لکھ کر دربار خلافت میں بھیج دی۔ عطاء بن دینار رضی اللہ عنہ کے نام سے جو تفسیر مشہور ہے وہ در حقیقت یہی تفسیر ہے۔" (2)

فن تفسیر نگاری کا آغاز تو تفسیر بالماثور سے ہوا تھا۔ مگر وقت گزرنے کے ساتھ جب مختلف علوم و فنون کا ذوق رکھنے والے علماء نے اس میدان میں قدم رکھا تو پھر ہر عالم نے اپنے علمی ذوق کے مطابق قرآن کی تفسیر کی تو اس طرح سے اس علم میں وسعت پیدا ہوتی چلی گئی۔ امام جلال الدین سیوطی (م ۸۴۹ھ۔۹۱۱ھ) اس امر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ہماری آسمانی کتاب قرآن کریم تمام علوم کا سرچشمہ اور آفتاب علوم کا مطلع ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر چیز کا علم فراہم کر دیا ہے اور اس کو ہدایت و گمراہی دونوں باتوں کے واضح بیانوں سے بھر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ایک فن کا ماہر اسی سے مدد لیتا اور اپنے مسائل کی تحقیق میں اسی پر اعتماد کیا کرتا ہے۔ فقیہ اس سے احکام کا استنباط کرتا ہے اور حلال و حرام کے مسائل نکالتا ہے، تو نحوی اس کی آیتوں پر اپنے قواعد اعراب کی بنیاد رکھتا ہے اور غلط و صحیح کلام کا امتیاز کرتا ہے۔ اور علم بیان کا ماہر بھی خوبی بیان اور عبادت آرائی میں اس کی روش پر چلتا نظر آتا ہے گذشتہ قوموں کی تواریخ اس میں موجود ہے اور پند و نصائح کا وہ ذخیرہ رکھتی ہے جس سے اہل دل اور صاحب نظر اشخاص عبرت و نصیحت حاصل کرتے ہیں۔" (3)

خلاصۂ کلام یہ کہ جو بھی عالم کسی فن میں ممتاز تھا اس نے اپنے فن کے قالب میں قرآن کریم کی تفسیر کی یوں تفسیری تصانیف کا ایک بڑا ذخیرہ معرض وجود میں آگیا۔ اس طرح اگر علوم و فنون کے اعتبار سے کتب تفسیر کو تقسیم کیا جائے تو درج ذیل اہم ترین قسمیں قرار پاتی ہیں:

فقہی تفاسیر:

وہ تفاسیر جن میں قرآن مجید کی صرف ان آیات کی تفسیر بیان کی گئی ہے جن سے کوئی نہ کوئی فقہی مسئلہ مستنبط ہوتا ہے جیسے احکام القرآن، ابو بکر رازی، احکام القرآن قاضی یحیٰ بن کثم وغیرہ۔

ادبی تفسیر:

تفسیر کی وہ کتب جن میں قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے اس کا معجز و بے نظیر ہونا ثابت کیا گیا ہے ایسی تصانیف میں وہ سب کتب تفسیر شامل ہیں جن میں قرآن مجید کی حقیقت و مجاز، تشبیہات و استعارات بدائع وصنائع وغیرہ پر بحث کی گئی ہے۔ جیسے تفسیر الکشاف وغیرہ۔

تاریخی تفسیر:

وہ کتب تفسیر جن میں قرآن مجید میں مذکور انبیاء سابقین اور دیگر بزرگوں کے قصص وواقعات کی تفصیلات کو بیان کیا گیا ہو۔ سابقہ اقوام پر آنے والے عذابات ان کے تاریخی احوال کا بیان بھی تاریخی تفسیر کے ضمن میں ہی آتا ہے۔ تفسیر روح البیان کا شمار ایسی تفاسیر میں ہی ہوتا ہے۔

نحوی تفسیر:

قرآن مجید کے نحوی مسائل اور اعراب اور وجوہِ اعراب سے متعلق لکھی جانے والی تفاسیر جیسے محمود درویش کی اعراب القرآن وغیرہ اسی قبیل سے ہیں۔

لغوی تفسیر:

قرآن کے مفردات وکلمات، ان کے معانی، قرآنی اشباہ ونظائر اور ان کی تحقیق پر مشتمل کتب تفسیر قرآن مجید کی لغوی تفسیر کہلاتی ہیں۔ اس سلسلہ میں لغات القرآن ابو عبیدہ، المفردات فی غریب القرآن امام راغب اصفہانی کی مشہور ومتداول ہیں۔

کلامی تفسیر:

قرآن مجید کی وہ آیات جن میں عقائد سے متعلق امور بیان ہوتے ہیں ان کے مباحث پر مشتمل کتب کلامی تفسیر کہلاتی ہیں۔ امام رازی کی تفسیر کا بڑا حصہ تفسیر کی اسی قسم پر مشتمل ہے۔[4]

فقہی تفسیر کا تاریخی پس منظر

تفسیر کی جملہ اقسام جن کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان میں سے تفسیر احکام کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنی خود قرآن کی تاریخ پرانی ہے۔ اس لیے کہ جب قرآن مجید نازل ہو رہا تھا تو جو احکام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لیے دقت فہم کا باعث بنتے تو وہ ان کے بارے میں براہِ راست سوال کر کے اپنی مشکل حل کر لیتے تھے۔ جیسا کہ شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین کے درمیان فروعات میں اختلاف کے اسباب کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> "واضح ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں علم فقہ بحیثیت فن مدون نہ تھا اور نہ اس وقت احکام کے بارے میں بحث کا وہ طریقہ تھا جو بعد میں رائج ہوا کہ فقہاء اپنی تمام تر صلاحیتیں صرف کر کے مدلل طور پر کسی حکم کے ارکان وشرائط وآداب بیان کرتے ہیں فرضی مسائل سامنے رکھ کر ان پر بحث کرتے ہیں اور اشیاء کی جامع مانع تعریف بیان کرتے اور جن امور پر کسی مسئلہ کا انحصار ہے اسے واضح کرتے ہیں وغیرہ۔"[5]

واقعہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول یہ تھا کہ آپ وضو فرماتے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کا طریق وضو دیکھ کر اسے اختیار کر لیتے بغیر اس کے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بتاتے کہ فلاں کام وضو میں لازمی ہے اور فلاں کام بہتر ہے۔ اسی طرح

آپ نماز پڑھتے اور صحابہ کرام آپ کو نماز پڑھتے دیکھتے اور جس طرح آپ ﷺ نماز پڑھتے اسی طرح خود بھی ادا کرتے ، نیز انہوں نے جس طرح آپ کو حج کرتے دیکھا اسی طرح خود بھی حج کرنے لگے۔ حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

"صحابہ رضی اللہ عنہم صرف وہی سوالات پوچھتے جو سود مند ہوں یعنی بے فائدہ سوالات نہیں کرتے تھے۔"

نبی اکرم ﷺ قرآن مجید کے مفسر اول

قرآن مجید نبی اکرم ﷺ کے منصب نبوت کو مختلف پیرایہ میں یوں واضح کرتا ہے:

وَمَا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ(6)

"اور ہم نے آپ کی طرف کتاب نہیں اتاری مگر اس لیے کہ آپ ان پر وہ (اُمور) واضح کر دیں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں اور (اس لیے کہ یہ کتاب) ہدایت اور رحمت ہے اس قوم کے لیے جو ایمان لے آئی ہے۔"

مزید ارشاد فرمایا:

"إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللَّهُ"(7)

"(اے رسولِ گرامی!) بے شک ہم نے آپ کی طرف حق پر مبنی کتاب نازل کی ہے تاکہ آپ لوگوں میں اس (حق) کے مطابق فیصلہ فرمائیں جو اللہ نے آپ کو دکھایا ہے۔"

مذکورہ آیات کی روشنی میں نبی کریم ﷺ کے منصب نبوت میں یہ بات بھی شامل تھی کہ آیاتِ کتاب اور احکام الٰہیہ کو کھول کھول کر اور پوری وضاحت کے ساتھ امت تک پہنچا دیں۔ گویا کہ قانونی اعتبار سے نبی کریم ﷺ کی نبوت کی دو جہتیں تھیں یا یہ کہ آپ کی درج ذیل دو حیثیتیں تھیں:

۱۔ نبی کریم ﷺ کی تشریحی حیثیت

۲۔ نبی کریم ﷺ کی تشریعی حیثیت

سنت و سیرت نبویہ کی تشریحی حیثیت پر بحث کرتے ہوئے عصر حاضر کے عظیم مسلم مفکر پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری رقمطراز ہیں:

"تشریحی جہت کے اعتبار سے سنت و سیرتِ نبوی ﷺ قرآن کی شارح ہوتی ہے اور وہ احکام الٰہی کے صحیح منشاء و مراد کو واضح کرتی ہے، اور اس کی تفصیلات و جزئیات متعین کرتی ہے۔ جس کی مختلف صورتیں سامنے آتی ہیں مثلاً:

۱۔ تخصیص العام، مثلاً آیۃ الجلد کی بیان کردہ حد زنا میں الزانی اور الزانیہ کے مفہوم کی تخصیص اور قرآن کے حکم وصیت پر ایک تہائی حصہ جائیداد کی تخصیص۔

۲۔ بیان مجمل، مثلاً مفہوم صلوۃ، تعداد رکعات اور تفصیل اوقات وغیرہ کا بیان.

۴۔ استثناء، مثلاً حرمت میتۃ میں مچھلی اور ٹڈی کا استثناء اور غسل رجلین کے حکم میں."

مسح علی الخفین" کا استثناء۔

۵۔ زیادہ، مثلاً حد زنا کے ساتھ قید یا جلاوطنی (تغریب عام) کا اضافہ اور جمع بین الاختین کے حکم پر پھوپھی بھتیجی اور خالہ بھانجی کی ممانعت کا اضافہ ۔

۶۔ تقیید المطلق، مثلا حد سرقہ کے لیے نصاب کی قید اور قطع ید کے لیے مفہوم حد کا تعین۔

۷۔ توضیح مشکل، وقت سحری کے ضمن میں بیاض النہار اور سواد اللیل کے مفہوم کی توضیح۔"[8]

سنت وسیرت نبویہ کی مندرجہ بالا تشریحی صورتوں کی حدیث سے مثالیں درج ذیل ہیں:

تخصیص العام:

"عن عبادة بن الصامت أن النبيﷺ قال: خذوا عنى، قد جعل الله لهن سبيلا، البكر بالبكر جلد مائة ونفى سنة، والثيب بالثيب جلد مائة والرجم-"[9]

"حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھ سے احکام سیکھ لو، اللہ تعالی نے بدکار عورت کے معاملہ میں سبیل پیدا کر دی ہے کہ زنا کرنا والے غیر شادہ شدہ (مرد و عورت) کو سو کوڑے لگائے جائیں اور ملک بدر کر دیا جائے۔ جبکہ شادی شدہ (مرد و عورت دونوں کو) سو کوڑے اور رجم کیا جائے گا۔"

اگر ان دونوں میں سے ایک غیر شادی شدہ ہے۔ تو اس کو سو کوڑے لگائے جائیں گے۔ ایک اور روایت کچھ اس طرح ہے:

"عن على حين رجم المرأة يوم الجمعة أنه قال رجمتها بسنة رسول اللهﷺ، وفى رواية: وجلدتها بكتاب الله." [10]

"حضرت علی سے روایت ہے کہ جب انہوں نے جمعہ کے دن ایک عورت کو رجم کیا تو فرمایا: کہ میں نے اس کو سنت کے مطابق رجم کیا ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ میں نے اس کو کتاب اللہ کے مطابق کوڑے لگائے ہیں۔" ایک اور روایت میں تخصیص العام کا عنصر کچھ اس طرح ہے:

''قول الرسول لسعد حين قال: أوصى بمالي كله؟ قال لا. قال: فالنصف؟ قال لا، قال: فالثلث ؟ قال: الثلث والثلث كثير.'' (11)

بیان مجمل:

''قد جاءت صفة الصلاة مجملة بينها النبيﷺ بأفعاله واقواله حين قال: ''صلوا كما رأيتموني أصلي.'' أخرجه البخارى فى الحديث لمالك بن الحويرث-'' (12)

''نماز کا حکم مجمل آیا تھا جس کو نبی اکرم ﷺ نے اپنے اقوال و افعال (سنت) کے ذریعے اس وقت واضح فرمادیا جب آپ نے یہ فرمایا:''اس طرح نماز پڑھو جس طرح مجھے نماز پڑھتا دیکھتے ہو۔اس کو بخاری نے روایت کیا ہے۔ ''

''عن أنس أن النبيﷺ قال: ''فى سائمة الغنم الزكاة-''(13)

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سائمہ بکریوں میں زکوۃ (واجب) ہے۔''

إستثناء:

''عن عبدالرحمن بن زيد بن اسلم عن ابيه عن ابن عمر عن النبيﷺ قال: احلت لنا ميتتان ودمان الحوت والجراد والكبد الطعال -رواه ابن ماجه، كتاب الأطعمة(14)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں: کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارے لئے دو مردار اور دو خون حلال کر دیئے گئے ہیں۔ مچھلی اور ٹڈی، جگر (کلیجی) اور تلی۔ اس حدیث کو ابن ماجہ نے کتاب الاطعمہ میں روایت کیا ہے۔

''عن جرير بن عبد الله البجليّ قال: رأيت رسول الله ﷺ بال، ثم توضأ ومسح على خفَيه.''(15)

''حضرت جریر بن عبد اللہ بجلی روایت کرتے ہیں: میں نے آپ ﷺ کو دیکھا آپ نے بول کیا پھر وضو کیا فرمایا پھر موزوں پر مسح کیا۔''

زیادت:

''عن عبادة بن الصامت عن أبى هريرة أن رسول الله ﷺ قال: لا يُجمع المرأة و عمتها، ولا بين المرأة وخالتها-'' (16)

"حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بھتیجی اور پھوپھی نیز بھانجی اور اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع نہ کیا جائے۔"

تقیید مطلق:

"عن عائشة قالت: قال النبیﷺ تقطع اليد فی ربع دينار فصاعدا."[17]

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ (کم از کم) چوتھائی دینار یا اس سے زائد (کی چوری کی صورت میں) ہاتھ کاٹا جائے گا۔"

"عن عمرو بن شعيب قال: أتي النبیﷺسارق فقطع يده من مفصل الكف."[18]

"عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک چور لایا گیا تو اس کا ہاتھ کلائی سے کاٹا گیا۔"

توضیح مشکل:

"قال عدي بن حاتم : لما نزلت تلك الآية قلت: يا رسول الله ﷺ إنی أجعل تحت وسادتی عقالين عقالا أبيض وعقالا اسود أعرف الليل من النهار، فقال رسول اللهﷺ"إن وسادك لعريض، إنما هو سواد الليل وبياض النهار."[19]

"عدی بن حاتم کہتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو میں نے حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں اپنے تکئے کے نیچے دو دھاگے رکھ لیتا ہوں ایک سفید دھاگہ اور ایک سیاہ دھاگہ اس سے میں دن اور رات کا امتیاز کرلوں گا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا تکیہ تو چوڑا ہے ساہی اور سفیدی سے مراد تورات کی تاریکی اور دن کی روشنی ہے۔"

پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری سنت و سیرت نبویہ کی تشریحی حیثیت واضح کرنے کے بعد سنت و سیرت نبویہ کی تشریعی حیثیت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

"اس سے مراد شریعت اسلامیہ کی وہ تشریع اور حکم سازی ہے جو قرآن مجید سے نہیں بلکہ براہ راست سنت نبوی ﷺ سے عمل میں آئی ہے پہلی نسبت سے حضور ﷺ شریعت اسلامی کے شارح ہیں اور اس نسبت سے شارعِ اسلام میں بہت سے احکام شرعی ایسے ہیں جو قرآن مجید میں وارد نہیں ہوئے وہ حضور ﷺ نے خود ارشاد فرمائے اور صرف احادیث مبارکہ کے ذریعے سے ثابت ہوئے مثلاً "کفارۂ صوم" مردوں کیلیے سونے اور ریشم کی حرمت وغیرہ۔"[20]

ان احکام شرعیہ کو بھی درج ذیل اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

۱۔ تشریع امر:

اس سے مراد وہ شرعی احکام ہیں جن کے کرنے کا حکم صرف براہ راست فرمانِ رسول ﷺ سے ثابت ہے جیسے مسواک کرنا۔

۲۔ تشریع نہی:

بعض اشیاء و اعمال کا براہ راست سنت سے حرام ٹھہرایا جانا مثلا مردوں کے لیے ریشم اور سونے کے زیور وغیرہ۔

۳۔ تشریع جنائی:

وہ احکام شرعیہ جو اصلا قرآن مجید میں مذکور نہ تھے اور ان کی تشریع براہ راست سنتِ نبوی ﷺ سے ہوئی مثلا حد شراب، حرمت شراب کا حکم قرآن میں تھا لیکن اس کی سزا قرآن نے نہیں بلکہ سنت نبوی ﷺ نے متعین کی جو اسی ۸۰ کوڑے ہیں۔ حد رجم شادی شدہ مرد و عورت کیلئے سزائے زنا۔ حد ارتداد مرتد کی سزائے موت بھی سنت نبوی ﷺ سے متعین ہوئی ہے۔

۴۔ تشریع سبب:

وہ حکم جو کسی دوسرے قانونی فعل کے سبب سے وجود میں آیا ہو اس کی تشریع بھی سنت نبوی ﷺ سے ہوئی مثلاً قاتل کا مقتول کی وراثت سے محروم ہونا۔

۵۔ تشریع کفارہ:

اس کی مثال کفارہ صوم ہے ساٹھ مسلسل روزے یا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا ہے۔

۶۔ تشریع شہادت:

مقدمات میں عدالتی ضابطہ جات اور شہادات کے قوانین مثلاً: ''البینة علی المدعی والیمین علی من انکرہ''

سو اسلام اور احکام شریعت کو کاملاً سمجھنے اور ان پر صحیح عمل کرنے کے لیے قرآن و سیرت و سنت لازم و ملزوم اور ناگزیر ہیں۔ دو میں سے کسی ایک کی بھی حجیت و ضرورت شرعی کا انکار دینِ اور شریعت اسلامی کو نامکمل اور ناقابل عمل بنادے گا۔ (21)

نبی اکرم ﷺ کا اسلوب تفسیر:

نبی اکرم ﷺ کا اسلوب تفسیر ایسا نہ تھا جیسا کہ عام مفسرین کرام کا ہے یہ کہ پہلے مفرداتِ قرآن کے معانی بیان کئے جائیں یا وجوہ اعراب کو بیان کیا جائے یا یہ کہ ربط بین الآیات ظاہر کیا جائے۔ بلکہ آپ ﷺ کا کسی بھی آیت کریمہ

کی تفسیر بیان کرنے میں عمومی طریقہ یہ تھا کہ آپ ﷺ کوئی مسئلہ بیان فرمادیتے اور آخر میں آیت پڑھ دیتے۔ اس طرح وہ آیت اس مسئلہ کے لیے دلیل بن جاتی اور وہ مسئلہ آیت کی تفسیر بن جاتا۔ (22)

اس کی مثال ملاحظہ ہو، امام بخاری اپنی صحیح میں سورۃ اللیل کی تفسیر میں ایک روایت نقل کرتے ہیں:

عن علی قال کنا فی جنازۃ فی بقیع الغرقۃ فاتانا رسول اللہ ﷺ فقعدو قعدنا حولہ ومعہ محضرۃ فنکس فجعل ینکث بمحضرتہ ثم قال: مامنکم من احد اوما من نفس منفوسۃ الاقد کتب مکانھا من الجنۃ والنار والا قد کتبت شقیۃ او سعیدۃ. فقال رجل: یارسول اللہ ﷺ افلا نتکل علی کتابنا وندع العمل؟ فمن کان منامن اھل السعادۃ فسیصیر الی اھل السعادۃ ومن کان منا اھل الشقاء فسیصیر الی عمل اھل الشقاء. ثم قال: اما اھل السعادۃ فیسیرون لعمل اھل السعادۃِ واما اھل الشقاوۃ فیسیرون لعمل اھل الشقاء ثم قرأ: فاما من اعطی واتقی وصدق بالحسنیٰ(23)

"حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم بقیع میں ایک جنازہ میں حاضر تھے تو حضور ﷺ ہمارے پاس آئے اور تشریف فرما ہو گئے تو ہم بھی آپ ﷺ کے ارد گرد بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ کے پاس آپ کی چھڑی تھی آپ نے اس کو رکھا پھر اپنی چھڑی کے ساتھ زمین کریدنا شروع کر دی پھر ارشاد فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک شخص یا نفس کا ٹھکانہ پہلے سے لکھ دیا گیا ہے کہ جنتی ہو گا یا دوزخی ہو گا۔ سعادت مند ہے یا شقی ہے تو اس پر ایک صحابی نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ پھر ہم اپنے نوشتہ پر بھروسہ کر کے بیٹھ جائیں؟ جو سعادت مند ہے وہ از خود سعادت مند بن جائے گا اور جو شقی ہے وہ از خود شقی بن جائے گا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اہل سعادت کو نیک اعمال کی توفیق ملتی ہے اور اہل شقاوت کا میلان برے اعمال کی طرف ہوتا ہے پھر آپ ﷺ نے سورۃ اللیل کی یہ آیات تلاوت فرمائیں۔ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی، وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰی، فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی" پس جس نے (اپنا مال اللہ کی راہ میں) دیا اور پرہیز گاری اختیار کی۔ اور اس نے (اِنفاق و تقویٰ کے ذریعے) اچھائی (یعنی دینِ حق اور آخرت) کی تصدیق کی۔ تو ہم عنقریب اسے آسانی (یعنی رضائے الٰہی) کے لیے سہولت فراہم کر دیں گے۔"

ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں:

"فقال: اعملوا فکل میسربما خلق لہ۔"(24)

"عمل کئے جاؤ، ہر شخص کے لیے وہی عمل آسان کیا جاتا ہے جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔"

اسی طرح سورۂ انعام کی آیت کریمہ ہے:

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا اِیْمَانَھُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِکَ لَھُمُ الْاَمْنُ وَھُمْ مُّھْتَدُوْنَ ۔[25]

"جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک) کے ظلم کے ساتھ نہیں ملایا انہی لوگوں کے لیے امن (یعنی اخروی بے خوفی) ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں۔"

یہ آیت کریمہ سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تشویش ہوئی کہ ہم میں سے کون ہے؟ جس نے اپنے آپ پر ظلم نہ کیا ہو چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور اپنی تشویش کا ماجرا عرض کیا۔

جامع ترمذی میں ہے:

عن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال لما نزلت ''الَّذِینَ آمَنُوا وَلَمْ یَلْبِسُوا إِیمَانَھُم بِظُلْمٍ'' فشق ذلک علی المسلمین فقالوا یارسول اللہ وایتا لم یظلم نفسہ؟ قال لیس ذلک انما ھو الشرک الم تسمعوا ماقال لقمان لابنہ یابنی لا تشرک باللہ ان الشرک لظلم عظیم [26]

حضرت عبد اللہ ابن مسعود فرماتے ہیں:

"جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بہت پریشان ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی ''أینا لم یظلم نفسہ؟'' ہم میں سے کون ہے جس نے اپنے آپ پر ظلم نہ کیا ہو؟ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہاں ظلم سے مراد گناہ نہیں بلکہ شرک ہے کیا تم نے یہ نہیں سنا جو لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا: اے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر، بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔"

مذکورہ بالا دونوں مثالوں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسلوب تفسیر بڑا واضح ہو کر سامنے آتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی آیت کی تفسیر اور معنی و مفہوم کو واضح کرتے ہوئے لغت و اعراب بیان کرنے کی بجائے اس میں بیان شدہ مسئلہ کو بڑے ہی نرالے انداز میں ارشاد فرما دیتے تھے جیسا کہ موخر الذکر آیت میں ظلم کا معنی ''ھو الشرک'' سے واضح کرنا ہے۔

تفسیر آیات الاحکام دورِ صحابہ میں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا دور آیا بالخصوص خلافت راشدہ کے دور میں اسلامی حکومت حدود عرب سے نکل کر عجم تک پھیل گئی تو اسلامی معاشرے میں وسعت پیدا ہوتی چلی گئی۔ تہذیب و تمدن میں بھی وسعت پیدا ہوئی۔ لوگ کشاں کشاں اس نئی تہذیب میں داخل ہو کر اسلام کے دامن سے وابستہ ہونے لگے۔ اس طرح مختلف مسائل حیات سامنے آئے۔ مختلف اقوام سے وابستہ لوگ جب اپنے مذہب کو چھوڑ کر مسلمان ہوئے، دینی احکام کی مختلف انواع کی نئی نئی صورتیں پیش آئیں تو اس طرح قرآن مجید کی آیات احکام پر غور و فکر کرنے کا سلسلہ شروع ہوا تاکہ پیش آمدہ مسائل میں ہدایت ربانی کے سرچشمہ سے راہنمائی لی جائے۔ اس دور میں صحابہ کرام کا گروہ ایک ایسا مقدس طبقہ تھا جس نے قرآن مجید کا فہم براہ راست بارگاہِ نبوت سے حاصل کیا۔ جب بھی کوئی آیت نازل ہوتی

یا کوئی حکم دیا جاتا تو اگر صحابہ کرام کو وہ سمجھ میں نہ آتا تو وہ نبی کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو جاتے اور اپنی مشکل پیش کرتے تو آپ ﷺ ان کی راہنمائی فرما دیتے تھے۔ اس طرح انہیں احکام قرآن پر عمل کرنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی تھی۔

یہ ایک بدیہی امر ہے کہ تمام انسان ذہانت و فطانت میں برابر نہیں ہوتے بلکہ تخلیقی طور پر ان صفات میں تفاوت و فرق پایا جاتا ہے۔ صحابہ کرام بھی زمرہ انسانی سے ہی تعلق رکھتے تھے۔ اس لیے یہ عوارض ان میں بھی پائے جاتے تھے، بعض لوگوں کی ذہنی سطح بہت بلند اور اونچی تھی جبکہ بعض کی ذہانت و فطانت اس درجہ کی نہ تھی، اسی امر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے علامہ ذہبی لکھتے ہیں:

ولواننا رجعنا الی عهد الصحابة لوجدنا انهم لم یکونوا فی درجة واحدة بالنسبة لفهم معانی القرآن، بل تفاوتت مراتبهم۔[27]

"سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فہم قرآن میں برابر نہ تھے۔ بلکہ اس معاملے میں ان کے مراتب میں فرق پایا جاتا تھا۔"

یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ صحابہ کرام اہل زبان بھی تھے اور نزول قرآن کے عینی شاہد اور نزول قرآن کے ماحول سے پوری طرح آگاہ بھی تھے۔ لیکن انہوں نے قرآن فہمی کے لئے اپنی زبان دانی اور مہارت پر اعتماد نہیں کیا بلکہ انہوں نے صاحب قرآن سے سبقاً سبقاً قرآن پڑھا اور اس کے مطالب و معانی، اسرار و رموز سے اپنے دامنوں کو بھرا۔ فہم قرآن میں صحابہ کرام کا شوق اور ان کے لگن کا اندازہ لگانا ہو تو مشہور تابعی حضرت امام ابو عبد الرحمن سلمیؒ کے اس قول کو پڑھیں:

"حدثنا الذین کانوا یقرء ون القرآن لعثمان بن عفان وعبد الله بن مسعود وغیرهم انهم کانوا اذا تعلموا من النبی ﷺ عشر آیات لم یتجاوزوها حتی یعلموا ما فیها من العلم والعمل۔"[28]

"ہم سے ان لوگوں نے بیان کیا ہے، جو قرآن مجید پڑھتے اور پڑھاتے تھے، جیسے عثمان بن عفان، عبد اللہ بن مسعود وغیرہ کہ وہ جب نبی اکرم ﷺ سے قرآن مجید کی تعلیم حاصل کیا کرتے تھے اور دس آیتیں سیکھ لیتے تھے تو اس وقت تک اس سے آگے نہیں بڑھتے تھے جب تک یہ نہ جان لیتے تھے کہ ان سیکھی ہوئی آیتوں میں عمل اور علم کے فہم سے متعلق کیا باتیں موجود ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے قرآن، علم اور عمل سب کچھ ایک ساتھ سیکھا ہے۔"

امام مالک نے حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے متعلق ایک روایت نقل کی ہے:

"انه بلغه ان عبد الله بن عمر مکث علی سورة البقرة ثمانیة سنین یتعلمها۔"[29]

امام مالک فرماتے ہیں) انہیں خبر پہنچی ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر آٹھ سال تک سورۃ بقرہ کے معانی و مطالب سیکھتے ہیں۔"

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے جس ذوق و شوق کے ساتھ ہادی عالم ﷺ سے قرآن مجید سیکھا تھا پھر اسی جذبہ و شوق کے ساتھ اس کو آگے پہنچانے کا فریضہ بھی سر انجام دیا۔ تمام امت اس امر پر متفق ہے کہ قرآن مجید اور احادیث نبویہ کے بعد تفسیر قرآن کا اہم ترین اور قابل اعتماد ذریعہ و مآخذ اقوال صحابہ ہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طریق تفسیر:

کتب حدیث میں منقول تفسیر قرآن سے متعلق صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی تفسیری آراء کا مطالعہ کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ کسی آیت قرآنی یا کلمہ قرآنی کی تفسیر و معنی بیان کرنے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم زیادہ کرید نہیں کیا کرتے تھے اور نہ ہی وہ بال کی کھال اتارنے کے درپے ہوا کرتے تھے۔ قرآن مجید کی تفسیر کے متعلق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کس قدر محتاط تھے؟ اس کا اندازہ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اس قول سے لگایا جاسکتا ہے۔ ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سورۂ عبس میں مذکور لفظ "ابًّا" کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے سائل کو جواب دیتے ہوئے فرمایا:

ایّ ارض تقلنی وایّ سماء تظلنی اذا قلت فی کتاب اللہ تعالی برأیی او بما لا اعلم.[30]

"کون سی زمین میرا بوجھ اٹھائے گی اور کون سا آسمان مجھ پر سایہ کرے گا جب میں قرآن مجید میں اپنی رائے سے کچھ کہوں یا صحیح علم کے بغیر کوئی بات کروں۔"

صحابہ میں سے یہ احتیاط اس ہستی کی ہے جو بارگاہ نبوت ﷺ کے سب سے بڑے فیض یافتہ تھے اور جن کو سفر و حضر میں صحبت نبوی کی سعادت ارزانی ہوئی تھی۔ ان سے سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا:

"ھو التکلف فما علیک ان لا تدریہ."[31]

"لفظ "اب" میں زیادہ کرید نہ کرو کہ یہ محض تکلف ہے۔"

۲۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کلماتِ قرآنی کی تحقیق کے لیے شعراء عرب کے کلام کی طرف بھی رجوع کرتے تھے۔ جیسا کہ حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خارجی سردار نافع بن الازرق کے سوالوں کے جواب میں شعراء جاہلیت کے کلام سے استشہاد کرتے ہوئے مفردات قرآنی کی تحقیق فرمائی۔

۳۔ صحابۂ کی تفسیر کا اولین مآخذ ارشادات نبویہ ہوتے تھے جو بلاشبہ حجت شرعیہ ہیں۔ چنانچہ سفر امین نبوت کی روشنی میں صحابہ کی تفسیر کا عام طور پر تعلق عقائد، احکام اور ناسخ و منسوخ کے علم کے ساتھ پیوستہ تھا۔

۴۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم غالب طور پر نزول قرآن کے مواقع اور اسباب نزول سے آگاہ ہوتے تھے اس لیے وہ ان امور کو سامنے رکھ کر قرآن مجید کی تفسیر بیان کرتے تھے۔ مثلاً سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے متعلق ایک روایت میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ ان کے بھانجے تھے عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

''ام المومنین اگر کوئی صفاو مروہ کے درمیان سعی نہ کرے تو کوئی حرج نہیں کیوں کہ قرآن مجید میں ہے:

''فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا.'' (32)

''اس میں کوئی حرج نہیں کہ ان (صفاو مروہ) کے درمیان چکر لگائے۔''

اس پر حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

''اے عزیز! تو نے غلط سمجھا ہے اگر یہ بات ہوتی جو تم کہہ رہے ہو تو یوں ارشاد ہوتا۔ ''فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا''یعنی چکر نہ لگانے میں کوئی حرج نہیں۔''

پھر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس آیت کے شان نزول کے حوالے سے وضاحت فرمائی کہ انصار مدینہ جو اسلام سے پہلے مناۃ کے لیے احرام باندھ کر آیا کرتے تھے اور صفا مروہ کے درمیان اساف اور نائلہ نامی دو بتوں کی بنا پر سعی کرنے میں حرج جانتے تھے۔ انہیں سمجھانے کے لیے فرمایا گیا ہے کہ صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کے دین کے شعائر ہیں جو شخص بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے اس پر کوئی حرج نہیں کہ وہ ان دونوں مقاموں کے درمیان سعی بھی کرے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے قرآن مجید کی ہمہ جہتی تفسیر منقول ہے۔ مطلب یہ کہ عقائد، احکام، اخلاق و آداب، معاشرت وغیرہ ہر حوالے سے تفسیری روایات ذخیرۂ حدیث میں موجود ہیں۔ روایت حدیث کی طرح تفسیر قرآن کے بارے میں بھی صحابہ کے دو طبقے تھے، ایک طبقہ وہ جو روایت حدیث کی طرح تفسیر قرآن بیان کرنے سے بہت گریز کرتا تھا، اس لیے کہ تفسیر میں بھی روایت سے کام لیا جاتا ہے یا عقل ورائے سے چنانچہ روایت کے معاملہ میں ان کے سامنے یہ ارشاد نبوی ہے:

''من كذب على متعمدا فليتبوا مقعده من النار''(33)

''جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔''

عقل ورائے سے تفسیر کرنے میں وہ اس لیے ڈرتے تھے ان کے سامنے یہ وعید تھی:

''من قال فى القرآن برايه فاصاب فقد اخطأ.''(34)

جو صحابہ کرام تفسیر قرآن بیان کرتے تھے ان کے سامنے یہ عظیم مقصد تھا کہ انہوں نے جو علم اور قرآن مجید کا فہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھا تھا وہ اسے لوگوں تک پہنچانا بہت ضروری سمجھتے تھے۔ ایسے لوگوں کے سامنے یہ ارشاد مبارک تھا:

''بلغوا عنى ولو آيه'' (35)

''میری طرف سے لوگوں تک پہنچادو چاہے وہ ایک ہی آیت (کا علم) ہو۔''

''رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ۔''(36)

''اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ لوگ اس پر راضی ہیں۔''

معروف مفسر صحابہ کرام:

۱۔سیدنا ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ	م ۱۳ھ
۲۔سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ	م ۲۳ھ
۳۔سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ	م ۳۵
۴۔سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ	م ۴۰ھ
۵۔سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ	م ۶۸ھ
۶۔سیدنا عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ	م ۳۲ھ
۷۔سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ	م ۲۰ھ / ۲۳ھ
۸۔سیدنا زید بن ثابت رضی اللہ عنہ	م ۴۵ھ
۹۔سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ	م ۱۷ھ / ۱۸ھ
۱۰۔سیدنا عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ	م ۶۵ھ
۱۱۔سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ	م ۲۳ھ
۱۲۔سیدتنا عائشہ الصدیقہ رضی اللہ عنہا	م ۵۷ھ
۱۳۔سیدنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ	م ۷۸ھ
۱۴۔سیدنا ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ	م ۴۲ھ / ۴۴ھ
۱۵۔سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ	م ۵۸ھ
۱۶۔سیدنا عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ	م ۷۲ھ
۱۷۔سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ	م ۹۰ھ
۱۸۔سیدنا ابو درداء رضی اللہ عنہ	م ۳۲ھ

وقت گزرنے کے ساتھ جب علوم و فنون کی مختلف دائروں میں تقسیم ہوئی اور پھر ان کے اصول و قواعد وضع کئے گئے تو اس کے ساتھ ہی ہر علم کے دائرۂ کار میں وسعت پیدا ہوتی گئی اور اس کے مختلف پہلوئوں اور گوشوں سے متعلق بحث ہونے لگی تو ایک ہی علم و فن سے کئی کئی شاخیں پیدا ہوئیں تو اس طرح وہ علم تدوین و ارتقاء کی منزلیں طے کرنے لگا۔ علمی ارتقاء کے اسی سفر میں علم تفسیر نے جب ارتقائی مراحل طے کئے تو اس کی ایک فرع ''تفسیر الاحکام'' قرار پائی۔ تفسیری ذوق رکھنے والے فقہاء کرام نے قرآن مجید کی فقہی آیات کی تفسیر بیان کرنے کا فریضہ اس خوبی کے ساتھ

انجام دیا کہ آج دنیا کا کوئی دوسرا مذہب اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر و عاجز ہے۔ ذیل میں ہم علماء اسلام کی تفسیر احکام کا ایک اجمالی تاریخی جائزہ پیش کرتے ہیں[37]

تفسیر احکام کا ارتقائی جائزہ:

1. احکام القرآن	امام محمد بن ادریس الشافعی	۲۰۴ھ
2. احکام القرآن	شیخ ابوالحسن علی بن حجر السعدی	۲۴۴ھ
3. احکام القرآن	قاضی ابو اسحاق اسماعیل بن اسحاق المالکی البصری	۲۸۲ھ
4. احکام القرآن	شیخ ابوالحسن علی بن موسیٰ القمی الحنفی	۳۰۵ھ
5. احکام القرآن	امام ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی	۳۲۱ھ
6. احکام القرآن	ابو محمد القاسم بن اصبع القرطبی النحوی	۳۴۰ھ
7. احکام القرآن	ابوالفضیل باقر بن محمد بن العلاء القشیری،	۳۴۴ھ
8. تلخیص احکام القرآن	منذر بن سعید البلوطی قرطبی،	۳۵۵ھ
9. احکام القرآن	امام ابو بکر احمد بن علی جصاص الرازی	۳۷۰ھ
10. احکام القرآن	ابو عباس احمد بن علی بن احمد الربعی الباغانی،	۴۰۱ھ
11. مختصر احکام القرآن	شیخ ابو محمد مکی بن ابی طالب	۴۳۷ھ
12. تلخیص احکام القرآن	ابو بکر احمد بن حسین البیہقی	۴۵۸ھ
13. احکام القرآن	امام ابوالحسن علی بن محمد المعروف الکیاہرسی شافعی	۵۰۴ھ
14. احکام القرآن	امام محمد بن عبداللہ الاندلسی (بمذہب مالک)	۵۴۳ھ
15. احکام القرآن	الشیخ عبدالمنعم بن محمد فرس الغرناطی	۵۹۷ھ
16. الجامع لاحکام القرآن	محمد بن احمد بن فرح القرطبی (مالکی)	۶۷۱ھ
17. القول الوجیز فی احکام الکتاب العزیز	شہاب الدین ابوالعباس احمد بن یوسف حلبی	۷۵۶ھ
18. تلخیص احکام القرآن	شیخ جمال الدین محمود بن احمد	۷۷۰ھ
19. رسالہ فی آیات الاحکام فی القرآن الکریم	شیخ علی بن شہاب ہمدانی	۷۸۶ھ
20. الثمرات الیانعۃ	یوسف بن احمد الثلائی زیدی	۸۳۲ھ

21. الاکلیل فی استنباط التنزیل	امام جلال الدین السیوطی	۹۱۱ھ
22. التفسیرات الاحمدیة فی بیان الآیات الشرعیه	الشیخ احمد جیون	۱۱۳۰ھ
23. تفسیر آیات الاحکام	شیخ محمد بن ناصر بن یحی عباسی آلہ آبادی،	۱۱۶۳ھ
24. نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام	نواب صدیق حسن خان بھوپالی	۱۲۰۷ھ
25. تفسیر آیات المواریث	شیخ محمد بن معین انصاری لکھنوی	۱۲۵۸ھ
26. تفسیر آیات الاحکام	علی بن دلدار علی المجتہد الشیعی لکھنوی	۱۲۵۹ھ
27. تقریب الافہام لتفسیر آیات الاحکام	مفتی محمد قلی بن حسین	۱۲۶۰ھ
28. تفسیر آیات الاحکام	شیخ عبد العلی بن پیر علی نگرامی حنفی	۱۲۹۶ھ
29. تفسیر آیات الاحکام	سید انور علی	۱۳۰۳ھ
30. احکام القرآن	امام ابن کثیر	۱۳۳۰ھ
31. تفسیر آیات الاحکام من کلام رب الانام	شیخ احمد حسن دہلوی	۱۳۳۸ھ
32. احکام القرآن	مولانا محمد جلال الدین قادی	۱۴۳۰ھ
33. تفسیر آیات الاحکام-	علامہ بزدوی،	۱۷۱۴ء
34. انوار الفرقان وازیاد القرآن	شیخ غلام نقشبندی لکھنوی	۱۷۱۴ء
35. ثواقب التنزیل فی امارہ التاویل	علی اصغر قنوجی	۱۷۲۸ء

ابن ندیم نے اپنی فہرست میں درج ذیل فقہی تفاسیر کا ذکر کیا ہے:

۳۶۔ کتاب احکام القرآن علی مذہب مالک

۳۷۔ کتاب احکام القرآن،	احمد بن معزل
۳۸۔ کتاب احکام القرآن بمذہب اہل عراق،	ابو بکر رازی
۳۹۔ کتاب مجرد احکام القرآن،	یحی ابن آدم
۴۰۔ کتاب احکام القرآن بروایت ابن عباسؓ	کلبی
۴۱۔ کتاب ایجاب التمسک باحکام القرآن،	یحی بن اکثم
۴۲۔ کتاب احکام القرآن،	ابو ثور ابراہیم بن خالد
۴۳۔ کتاب احکام القرآن،	داؤد بن علی

۴۴۔ کتاب الایضاح عن احکام القرآن

۴۵۔ کنز العرفان فی فقہ القرآن (شیعہ) مقداد بن عبد اللہ السیوری

۴۶۔ احکام الکتاب المبین، علی بن عبد اللہ بن محمود شفتکی

۴۷۔ شرح الخمس بایۃ آیۃ، حسین بن احمد النجری

۴۸۔ فقہ المرام شرح آیات الاحکام، محمد بن حسین بن قاسم.[38]

موجودہ دور میں قرآن مجید کی فقہی تفاسیر میں درج ذیل تفاسیر کے نام نمایاں ہیں۔

۴۹۔ روائع البیان تفسیر آیات الاحکام من القرآن، الشیخ محمد علی الصابونی

۵۰۔ تفسیرات الاحکام، محمد علی السایس، عبد الطیف السبکی، محمد ابراہیم کرسون

۵۱۔ تفسیرات الاحکام من سورۃ النساء، شیخ محمد الخانجی البوسنوی

۵۲۔ تفسیر آیات الاحکام، شیخ مناع القطان

۵۳۔ تفسیر آیات الاحکام، محمد بن علاء الدین

۵۴۔ منتخب احکام القرآن، مولوی علی بن جنگ بہادر خاں المانا باروی[39]

نتائج بحث

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جب قرآن مجید کی کسی مشکل مقام کو سمجھنے کی ضرورت پیش آتی تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رجوع کرتے اور اپنا مدعا پیش کرتے۔ اس پر آپ جو بھی راہنمائی فرماتے صحابۂ کرام اس پر عمل کرتے تھے۔ یہی ارشاداتِ نبویہ قرآن مجید کی "تفسیر نبوی" کہلاتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال مبارک کے بعد کبار صحابہ کے علاوہ جن صحابہ نے بھی آیات و کلماتِ قرآنی کے حوالے سے جو کچھ کہا اس کی دو صورتیں تھیں۔ پہلی یہ کہ جو کچھ انہوں نے زبان رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اس کو بیان کر دیا۔ جبکہ دوسری صورت یہ تھی کہ انہوں نے نبوی تعلیمات کی روشنی میں اپنے علم و فہم اور اجتہاد سے کام لیتے ہوئے آیات و کلماتِ قرآن کے مفہوم کو واضح کر دیا، اس طرح صحابہ کرام سے منقول تفسیر امت کو نصیب ہوئی۔

اسی طرح یہ حقیقت بھی ہمارے سامنے واضح ہو کر آتی ہے کہ عہد نبوی اور دورِ صحابہ میں قرآن مجید کی تفسیر بیان کرنے کا وہ اسلوب نہیں تھا جو آج کل ہمارے ہاں مروج ہے کہ پہلے کسی آیت کا شان نزول، بیان کا جاتا ہے۔ پھر کلمات کی لغوی تحقیق اور نحوی تراکیب اور آخر میں زیر بحث آیت میں مذکور احکام و مسائل کا ذکر کیا جاتا ہے۔ اس کے برعکس اس دور ہمایوں میں براہ راست متن قرآن کو آسان پیرائے میں بیان کر دیا جاتا ہے۔

پیشِ نظر مقالہ سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں:

i. قرآنِ مجید قلب محمدی پر نازل کیا گیا، اس لئے مفسر اول کی حیثیت بھی آپ کو ہی حاصل ہے۔

ii. نبی اکرم ﷺ کو تشریعی اور تشریحی دونوں حیثیتیں حاصل تھیں۔

iii. نبی اکرم ﷺ کا اسلوب تفسیر ایسا نہ تھا جیسا کہ عام مفسرین کا ہے، بلکہ آپ کا عمومی طریقہ یہ تھا کہ پہلے کوئی مسئلہ بیان فرمادیتے اور آخر میں آیت پڑھ دیتے تو اس طرح وہ آیت اس مسئلہ کی دلیل بن جاتی تھی۔

iv. صحابہ کرام کو فہم قرآن میں اگر کوئی مشکل پیش آتی تو وہ نبی اکرم ﷺ کو طرف رجوع کرتے تھے

v. بیان تفسیر کے لئے صحابہ کرام بالعموم وہی طریقہ اختیار فرماتے تھے جو نبی اکرم ﷺ کا طریقہ تفسیر تھا

vi. بعض صحابہ کلماتِ قرآنی کی تحقیق کے لئے ضرورت کے وقت عربی شاعری کی طرف بھی رجوع کرتے تھے۔

☆☆☆☆☆

﴿حوالہ جات وحواشی﴾

1. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر، (2007ء). ترجمہ عرفان القرآن، لاہور منہاج القرآن پبلی کیشنز، النحل، 44:12
2. حریری غلام احمد پروفیسر، (س۔ن). تاریخ تفسیر و مفسرین، فیصل آباد، ملک سنز پبلیشرز، ص:33
3. سیوطی، جلال الدین علامہ، (1402ھ). الاتقان فی علوم القرآن، لاہور، ادارہ اسلامیات، ج:1، ص:21
4. حریری، غلام احمد، تاریخ تفسیر و مفسرین، ص:36۔37
5. دہلوی شاہ ولی اللہ، (1981ء). الانصاف فی بیان سبب الاختلاف، مترجم؛ مولوی محمد عبید اللہ بن خوشی محمد، لاہور، علماء اکیڈمی محکمہ اوقاف پنجاب، ص:3،2
6. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر، (2008ء). ترجمہ عرفان القرآن، لاہور، منہاج القرآن پبلی کیشنز، النحل، 64:12
7. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر، (2008ء). ترجمہ عرفان القرآن، لاہور، منہاج القرآن پبلی کیشنز، النساء، 105:4
8. محمد طاہر القادری ڈاکٹر، (2006ء). الحکم الشرعی، لاہور، منہاج القرآن پبلی کیشنز، ص:125، 122
9. النووی، محی الدین یحی بن شرف، (1996ء)۔ صحیح مسلم، باب حد الزانی، بیروت، دارالخیر، رقم الحدیث: 1690
10. ایضاً، رقم الحدیث:1628
11. العسقلانی، احمد بن علی بن حجر، (1986ء)۔ فتح الباری، باب رجم المحصن، دارالریان للتراث، رقم الحدیث: 6427
12. بخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، (2009ء)۔ صحیح بخاری، باب: صفۃ الصلاۃ، دارالریان للتراث، رقم الحدیث: 1
13. العسقلانی، احمد بن علی بن حجر، (1989ء)۔ تلخيص الحبير في تخريج أحاديث الرافعي الكبير، دار الکتب العلمیہ، رقم:495

14. القَزوِينِيّ، محمّد بن يزيد بن ماجہ، (س۔ن)۔ سنن ابن ماجہ، باب الكبد والطحال، دار الكتب العلمية، ج:2، رقم الحديث:1102
15. النووی، محی الدین یحی بن شرف،(1996ء)۔ صحیح مسلم،باب المسح على الخفين، رقم الحديث: 272
16. ایضا،باب تحريم الجمع بين المرأة وعمتها أو خالتها في النكاح، رقم الحديث:1408
17. العسقلانی،احمد بن علی بن حجر،فتح الباری، باب: والسارق والسارقة فاقطعوا أيديهما،رقم الحديث:6407
18. العسقلانی،(2009ء). سبل السلام،ج:4،ص:42
19. النووی، صحیح مسلم، رقم الحديث: 1090
20. محمد طاہر القادری ڈاکٹر،(2006ء).الحکم الشرعی،لاہور،منہاج القرآن پبلی کیشنز،ص:208-109
21. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر ،(2006ء).مقدمہ سیرت الرسول، لاہور، منہاج القرآن پبلی کیشنز، ج:1، ص:208،2010
22. چشتی مشتاق احمد حافظ،(1993ء)۔علم تفسیر اور مفسرین،ملتان،مدرسہ انوار العلوم،ص:64
23. الازدی،الربیع بن حبیب بن عمر البصری،(1415ھ).مسند الربیع،بیروت،دارالحکمۃ،ج:1،ص:301،رقم:796
24. (i)۔بخاری، ابو عبد الله محمد بن اسماعيل،(1993ء).الصحيح، كتاب التفسير، تفسير سورة الليل، دار ابن كثير دمشق، شام، رقم الحديث:4666
(ii)۔مسلم،ابن الحجاج قشیری،(1972ء).الصحيح، كتاب القدر،باب كيفية الخلق الآدمی فی بطن امه وكتابة رزقه واجله وعمله وشقاوته و سعادتة،بيروت، دار احياء التراث العربی،ج:4، ص:2040، الرقم:2047
25. القادری، محمد طاہر،ڈاکٹر،(2008ء).ترجمہ عرفان القرآن،لاہور،منہاج القرآن پبلی کیشنز،الانعام،6:86
26. (i)۔ترمذی،ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ،(س.ن).کتاب تفسیر القرآن، مکتبۃ التجاریۃ، مصطفی احمد الباز، مکۃ المکرمۃ، سعودی عرب،باب من سورۃ التوبۃ،5: 245،رقم:3067
(ii)۔ بخاری،الصحيح،كتاب الانبياء،باب قول الله تعالىٰ: ولقد أتينا لقمان الحكمة أن اشكر لله، ج:3،ص:1262
(iii)۔ ابن مندہ محمد بن اسحاق بن یحیٰ بن مندہ،(س۔ن). الایمان، مؤسسۃ الرسالۃ،بیروت، البنان، ج:1، ص:418،رقم:267
27. ذهبی محمد حسين دكتور،(دون سنة الطبع).التفسير والمفسرون، باب، تفسير فی عهد النبیﷺ وأصحابه، الفصل الاول، آوند دانش للطباعة والنشر،ج:1، ص:26
28. السيوطی، جلال الدين ، الاتقان فی علوم القرآن،ص:78

29. الأصبحي، أبو عبد الله مالك بن أنس بن مالك،(دون سنة الطبع). موطا امام مالک، باب الرخصة فی قراءة القرآن، علی غیر وضو،کراچی، میر محمد کتب خانه،ص:190

30. الدمشقی، ابوالفداحافظ ابن کثیر،(1992ء). تفسیر القرآن العظیم، مکتبہ حقانیہ پاکستان پشاور، ج:1، ص:10

31. (i)۔ الآلوسی، ابوالفضل شہاب الدین السید محمود،(س.ن). فتح القدیر، بیروت، داراحیاء التراث العربی، ج:30، ص:40

(ii)۔ الزہری، محمد بن سعد منیع ابوعبداللہ البصری،(س.ن). الطبقات الکبری، بیروت، دار صادر، ج:3، ص:370

32. (i)۔ قادری جلال الدین علامہ،(2006ء). احکام القرآن، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، ج:1، ص:87

(ii)۔ پانی پتی ثناء اللہ قاضی،(س۔ن)۔ تفسیر مظہری، کوئٹہ، مکتبہ عربیہ کانسی رود، ج:1، ص:155

(iii)۔ خازن، علاؤالدین علی بن محمد بن ابراہیم، تفسیر الخازن، حسینی کتب خانہ، سکندری روڈ پار ہوتی مردان، ج:1، ص:106

(iv)۔ بیضاوی، قاضی ناصر الدین بیضاوی،(1996ء)۔ انوار التنزیل، بیروت، دار الفکر، ص:118

33. (i)۔ مسلم، المقدمۃ، ج:1، ص:10، رقم:3

(ii)۔ بخاری، الصحیح، ج:3، ص:1274، رقم:1432

(iii)۔ مسلم، الصحیح، بیروت، داراحیاء التراث العربی، ج:1، ص:10، رقم:4

(iv)۔ ابن حبان، الصحیح، ج:1، ص:214، رقم 31، مؤسسۃ الرسالۃ بیروت

(v)۔ ابن ماجہ ابوعبداللہ محمد بن یزید القزوینی،(1998ء). السنن، باب التغلیظ فی تعمد الکذب علی رسول اللہ ﷺ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، ج:1، ص:41، رقم:30

34. (i)۔ سنن ابی داؤد، ج:2، ص:157

(ii)۔ ترمذی السنن، ج:5، ص:184، رقم:2952

(iii)۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ج:5، ص:208، رقم:5101، القاہرہ، دارالحرمین

(iv)۔ طبرانی، المعجم الکبیر، رقم:۱۶۷۲، مکتبہ الزہراء الموصل، ج:2، ص:163

(v)۔ ابی یعلیٰ، المسند، دارالمامون للتراث دمشق، ج:3، ص:90، رقم:۱۲۵۰

35. (i)۔ تفسیر ابن کثیر، ج:1، ص:4،

(ii) بخاری، الصحیح، دار ابن کثیر المامۃ بیروت، ۳:۱۲۷۵، رقم:۳۲۷۴،

(iii) ترمذی، السنن، داراحیاء التراث العربی بیروت، ۵:۴۰، رقم:۲۶۶۹،

(iv) ابن حبان، الصحیح، مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴:۱۴۹، رقم:۶۰۲۵۶

(v) الدّرامی، السنن، دار الکتب العربی بیروت، ۱:۱۴۵، رقم:۵۴۲،

(vi)۔ عبدالرزاق، المصنف، المکتبہ الاسلامی بیروت، ۶:۱۰۹، رقم:۱۰۱۵۷،

(vii) احمد بن حنبل، المسند، ۲:۱۵۹، رقم:۶۴۸۶

36. (i)القادری، محمد طاہر،ڈاکٹر،(2008ء)۔ترجمہ عرفان القرآن،منہاج القرآن پبلی کیشنزلاہور، البینۃ،98:8

(ii)کشف الظنون،حاجی خلیفہ،ج:1،ص:20

37. (i)مقدمہ تفسیراتِ احمدیہ،(س.ن).مترجم قاری عادل خان قرآن کمپنی اردوبازارلاہور، ص:11،10

(ii)الصابونی، محمد علی الشیخ،(۲۰۰۵ء).التبیان فی علوم القرآن،لاہور،المنیران اردوبازارج:3،ص:589،590

38. (i)حریری، غلام احمد پروفیسر، تاریخ تفسیر وامفسرین، صفوت مصطفی خلیل وفیتش دکتور، الامام ابو بکر الرازی، ص:664

(ii)الرازي ، أبو بكر الامام،(2008ء).الجصاص ومنهجه فی التفسیر،(رسالة، دكتوره) القاهرة، دارالسلام،ج:5، ص:602

(iii)فتوی صدیق بن حسن،(1983ء). ابجد العلوم،المکتبہ القدوسیہ لاہور،ج:3،ص:279

39. الصابونی محمد شیخ،(2005ء)۔ التبیان فی علوم القرآن، (مترجم: محمد آصف نسیم) لاہور، المیزان اردو بازار، ص:589

☆☆☆☆☆☆

﴿مصادر و مراجع﴾

1. ابن ماجہ ابو عبد اللہ محمد بن یزید القزوینی،(1998ء).السنن،بیروت دار الکتب العلمیۃ
2. ابن مندہ محمد بن اسحاق بن یحیٰ بن مندہ،(س۔ن). الایمان،بیروت،مؤسسۃ الرسالۃ
3. الازدی،الربیع بن حبیب بن عمر البصری،(1415ھ)۔مسند الربیع،بیروت،دارالحکمۃ
4. الأصبحي، أبو عبد الله مالك بن أنس بن مالك، (دون سنة الطبع). موطا امام مالک، باب الرخصة فی قراءة القرآن، علی غیر وضو، کراچی، میر محمد کتب خانه
5. الآلوسی، ابوالفضل شهاب الدین السید محمود، (دون سنة الطبع).فتح القدیر، بیروت، داراحیاء التراث العربی
6. بخاری، ابو عبد الله محمد بن اسماعیل، (1993ء). الصحیح، دمشق، دار ابن کثیر
7. بیضاوی، قاضی ناصر الدین بیضاوی،(1996ء)۔انوار التنزیل،بیروت،دار الفکر
8. پانی پتی ثناء اللہ قاضی،(س۔ن)۔ تفسیر مظہری، کوئٹہ، مکتبہ عربیہ کانسی رود
9. ترمذی،ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ،(س.ن).کتاب تفسیر القرآن، مکۃ المکرمۃ، مکتبۃ التجاریۃ

10. چشتی مشتاق احمد حافظ،(1993ء)۔ علم تفسیر اور مفسرین، ملتان، مدرسہ انوار العلوم
11. حاجی خلیفہ،(س۔ن)۔ کشف الظنون عن أسامی الکتب والفنون، بیروت، دار احیاء التراث العربی
12. حریری غلام احمد پروفیسر،(س۔ن). تاریخ تفسیر و مفسرین، فیصل آباد، ملک سنز پبلیشرز
13. خازن، علاؤالدین علی بن محمد بن ابراہیم،(س.ن). تفسیر الخازن، حسینی کتب خانہ، سکندری روڈ پار ہوتی مردان
14. خلیل وفیتش، صفوت مصطفی الدکتور،(2008ء). الجصاص و منہجہ فی التفسیر،(رسالۃ، دکتورہ) القاھرہ، دارالسلام
15. الدّرامی، عبد الله بن عبد الرحمن بن الفضل بن عبد الصمد، (س.ن). السنن، بیروت، دارالکتب العربی
16. الدمشقی، ابوالفدا حافظ ابن کثیر،(1992ء). تفسیر القرآن العظیم، پشاور، مکتبہ حقانیہ
17. دہلوی شاہ ولی اللہ،(1981ء). الانصاف فی بیان سبب الاختلاف، مترجم مولوی محمد عبید اللہ بن خوشی محمد، لاہور، علماء اکیڈمی محکمہ اوقاف پنجاب
18. ذهبی محمد حسین دکتور،(دون سنة الطبع).التفسیر والمفسرون، باب، تفسیر فی عهد النبیﷺ وأصحابه، الفصل الاول، آوند دانش للطباعة والنشر
19. الزہری، محمد بن سعد منیع ابوعبد اللہ البصری،(س.ن). الطبقات الکبری، بیروت، دار صادر
20. سیوطی، جلال الدین علامہ،(1402ھ). الاتقان فی علوم القرآن، لاہور، ادارہ اسلامیات
21. الصابونی، محمد علی الشیخ،(2005ء). التبیان فی علوم القرآن، مترجم، محمد آصف نسیم، لاہور، المنیران اردو بازار
22. الصنعاني، عبد الرزاق بن همام، (1970ء). المصنف، بیروت، المکتبه الإسلامی
23. الطبرانی، ابو القاسم سلیمان بن أحمد بن أیوب، (2010ء). المعجم الاوسط، القاهره، دارالحرمین
24. فتوی صدیق بن حسن،(1983ء). ابجد العلوم، لاہور، المکتبہ القدوسیہ
25. قادری جلال الدین علامہ،(2006ء). احکام القرآن، لاہور، ضیاء القرآن پبلی کیشنز
26. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر،(س.ن). مقدمہ سیرت الرسول، لاہور، منہاج القرآن پبلی کیشنز
27. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر،(2008ء). ترجمہ عرفان القرآن، لاہور، منہاج القرآن پبلی کیشنز
28. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر،(2006ء). الحکم الشرعی، لاہور، منہاج القرآن پبلی کیشنز
29. مسلم، الصحیح، بیروت، دار احیاء التراث العربی، ابن حبان، الصحیح مؤسسۃ الرسالۃ بیروت
30. مسلم، ابن الحجاج قشیری،(1972ء). الصحیح بیروت، لبنان، دار احیاء التراث العربی
31. مقدمہ تفسیراتِ احمدیہ،(س.ن). مترجم قاری عادل خان قرآن کمپنی اردو بازار لاہور
32. الموصلی، ابی یعلیٰ،(1989ء)۔ المسند ابی یعلی، دمشق، دارالمامون للتراث

صحیح حدیث کا متروک العمل ہونا
(اسباب ووجوہ کا تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ)

☆ڈاکٹر حامد علی علیمی

Abstract

Elm-e-Hadith has always been given special emphasis by the Scholars of Islam as being an authentic source of Shariah. They have laid down such principles from which Sahih Hadith could be easily distinguished from other forms of Hadith. One of the very important questions has been always raised, that whether every Sahih Hadith is practicable for Ummah or not? The answer is simply and logically: "No", for Hadith comprises Saying, Actions, miracles, holy wars and attributes of Prophet Muhammad (May peace and mercy be upon him). The Scholars, in their books, have mentioned such principles, by which, many a time Sahih Hadith becomes impracticable. Here the objective is to scholarly highlight and analyze such principles with examples for such students, who are doing research in different fields of Elm-e-Hadith, and to awake those, who claim today that: "Every Sahih Hadith is practicable".

Key Words: Sahih Hatidh, Amal, practicable,

علمِ حدیث اپنے تنوع کے اعتبار سے ایک نہایت وسیع علم ہے، امام جلال الدین سیوطی شافعی نے ”تدریب الراوی“ میں ”کتاب العجالة“ کے حوالہ سے تقریباً سو علوم ایسے شمار کرائے ہیں، جن سے علمِ حدیث میں واسطہ ضروری ہے۔[1] مثلاً علم اسماء الرجال، علم الروایہ، علم الدرایہ اور علم ناسخ و منسوخ وغیرہ، لہذا ان تمام علوم میں مہارت کے بعد ہی کوئی شخص علم حدیث کا جامع اور اس علم میں درجہ کمال کو پہنچ سکتا ہے۔ عموماً تقلید کرنے والوں پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ لوگ احادیثِ صحیحہ کی بجائے غیر صحیحہ پر عمل کرتے ہیں، دیکھو بخاری و مسلم وغیرہ صحاح ستہ میں فلاں حدیث یوں آئی ہے، مگر پھر بھی یہ لوگ اس پر عمل نہیں کرتے‘ وغیرہ وغیرہ۔ اس کا معقول جواب یہ ہے کہ علمائے

☆ لیکچرار شعبہ علومِ اسلامیہ، گورنمنٹ کالج برائے طلبہ، ناظم آباد، کراچی

فن کے مطابق کسی حدیث کا "صحیح" ہونا الگ بات ہے اور کسی حدیث پر "عمل" کرنا الگ۔ عمل کرنے کے لیے بالاتفاق حدیث کا "صحیح" ہونا ضروری نہیں ہے، بلکہ صحیح لغیرہ سے لے کر انتہائی درجہ کی ضعیف روایت، جو موضوع نہ ہو، وہ بھی معمول بہ ہوتی ہے۔ علماءِ فن نے یہ بھی تصریح کی ہے کہ کبھی 'عمل' صحیح حدیث پر متفرع ہوتا ہے اور کبھی "صحتِ حدیث" عمل پر.[2] پھر معیارِ صحت کے لیے صحابۂ کرام، فقہاء و مجتہدین اور محدثین کرام کے اصول یکساں نہیں، جیسا کہ اہلِ علم پر روشن ہے۔ اس مقالہ میں 'صحبِ حدیث' سے مراد محدثینِ کرام کے اصول کے مطابق کسی حدیث کا صحیح ہونا ہے۔ اس مقالہ میں اُن اسباب وجووہ کا تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ مع امثلہ کیا گیا ہے۔ جن کے باعث بسا اوقات صحیح حدیث پر عمل ترک کر دیا جاتا ہے۔ اصل مدعا کی طرف چلنے سے پہلے حدیث کا معنی و مفہوم، حدیث کا موضوع، صحیح وغیرہ کی تعریف اور شرائط وغیرہ کو بیان کیا جاتا ہے۔

حدیث کا معنی و مفہوم:

لغت کی مشہور کتاب قاموس میں ہے:

"الحَدیثُ :الجدیدُ والخَبَرُ۔"[3]

یعنی: حدیث کا معنی نیا ہونا اور خبر ہے۔

امام شمس الدین سخاوی لکھتے ہیں:

" والحديث لغةً ضدّ القديم، واصطلاحاً ما أضيف إلى النبى صلى الله عليه وسلم قولاً له أو فعلاً أو تقريراً أو صفةً، حتى الحركات والسكنات فى اليقظة والمنام فهو أعمّ من السنة وكثيراً ما يقع فى كلام أهل الحديث-" [4]

"عربی لغت میں حدیث (نیا ہونا) قدیم (پرانا ہونا) کی ضد ہے، جبکہ اصطلاحاً نبی کریم ﷺ کی جانب کسی قول، فعل، تقریر یا وصف کی نسبت کرنا حدیث کہلاتا ہے، حتی کہ بیداری اور آرام کرتے وقت کی حرکات و سکنات بھی، پس یہ سنت سے عام ہے اور یہ اکثر محدثین کے کلام میں استعمال ہوتا ہے۔"

امام جلال الدین سیوطی شافعی لکھتے ہیں:

"وأما الحديث فأصله :ضد القديم، وقد استعمل فى قليل الخبر وكثيره؛ لأنه يحدث شيئاً فشيئاً. وقال شيخ الإسلام ابن حجر فى شرح البخارى:المراد بالحديث فى عرف الشرع ما يضاف إلى النبى صلى الله عليه وسلم- وكأنه أريد به مقابلة القرآن لأنه قديم-"[5]

"عربی زبان میں حدیث اصل میں 'قدیم' کی ضد ہے۔ اس کا استعمال خبر کے لیے بھی ہوتا ہے، کم ہو یا زیادہ، اس لیے کہ اس کا ظہور تھوڑا تھوڑا ہوتا ہے۔ شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی

رحمہ اللہ 'شرح بخاری، میں لکھتے ہیں: عرفِ شرع میں حدیث اس کو کہتے ہیں، جو نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب ہو، گویا یہ قرآن کریم کے مقابل ہے کہ وہ کلام اللہ ہے (اور قدیم) اور یہ کلام رسول ہے (اور حادث)۔"

حدیث کی تعریف میں کلماتِ علماء کم و بیش ملتے جلتے ہیں، سب کا مفاد یہ ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے اقوال، افعال، تقریرات یا اوصاف کی حکایت کرنے کا نام حدیث ہے۔ البتہ علامہ عبد العزیز پرہاوری ملتانی نے 'ایام' کا اضافہ بھی کیا ہے، چنانچہ اپنی معرکۃ الآراء کتاب "کوثر النبی وزلال حوضه الروی" میں لکھتے ہیں:

"الحديث كان فى اللغة أوّلاً ضدّ القديم، ثمّ استعملوه بمعنى الكلام، وفى صناعة هذا العلم قول النبى صلى الله عليه وسلم وحكاية فعله أو تقريره أو وصفه أو أيّامه-" (6)

"لغت میں شروع میں 'حدیث' قدیم کی ضد کو کہا جاتا تھا، پھر اہلِ فن نے اس کا استعمال 'کلام' کے معنی میں کیا۔ البتہ اس علم (علمِ حدیث) کی اصطلاح میں نبی کریم کا قول، فعل، تقریر، وصف یا ایام کی حکایت کرنا حدیث کہلاتا ہے۔"

حضرات صحابہ کرام و تابعین عظام کے اقوال و افعال کو بھی تبعاً حدیث میں شمار کیا جاتا ہے، بلکہ صحابہ کرام کی تقریرات بھی اسی زمرہ میں شامل ہیں۔(7) یہ اُن چیزوں میں ہے، جنہیں عقل و حواس کے ذریعے سے نہیں جانا جا سکتا، مثلاً انبیاء سابقین علیہم السلام کے احوال سے متعلق خبر دینا، مستقبل میں ہونے والے واقعات کی خبر دینا، یا کسی فعل کے ثواب یا عقاب کے بارے میں خبر دینا، جبکہ راوی اسرائیلی روایات سے اخذ کرنے والا نہ ہو۔(8)

فائدہ: تقریر کا مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی موجودگی میں کسی صحابی نے کوئی کام کیا، کچھ کہا یا کسی مسلمان سے متعلق کسی چیز کی خبر آپ ﷺ تک پہنچی، پھر آپ ﷺ نے اُس کام یا بات پر انکار نہیں فرمایا، بلکہ سکوت اختیار فرمایا، گویا سکوت فرما کر اُسے برقرار رکھا اور اجازت عطا فرما دی۔ علماءِ حدیث نے اسے بھی حدیث میں شمار کیا ہے۔ اسی طرح جو چیزیں احوال سے متعلق ہیں، تو ان میں تفصیل کچھ یوں ہے کہ اگر وہ اختیاری ہیں، تو افعال میں داخل ہیں اور اگر غیر اختیاری ہیں، جیسے حلیہ مبارکہ، واقعاتِ ولادت وغیرہا تو اس سے کوئی حکمِ شرعی ثابت نہیں ہوتا۔ فقہاء کے نزدیک یہ ہی تعریف مشہور ہے اور ان کے فن سے یہ بھی متعلق ہے۔ ہاں علماء حدیث نے مطلق احوال کو بھی حدیث میں شمار کیا ہے کہ یہ ان کے فن کے موافق ہے، لہٰذا آپ ﷺ کی سیرت مبارکہ کے تمام پہلو اس میں داخل ہیں۔(9)

حدیث کا موضوع:

حدیث کا موضوع بیان کرتے ہوئے امام جلال الدین سیوطی شافعی لکھتے ہیں:

"واعلم أنَّ الحديث موضُوعه ذات رَسُول الله ﷺ من حيث إنَّه رَسُول الله"۔(10)

"حدیث کا موضوع رسول اللہ ﷺ کی ذات ستودہ صفات اس حیثیت سے ہے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔"

صحیح حدیث کا معنیٰ و مفہوم:

محدثین کرام کے نزدیک کسی حدیث پر صحیح کا اطلاق اُس وقت ہوتا ہے، جب اُس کی اسناد متصل ہو، تمام راوی عادل اور تام الضبط ہوں، نیز وہ حدیث شاذ ہو اور نہ معلل۔[11]

علماءِ اُصولِ حدیث کا کسی حدیث کو غیر صحیح قرار دینے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ حدیث نعوذ باللہ غلط و باطل ہے، بلکہ مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ اعلیٰ درجہ سے ذرا کم درجہ کی حدیث ہے، جس کی کئی ایک اقسام کُتبِ اُصول میں درج کی گئی ہیں۔ مولانا احمد رضا خان حنفی لکھتے ہیں:

"صحیح اُن (علماءِ فن) کی اِصطلاح میں ایک اعلیٰ درجہ کی حدیث ہے، جس کے شرائط سخت و دشوار اور موانع وعلائق کثیر وبسیار، حدیث میں اُن سب کا اجتماع اور اِن سب کا ارتفاع کم ہوتا ہے، پھر اس کمی کے ساتھ اس کے اثبات میں سخت قتیں، ان کے نزدیک جہاں ان باتوں میں کہیں بھی کمی ہوئی فرما دیتے یں: یہ حدیث صحیح نہیں یعنی اس درجۂ عُلیا کو نہ پہنچی۔ اس سے دوسرے درجہ کی حدیث کو حَسَن کہتے ہیں یہ باآنکہ صحیح نہیں پھر بھی اس میں کوئی قباحت نہیں ہوتی ورنہ حَسَن ہی کیوں کہلاتی! فقط تنا ہوتا ہے کہ اس کا پایہ بعض اوصاف میں اس بلند مرتبے سے جھکا ہوتا ہے، اس قسم کی بھی سَینکڑوں حدیثیں صحیح مسلم وغیرہ کُتبِ صحاح بلکہ عند التحقیق بعض صحیح بخاری میں بھی ہیں، یہ قسم بھی استناد واحتجاج کی پُوری لیاقت رکھتی ہے۔ الخ۔[12]

صحیح حدیث کے مضامین اور اُس پر عمل:

احادیث صحیحہ میں عقائد اور حلال وحرام کے علاوہ کئی ایک مضامین آئے ہیں: مثلاً تاریخ، گذشتہ انبیاء ورسل علیہم السلام اور اُن کی اُمتوں کے واقعات کا بیان، معجزات کا بیان، احوال وخصائص مصطفی کریم ﷺ، اشراط یامت، مستقبل میں ہونے والے واقعات وفتن کا بیان، اہوالِ محشر، ملائکہ، حور وغلمان، نعمِ جنت واہوال جہنم وغیرہ کا بیان۔ ہر ذی شعور جانتا ہے کہ ان احادیث صحیحہ کے ہر ہر مضمون پر عمل نہیں کیا جاسکتا۔

ہم اس تحریر میں صرف اُن احادیثِ صحیحہ پر کلام کریں گے، جن کا تعلق احکام سے ہے، مگر پھر بھی مختلف اسباب ووجوہ کی وجہ سے انھیں تروک العمل بتایا گیا۔ علماء کا کم از کم اس بات پر تو اتفاق ہے، خواہ وہ کسی امام کی تقلید کرتے ہوں یا نہیں، کہ بعض اسباب ووجوہ کے باعث کبھی کبھار صحیح حدیث پر عمل نہیں کیا جاتا، چنانچہ علماءِ اہل حدیث کے مشہور عالم میاں نذیر حسین صاحب دہلوی 'معیار الحق' میں لکھتے ہیں:

"بعض ائمہ کا ترک کرنا بعض احادیث کو فرعِ تحقیق اُن کی ہے، کیونکہ انہوں نے اُن احادیث کو احادیث قابل عمل نہیں سمجھا، بدعوی نسخ یا بدعوی ضعف اور امثال اس کے۔"[13]

علماء کرام نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ حضرات صحابۂ کرام سے لے کر ائمہ مجتہدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تک کوئی مجتہد ایسا نہیں، جس نے بعض احادیثِ صحیحہ کو وَول یا مرجوح نہ قرار دیا ہو، یا کسی نہ کسی وجہ سے اُسے متروک العمل ٹھہرایا ہو۔[14] تفصیل کُتبِ اُصول میں دیکھی جا سکتی ہے۔ امام ابن الحاج نے اپنی مشہورِ زمانہ کتاب 'المدخل، میں اس ضمن میں مختلف علماء کے اقوال نقل کیے ہیں، ہم یہاں چند بطور استشہاد پیش کرتے ہیں۔[15]

۱۔ عالمِ مدینہ امام مالک بن انس سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا: اَلْعَمَلُ اَثْبَتُ مِنَ الْاَحَادِیْث- یعنی: عمل، حدیثوں سے زیادہ مستحکم ہے۔

۲۔ اسی طرح امام مالک کے پیروکاروں کا یہ کہنا ہے: اِنَّہ لَضَعِیْفٌ اَنْ یُقَالَ فِی مِثْلِ ذٰلِک: حَدَّثَنِی فُلَان عَنْ فُلَان۔ ایسی جگہ حدیث بیان کرنا درست بات نہیں ہے۔

۳۔ منقول ہے کہ جب بعض ائمہ تابعین کو دوسروں سے ان کے خلاف حدیثیں پہنچتیں، تو کہا کرتے: مَا نَجْهَلُ هَذَا وَلَكِنْ مَضَى الْعَمَلُ عَلى غَيْرِه۔ یعنی: ہمیں یہ حدیث معلوم ہے، لیکن عمل اس (حدیث) کے خلاف پر گزر چکا۔

ضروری وضاحت:

یہ ضروری ہے کہ مذکورہ اقوال کا وہ معنی و مفہوم بیان کیا جائے، جس سے کسی کم نظر کو ائمہ مجتہدین پر طعن و تشنیع کرنے کا موقع نہ مل سکے۔ مقالہ نگار کی رائے میں پہلے دو اقوال کا معنی یہ ہے کہ چونکہ رسول اللہ ﷺ نے آخری ایام شہرِ مدینہ میں گزارے اور وہاں کے مسلمانوں نے آپ ﷺ کے عمل کو بہت قریب سے دیکھا، اپنایا اور روایت کیا۔ پس اگر کوئی حدیث یا احادیث بظاہر اہلِ مدینہ کی معمول بہا احادیث کے مخالف ہوں، تو امام مالک کی رائے یہ ہے کہ اُنہی احادیث پر عمل کیا جائے گا، جن پر اہلِ مدینہ کا عمل رہا ہے، آپ کے پیروکاروں کا قول اسی کی گویا وضاحت ہے کہ پھر ایسی صورت میں کوئی دوسری حدیث بیان کرنا درست نہیں ہو گا۔ یہاں 'العمل، پر الف لام عہدِ ذہنی کے لیے ہے، یعنی: ہر عمل نہیں، بلکہ اہلِ مدینہ کی روایت سے ثابت عمل، واللہ تعالیٰ اعلم۔ حاشا وکلا! یہ ہرگز مراد نہیں کہ اگر کوئی عمل خلافِ شرع اہلِ مدینہ میں رائج ہو جائے اور احادیث اُس کے خلاف ہوں، تو اِن کے بجائے، نعوذ باللہ من ذلک، اُسی عمل کو حجت مانا جائے گا۔

اجلہ صحابۂ کرام کا طرزِ عمل:

اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ تمام صحابہ عدول ہیں، ہر صحابی براہ راست رسول اللہ ﷺ کا تربیت یافتہ ہے، اس کا درجۂ اجتہاد دوسرے سے مختلف ہو سکتا ہے۔ پھر ہر صحابی نے رسول اللہ ﷺ کے ہر ہر عمل مبارک کو ملاحظہ نہیں کیا، خواہ ہجرت سے کی زندگی ہو یا بعد کی۔ لہٰذا کسی چیز میں باہمی اختلاف ہونا بدیہی ہے۔ ہم یہاں ذیل میں پہلے اُن احادیثِ صحیحہ میں سے چند کو ذکر کرتے ہیں، جن پر بعض اجلہ صحابۂ کرام نے مختلف اسباب و وجوہ کے سبب عمل نہیں کیا۔

مثال ۱ :عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ! رُبَّمَا نَمْكُثُ الشَّهْرَ وَالشَّهْرَيْنِ وَلَا نَجِدُ الْمَاءَ، فَقَالَ عُمَرُ: أَمَّا أَنَا فَإِذَا لَمْ أَجِدِ الْمَاءَ لَمْ أُصَلِّ حَتَّى أَجِدَ الْمَاءَ، فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: أَتَذْكُرُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ حَيْثُ كُنْتَ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا وَنَحْنُ نَرْعَى الْإِبِلَ، فَتَعْلَمُ أَنَّا أَجْنَبْنَا- قَالَ :نَعَمْ- أَمَّا أَنَا فَتَمَرَّغْتُ فِي التُّرَابِ، فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ فَقَالَ: إِنْ كَانَ الصَّعِيدُ لَكَافِيكَ وَضَرَبَ بِكَفَّيْهِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيهِمَا ثُمَّ مَسَحَ وَجْهَهُ وَبَعْضَ ذِرَاعَيْهِ-فَقَالَ :اتَّقِ اللهَ يَا عَمَّارُ! فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ !إِنْ شِئْتَ لَمْ أَذْكُرْهُ -قَالَ: لَا، وَلَكِنْ نُوَلِّيكَ مِنْ ذَلِكَ مَا تَوَلَّيْتَ-[16]

"عبد الرحمن بن ابزی سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ہم حضرت عمر کے پاس تھے، کہ ایک شخص آیا اور کہا: اے امیر المؤمنین! بارہا ایسا ہوتا ہے کہ ہم ایک ایک ماہ اور بعض اوقات دو دو ماہ بغیر پانی کے گزارا کرتے ہیں، حضرت عمر نے فرمایا: جہاں تک میرا عمل ہے، تو اگر مجھے پانی نہ ملے تو میں نماز نہیں پڑھتا، جب تک پانی نہ مل جائے۔ اس پر حضرت عمار بن یاسر نے کہا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ کو یاد ہے کہ جب آپ فلاں فلاں مقام پر تھے اور ہم اُس وقت اُونٹ چرایا رہے تھے، آپ جانتے ہیں ہم جنبی ہو گئے تھے؟ حضرت عمر نے کہا: ہاں یاد ہے، کہا: میں تو مٹی میں لوٹ لیا تھا، پس جب ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور یہ معاملہ عرض کیا، تو آپ ﷺ مسکرا دیے تھے اور فرمایا تھا: تمہیں پاک مٹی کافی تھی اور اپنے دونوں ہتھیلیوں کو مٹی پر مارا پھر ان میں پھونک ماری پھر اپنے چہرے اور کہنیوں کے کچھ حصہ کا مسح کیا۔ اس پر حضرت عمر نے کہا: اے عمار! اللہ سے ڈرو۔ وہ بولے: اے امیر المؤمنین: اگر آپ چاہیں تو میں اسے کبھی ذکر نہیں کروں گا، آپ نے کہا: نہیں، بلکہ ہم تمہیں اس سے اُسی طرح پھیر دیں گے جہاں تم تھے۔"

شارحین نے اس کی شرح میں بہت کچھ لکھا ہے، تاہم اس سے یہ بات تو ثابت ہوتی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر عمل نہیں کیا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

مثال۲ :عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: كُنْتُ مَعَ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ الْأَعْظَمِ، وَمَعَنَا الشَّعْبِيُّ، فَحَدَّثَ الشَّعْبِيُّ بِحَدِيثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يَجْعَلْ لَهَا سُكْنَى وَلَا نَفَقَةً، ثُمَّ أَخَذَ الْأَسْوَدُ كَفًّا مِنْ حَصًى، فَحَصَبَهُ بِهِ، فَقَالَ :وَيْلَكَ تُحَدِّثُ بِمِثْلِ هَذَا، قَالَ عُمَرُ: لَا نَتْرُكُ كِتَابَ الله وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى الله عَلَيْه وَسَلَّمَ لِقَوْلِ امْرَأَةٍ، لَا نَدْرِي لَعَلَّه حَفِظَتْ، أَوْ نَسِيَتْ، لَه السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ، قَالَ الله عَزَّ وَجَلَّ: (لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ)۔ (17)

ابو اسحق سے روایت ہے کہ میں اسود بن یزید کے ساتھ ایک جامع مسجد میں بیٹھا تھا، ہمارے ساتھ شعبی بھی تھے۔ شعبی نے فاطمہ بن قیس والی حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے لیے سکنیٰ اور نفقہ کا حکم نہیں دیا تھا۔ پھر اسود نے ہاتھ میں کچھ کنکریاں اُٹھائیں اور اُن کی پھینک کر کہا: افسوس! اس طرح کی حدیث بیان کرتے ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر کہا تھا: ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنت کو ایک ایسی عورت کے کہنے پر نہیں چھوڑ سکتے، جس کے بارے میں ہمیں معلوم نہیں کہ آیا اسے یاد بھی ہے یا نہیں، اس کے لیے سُکنیٰ بھی ہے اور نفقہ بھی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: عدت میں انھیں ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں مگر یہ کہ کوئی صریح بے حیائی کی بات لائیں، الآیۃ۔

امام ابو نعیم اصبہانی نے اپنی 'المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم' میں یہ زائد روایت کیا ہے:

''فَقَالَ: لَا نَتْرُكُ كِتَابَ الله وَسنة نَبِيِّهِ صَلَّى الله عَلَيْه وَسَلَّمَ لِقَوْلِ امْرَأَةٍ إِنْ جَاءتْ بِشَاهِدَيْنِ أَنَّه سَمِعَاهُ مِنْ رَسُولِ الله صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِلَّا لَمْ نَدَعْه قَالَ الله :لَا تخرجوهن من بُيُوتهنَّ، الْآيَةَ۔'' (18)

''آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اُس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنت کو ایک عورت کے کہنے پر نہیں چھوڑ سکتے، اگر وہ دو ایسے گواہ لے آئے جو یہ گواہی دیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا سُنا ہے تو ٹھیک، ورنہ ہم اس کو نہیں چھوڑیں گے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: عدت میں انہیں ان کے گھروں سے نہ نکالو۔۔۔ الآیۃ۔''

یہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فاطمہ بنت قیس کی روایت کو مرجوح ٹھہرایا اور دلیل میں یہ فرمایا کہ معلوم نہیں انھیں پوری بات یاد بھی ہے یا نہیں۔ چونکہ یہ ایک امر دینی ہے، لہٰذا اُن کی تنہا گواہی کافی نہیں، البتہ اگر وہ ایسے دو گواہ پیش کریں، جو یہ گواہی دیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا سُنا تھا، تو ٹھیک ہے ہم عمل کریں گے، وگرنہ حکم وہی رہے گا، جو کتاب اللہ اور سنت میں ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

مثال۳:اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ نے مذکورہ حدیثِ فاطمہ کے بارے میں فرمایا: مَا لِفَاطِمَةَ أَلاَّ تَتَّقِيَ اللهَ، يَعْنِي: فِي قَوْلِهَا: لَا سُكْنَى وَلاَ نَفَقَة۔ فاطمہ کو کیا ہوا ہے کیا وہ اللہ سے نہیں ڈرتی۔ یعنی: اپنے اس قول میں کہ نہ سُکنیٰ ہے اور نہ نفقہ۔ امام بخاری وغیرہ نے اسے روایت کیا ہے۔[19]

امام طحاوی 'شرح معانی الآثار' میں اس کے تحت لکھتے ہیں:

''فَهَذِهِ عَائِشَة رَضِيَ اللّٰه عَنْهَا لَمْ تَرَ الْعَمَلَ بِحَدِيثِ فَاطِمَة أَيْضًا۔'' [20]

''یہ اُم المؤمنین سیدہ عائشہ ہیں، یہ بھی حدیثِ فاطمہ پر عمل کی قائل نہیں۔''

مثال۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''الوُضُوء مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ وَلَوْ مِنْ ثَوْرِ أَقِطٍ۔'' [21]

''جس چیز کو آگ نے چھوا، اُس سے وضو لازم ہے، اگرچہ پنیر کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔''

چنانچہ کُتبِ حدیث میں ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس پر عمل نہ کیا اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

''أَنَتَوَضَّأُ مِنَ الدُّهْنِ؟ أَنَتَوَضَّأُ مِنَ الحَمِيمِ؟''[22]

''کیا ہم تیل کی وجہ سے وضو کریں گے؟، کیا ہم گرم پانی کی وجہ سے وضو کریں گے؟''

اس پر حضرت ابو ہریرہ نے اُن سے کہا: بھتیجے! جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی کوئی حدیث سُنو، تو اس طرح کی مثالیں نہ دیا کرو۔

صحیح حدیث اور امام مجتہد کا طرزِ عمل:

اب ہم اُن اسباب ووجوہ کو ذکر کرتے ہیں جن کے سبب کوئی امام مجتہد کسی صحیح حدیث پر عمل نہیں کرتا، علماء اُصولیین نے اپنی کُتب میں انہیں تفصیل سے ذکر کیا ہے، ہم ذیل میں اِن میں سے چند کو مثالوں کے ساتھ ذکر کرتے ہیں:

۱۔ وہ حدیث متواتر نہیں ہوتی اور اُس سے قرآنِ کریم کا نسخ لازم آتا ہے۔

مثال: ''لَا صَلَاةَ إِلَّا بِقِرَاءة فَاتِحَةِ الْكِتَابِ'' [23] وغیرہ جیسی احادیث۔

علماء کرام کے درمیان یہ اختلاف رہا ہے کہ آیا نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھنا فرض ہے یا واجب یا سُنت؟ احناف کے نزدیک اس کا پڑھنا فرض نہیں، بلکہ واجب ہے، کیونکہ قرآن کریم میں قراءت سے متعلق اللہ تعالیٰ کا حکم مطلق ہے، جس کا نسخ نہ ہو گا مگر متواتر حدیث سے، ارشاد ہوتا ہے:

''فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ''[24]

''اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اُتنا پڑھو۔''

چنانچہ محقق علی الاطلاق کمال الدین بن الہمام حنفی 'فتح القدیر' میں سورۂ فاتحہ کی فرضیت میں وارد احادیث کی فنی حیثیت پر کلام کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

''وبه لا يثبت الركن لأن لازمه نسخ الإطلاق بخبر الواحد، وهو يستلزم تقديم الظنى على القاطع وهو لا يحل فيثبت به الوجوب فيأثم بترک الفاتحة ولا تفسد.''(25)

''اس سے رُکنیت (فرضیت) ثابت نہیں ہو گی، کیونکہ اس سے یہ لازم آئے گا کہ خبرِ واحد سے مطلق کا نسخ ہو اور یہ قطعی پر ظنی کی تقدیم کو لازم کرنا ہے، جو جائز نہیں، لہٰذا اس سے (سورۂ فاتحہ کا) وجوب ثابت ہو گا، پس نمازی فاتحہ کے ترک سے گناہ گار ہو گا، البتہ نماز فاسد نہ ہو گی۔''

۲۔ وہ حدیث احاد ہوتی ہے اور قرآن کریم پر زیادتی کی موجب۔

مثال: پانی میں اصل طہارت ہے، چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے:

''وَهُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِه وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا.''(26)

''اور وہی ہے جس نے ہوائیں بھیجیں اپنی رحمت کے آگے مژدہ سناتی ہوئی اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا پاک کرنے والا۔''

علماء فرماتے ہیں کہ جب اس میں کوئی نجس چیز مل کر غالب ہو جائے، تو اب یہ حکمِ طہارت باقی نہیں رہے گا۔ امام مالک اپنی موطأ میں، امام عبد الرزاق اور امام ابن ابی شیبہ اپنی اپنی مصنفوں میں، امام دار قطنی اپنی سنن میں اور امام بیہقی سنن کبریٰ میں روایت کرتے ہیں:

''أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَرَجَ فِی رَكْبٍ فِيهِمْ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ حَتَّى وَرَدُوا حَوْضاً- فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ لِصَاحِبِ الْحَوْضِ: يَا صَاحِبَ الْحَوْضِ! هَلْ تَرِدُ حَوْضَكَ السِّبَاعُ؟ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ :يَا صَاحِبَ الْحَوْضِ! لاَ تُخْبِرْنَا فَإِنَّا نَرِدُ عَلَى السِّبَاعِ وَتَرِدُ عَلَيْنَا.''(27)

''امیر المؤمنین عمر بن خطاب ایک دن ایک جماعت کے ہمراہ نکلے، اس میں حضرت عمرو بن العاص بھی تھے، یہ لوگ ایک حوض پر پہنچے، تو حضرت عمرو بن العاص نے حوض والے سے پوچھا: کیا تمہارے حوض پر درندے آتے ہیں؟ حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا: اے شخص! ہمیں کچھ نہ بتا، اس لیے کہ ہم درندوں کے جانے کے بعد آتے ہیں اور وہ ہمارے بعد آتے ہیں۔''

'کشف الاسرار شرح اُصول البزدوی' میں اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد لکھا:

''فلولا أن خبره عدّ خيراً ما نهاه عن ذلک وعمرو بن العاص بالسؤال قصد الأخذ بالاحتياط، وقد كرهه عمر رضى الله عنهما لوجود دليل الطهارة باعتبار الأصل فعرفنا أنّه ما بقى هذا الدليل لا حاجة إلى احتياط آخر.''(28)

''اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ اُس خبر کو خیر جانتے، تو اُسے خبر دینے سے ہر گز منع نہ کرتے۔ حضرت عمرو بن العاص کا پوچھنا، احتیاط کی وجہ سے تھا، جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اصل کا اعتبار کرتے ہوئے اسے ناپسند کیا، کیونکہ دلیلِ طہارت موجود تھی، پس ہمیں معلوم ہوا کہ جب تک یہ دلیل باقی رہے گی، کسی دوسری احتیاط کی ضرورت نہیں ہو گی۔''

مختصر یہ کہ اگر اس حدیث کے موافق حضرت عمرو بن العاص کے عمل کو اپنایا جائے، تو یہ کتاب اللہ پر زیادتی کا موجب ہو گا۔ لہٰذا فقہاء کرام نے صراحت فرمائی ہے کہ اس طرح کے حوض کا پانی اپنے اصل حکم یعنی: طہارت پر ہی رہے گا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۔ تعاملِ اُمت نے اُس حدیث کے خلاف راہ دی ہوتی ہے۔

مثال: جیسے حدیثِ مخابرہ۔ امام نسائی اپنی 'سنن' میں عمرو بن دینار سے روایت کرتے ہیں:

''قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: كُنَّا نُخَابِرُ وَلَا نَرَى بِذَلِكَ بَأْسًا، حَتَّى زَعَمَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُخَابَرَةِ.''(29)

''انہوں نے کہا: میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سُنا: ہم مخابرہ کرتے تھے اور اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے، یہاں تک کہ رافع بن خدیج نے گمان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرہ سے منع فرمایا ہے۔''

سنن ابن ماجہ کی روایت میں یوں ہے:

''قال: سمعت ابن عمر، يقول: كنا نخابر ولا نرى بذلك بأسا، حتى سمعنا رافع بن خديج، يقول: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عنه، فتركناه لقوله.'' (30)

''انہوں نے کہا: میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سُنا: ہم مخابرہ کرتے تھے اور اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے، یہاں تک کہ ہم نے رافع بن خدیج کو یہ کہتے سُنا کہ رسول اللہ نے اس سے منع فرمایا ہے، پس ہم نے اسے ترک کر دیا۔''

کشف الاسرار شرح اُصول البزدوی میں ہے:

''فإنهم عملوا به فيما يعمّ به البلوى مثل ما روى عن ابن عمر رضى الله عنهما أنه قال: كنا نخابر أربعين سنة حتى روى لنا رافع بن خديج أنّ النبى عليه السلام نهى عن ذلك فانتهينا۔'' (31)

"علماء نے اس پر عمومِ بلویٰ کی وجہ سے عمل کیا، جیسا کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: ہم چالیس سال تک مخابرہ کرتے رہے، یہاں تک کہ رافع بن خدیج نے ہم سے یہ روایت بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے، پس ہم نے ایسا کرنا چھوڑ دیا۔"

چالیس سال تک اُن کا اس پر عمل کرتے رہنا، عمومِ بلویٰ کی وجہ سے تھا، معلوم ہوا کہ عمومِ بلویٰ کی وجہ سے بھی کبھی صحیح حدیث پر عمل متروک ہو جاتا ہے۔

۴۔ حدیث کے حکم کی بنا حالِ عصر یا عرفِ مصر تھا، کہ یہاں یا اب منقطع و منتہی ہے۔

مثال: جیسے صحیح بخاری و مسلم وغیرہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"لَا تَمْنَعُوا إِمَاءَ اللهِ مَسَاجِدَ اللهِ." (32)

"اللہ کی بندیوں (عورتوں) کو مساجد جانے سے نہ روکو۔"

چنانچہ زمانۂ اقدس میں صحابیات بلا خوف وخطر نماز باجماعت کے لیے مساجد جایا کرتی تھیں، بلکہ امیر المؤمنین عمر بن خطاب کی ایک زوجہ، جن کا نام عاتکہ بنت زید ہے، کے بارے میں عمدۃ القاری میں لکھا ہے:

"كانت امرأة لعمر-اسمها: عاتكة بنت زيد بن عمرو بن نفيل أخت سعيد بن زيد – تشهد صلاة الصبح والعشاء فى الجماعة فى المسجد، فقيل لها : لم تخرجين وقد تعلمين أن عمر يكره ذلک ويغار؟ قالت: وما يمنعه أن ينهانى؟ قال :يمنعه قول رسول الله صلى الله عليه وسلم :لا تمنعوا إماء الله مساجد الله." (33)

"حضرت عمر کی ایک زوجہ) جن کا نام عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیل تھا، یہ حضرت سعید بن زید کی ہمشیرہ تھیں (فجر وعشاء کی نماز باجماعت پڑھنے کے لیے مسجد آیا کرتی تھیں، اُن سے کہا گیا: مسجد کیوں آتی ہو حالانکہ جانتی ہو کہ عمر اس ناپسند کرتے ہیں اور غیرت کھاتے ہیں؟ جواب دیا: اُنھیں کیا چیز مجھے منع کرنے سے روکتی ہے؟ سائل نے کہا: رسول اللہ ﷺ کا فرمان روکتا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی بندیوں کو مساجد جانے سے نہ روکو۔"

جبکہ اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ سے روایت ہے، جیسا کہ صحیحین وغیرہ میں ہے، آپ نے فرمایا:

"لَوْ أَنَّ رَسُولَ الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِى إِسْرَائِيلَ، قَالَ: فَقُلْتُ لِعَمْرَةَ :أَنِسَاءُ بَنِى إِسْرَائِيلَ مُنِعْنَ الْمَسْجِدَ؟ قَالَتْ :نَعَمْ-" (34)

"اگر رسول اللہ ﷺ اِن عورتوں کا وہ حال مشاہدہ کرتے، جو ہم نے کیا، تو ضرور اُنھیں مسجد سے روک دیتے، جیسا کہ بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کر دیا گیا تھا۔ راویِ حدیث یحییٰ بن سعید کہتے ہیں کہ میں عمرۃ بنت عبد الرحمن سے پوچھا: کیا بنی اسرائیل کی عورتوں کو مسجد آنے سے منع کر دیا گیا تھا؟ انھوں نے کہا: ہاں۔"

علماء فرماتے ہیں کہ حدیث میں مسجد میں آنے کا حکم اُس زمانہ کے حال کے مطابق تھا، جب ہر طرف امن وامان تھا، خواتین بلاخوف وخطر مساجد میں صبح وشام حاضر ہو جایا کرتی تھیں، تاہم مرورِ وقت کے ساتھ فتنہ وفساد بڑھتا گیا اور شریروں نے مسلمان خواتین کو تنگ کرنا شروع کر دیا، نیز خواتین میں بھی کچھ ایسی باتیں پائی جانے لگیں کہ سیدہ عائشہ صدیقہ کو یہ کہنا پڑا۔ لہٰذا بالآخر عورتوں کے لیے مطلقاً ممانعت کا فتویٰ دیا گیا۔ ہمارے زمانے کا حال سب پر روشن ہے، لہٰذا موقع ومحل اور فرد کے اعتبار سے حکمتِ علمی اختیار کی جائے، واللہ المستعان۔

۵۔ حدیث پر عمل شدید تنگی اور دین میں حرج کی طرف داعی ہے۔

مثال: جیسا کہ حدیثِ شبہات، جسے صحاح ستہ وغیرہ کُتبِ حدیث میں روایت کیا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"إِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَالْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ اسْتَبْرَأَ فِيهِ لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ وَمَنْ وَاقَعَهَا وَاقَعَ الْحَرَامَ كَالرَّاعِي يَرْعَى حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ أَنْ يَرْتَعَ فِيهِ أَلَا وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى وَإِنَّ حِمَى اللهِ مَا حَرَّمَ، أَلَا وَإِنَّ فِي الْإِنْسَانِ مُضْغَةً إِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ أَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ."[35]

"بے شک حلال واضح ہے اور حرام واضح ہے اور ان دونوں کے درمیان مشتبہات ہیں، جنہیں بہت سے لوگ نہیں جانتے، پس جو شبہات سے بچے، وہ اپنے دین اور آبرو کو بچالے گا اور جو ان میں پڑ جائے، وہ حرام میں پڑ جائے گا، اُس چرواہے کہ طرح جو چراگاہ کے گرد ریوڑ چراتا ہے، قریب ہے کہ ریوڑ اُس میں چرنے لگے، آگاہ رہو! ہر بادشاہ کی ایک چراگاہ ہے اور اللہ کی چراگاہیں اُس کی حرام کردہ چیزیں ہیں، آگاہ رہو! انسان میں ایک گوشت کا لوتھڑا ہے، جب وہ صحیح ہو تو پورا جسم صحیح رہتا ہے اور جب اُس میں فساد آجائے تو پورا جسم فساد کا شکار ہو جاتا ہے، آگاہ رہو وہ دل ہے۔"

آج کا دور فتنوں کا دور ہے، ان فتنوں میں ایک بڑا فتنہ شکوک وشبہات پیدا کرنا ہے، عقائد ہوں، عبادات ہوں، یا معاملات واخلاقیات، ہر ایک میں کہیں نا کہیں شک وشبہ پیدا کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، بر سبیلِ تذکرہ آج کے دور میں کیا کھائیں اور کیا پئیں؟ آئے دن میڈیا کی شہ سرخیوں میں کھانے پینے کی اشیا میں ملاوٹ نشر ہونے کی وجہ سے ایک عام آدمی یہ ضرور سوچنے پر مجبور ہے کہ آخر وہ کیا کھائے یا کیا پئے؟ اگر آج شبہات کی وجہ سے کھانے پینے کی اشیا کا

استعمال بند کر دیا جائے، تو یقیناً شدید تنگی اور دین میں حرج کا باعث ہو جائے گا، یہی وجہ ہے کہ علماء فرماتے ہیں کہ ہمارا زمانہ شبہات کا ہے، انسان کو چاہیے کہ اپنے آنکھوں دیکھے حرام سے بچے۔[36]

اب حدیث پر عمل سے فتنہ وفساد ناشی ہے۔

مثال: جیسے غیر شادی شدہ زنا کرنے والے کو سو کوڑے مارنے کے بعد ایک سال کے لیے ملک بدر کرنا۔

چنانچہ حدیث میں ہے:

''قَضَى رَسُوْلُ الله صلى الله عليه وسلم فِيمَنْ زَنَى وَلَمْ يُحْصِنْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيبَ عَامٍ-''[37]

''رسول اللہ ﷺ نے غیر شادی شدہ زانی کے لیے سو کوڑوں اور ایک سال کی ملک بدری کا فیصلہ فرمایا''

امام بزدوی حنفی یہ حدیث ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

''ولم يعمل علماؤنا به؛ لأن عمر رضى الله عنه نفى رجلاً فلحق بالروم مرتداً، فحلف وقال: والله لا أنفى أحداً أبداً- فلو كان النفى حداً لما حلف؛ لأنّ الحد لا يترك بالارتداد فعرفنا أنّ ذلک كان بطريق السياسة والمصلحة.'' [38]

''اور ہمارے علماء نے اس) ملک بدر کرنے (پر عمل نہیں کیا، کیونکہ امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو ملک بدر کیا تھا، تو وہ مرتد ہو کر اہلِ روم سے جا ملا، جب آپ کو علم ہوا تو کہا: اللہ کی قسم! اب میں کسی کو ملک بدر نہیں کروں گا۔ امام بزدوی مزید لکھتے ہیں کہ اگر ملک بدر کرنا حد ہوتی، تو سیدنا عمر کبھی حلف نہیں اُٹھاتے، اس لیے کہ حد کو ارتداد کی وجہ سے ترک نہیں کیا جاتا، اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ یہ مصلحت وسیاست کی وجہ سے تھا۔'' واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷۔ حدیث کا منشاء کوئی امر عادی یا عارضی ہوتا ہے۔

مثال: امر عادی سے متعلق علماء نے اس حدیث کو لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی سنتیں ادا کرنے کے بعد کچھ دیر آرام فرمایا کرتے اور جلسۂ استراحت فرمایا کرتے تھے۔[39]

امر عارضی کی مثال یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے تو ثنیۂ کُدَاء سے داخل ہوتے اور جب باہر تشریف لے جاتے، تو ثنیۂ کُدا سے تشریف لے جاتے، اسی طرح آپ ﷺ کا سوار ہو کر حج ادا کرنا وغیرہ۔[40]

۸۔ حدیث پر عمل کا باعث کوئی حاجتِ خاصہ تھی نہ کہ تشریعِ دائمی۔

مثال: حدیث میں ہے۔

''كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُوْلَيَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُوْرَتَيْنِ يُطَوِّلُ فِي الأُوْلَى وَيُقَصِّرُ فِي الثَّانِيَةِ وَيُسَمِّعُ الآيَةَ أَحْيَانًا-''[41]

"نبی کریم ﷺ ظہر کی پہلی دو رکعات میں سورۂ فاتحہ اور دو سورتیں پڑھا کرتے تھے، پہلی کو طویل کرتے اور دوسری کو قصر اور کبھی کبھار آیت سُناتے تھے۔" الخ

یعنی کبھی کبھار ذرا بلند آواز سے آیت پڑھتے کہ مقتدی سُن بھی لیا کرتے۔ حالانکہ ہم جانتے ہیں کہ ظہر میں جہری قراءت نہیں کی جاتی، چنانچہ معلوم ہوا کہ ایسا کرنا تشریع کے لیے نہ تھا بلکہ کوئی اور حاجت تھی، واللہ تعالیٰ اعلم۔

اسی طرح امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ فجر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے، چنانچہ امام طحاوی حنفی روایت کرتے ہیں:

"عَنْ أَبِی رَافِعٍ قَالَ صَلَّیْتُ خَلْفَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَاةَ الصُّبْحِ فَقَرَأَ بِالْأَحْزَابِ فَسَمِعْتُ قُنُوتَهُ وَأَنَا فِی آخِرِ الصُّفُوفِ۔"(42)

"حضرت ابو رافع سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پیچھے فجر کی نماز پڑھی، آپ نے اس میں سورۂ احزاب پڑھی، پھر میں نے آپ کا دعائے قنوت پڑھنا سُنا حالانکہ میں آخری صف میں تھا۔"

اور یہ بات سب جانتے ہیں کہ عموماً فجر میں قنوت نہیں پڑھی جاتی۔ معلوم ہوا کہ یہ کسی حاجت کے لیے تھا نہ کہ تشریع کے لیے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹۔ حدیث محض کوئی خبر ہوتی ہے نہ کہ کوئی شرعی حکم۔

مثال: جیسے یہ

حدیث: عَنْ أَبِی جُرَیٍّ الْهُجَیْمِیِّ، قَالَ: أَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: عَلَیْکَ السَّلَامُ یَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ :لَا تَقُلْ عَلَیْکَ السَّلَامُ فَإِنَّ عَلَیْکَ السَّلَامُ تَحِیَّةُ الْمَوْتَی۔ (43)

"حضرت ابو جُری ہجیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! علیک السلام، فرمایا: علیک السلام نہ کہو کہ بے شک یہ مُردوں کا سلام ہے۔"

علماء فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں مقصود مجرد اخبار ہے نہ کہ حکمِ شرعی ہے۔(44)

۱۰۔ حدیث مفسر کی راوی صحابی نے مخالفت کی ہوتی ہے۔

مثال: جیسے اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی یہ حدیث:

"قَالَ النَّبِیّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ :أَیُّمَا امْرَأَةٍ نکحَتْ بِغَیْرِ إِذْنِ وَلِیِّهَا فَنِکَاحُهَا بَاطِلٌ ثَلَاثًا۔"(45)

"نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے، تو اُس کا نکاح باطل ہے، یہ بات تین بار ارشاد فرمائی۔

علماء فرماتے ہیں کہ اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس کے بعد اپنی بھتیجی کا نکاح اُس کے ولی کی اجازت کے بغیر کرا دیا تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا کو مذکورہ حدیث کے نسخ ہونے کا معلوم ہو گیا تھا، چنانچہ ''کشف الاسرار شرح المنار'' میں ہے:

''والمروی عنه إذا أنكر الرواية أو عمل بخلافه بعد الرواية مماهو خلاف بيقين يسقط العمل به۔''(46)

''راوی اگر روایت کا انکار کرے یا روایت کرنے کے بعد کسی چیز پر عمل کرے، جس سے روایت کا خلاف یقینی ہوتا ہو، تو اُس پر عمل متروک ہو جاتا ہے۔''

پھر کچھ صفحات کے بعد اس کی مثال میں یہی مذکورہ حدیث ذکر کی اور لکھا:

ثم إنها زوجت بنت أخيها عبد الرحمن بن أبي بكر بغير إذنه فعملها بخلاف الحديث يبين النسخ.''(47)

''پھر آپ رضی اللہ عنہا نے اپنے بھائی عبد الرحمن بن ابی بکر کی بیٹی کا نکاح اُن کیا جازت کے بغیر کرا دیا تھا، لہٰذا آپ رضی اللہ عنہا کا حدیث کے خلاف عمل نسخ کا بتاتا ہے، تلک عشرة كاملة۔''

خلاصۂ کلام:

مذکورہ بالا سطور سے معلوم ہوا کہ ہمیشہ عمل صحتِ حدیث پر متفرع نہیں ہوتا۔ احکام کے باب میں مروی بعض احادیثِ صحیحہ اجلہ صحابۂ کرام کے نزدیک بھی مؤول، منسوخ یا مرجوح تھیں۔ ائمہ مجتہدین پر ترکِ حدیث کا الزام درست نہیں رہتا۔ کہ وہ اُن اسباب ووجوہ کو ہم سے زیادہ جاننے والے تھے۔ جن کی وجہ سے احادیثِ صحیحہ پر عمل نہیں کیا جاتا یا نہیں کیا گیا، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

☆☆☆☆☆

﴿حوالہ جات حواشی﴾

1. سیوطی، جلال الدین عبد الرحمن، (1415ھ)۔ تدریب الراوی بشرح تقریب النواوی، ریاض، مکتبۃ الکوثر، ج:1، ص:45-46
2. حنفی، امام احمد رضا خان، (1425ھ)۔ فتاویٰ رضویہ، لاہور، رضا فاؤنڈیشن، ج:27، ص:64
3. فیروزآبادی، محمد بن یعقوب، (1426ھ)۔ القاموس المحیط، بیروت، مؤسسة الرسالة، باب الثاء، فصل الحاء، ج:1، ص:167

4. سخاوی، شمس الدین، محمد بن عبد الرحمن،(1424ھ).فتح المغیث بشرح الفیة الحدیث،قاهره، مکتبة السنة، ج:1، ص:22

5. سیوطی، تدریب الراوی، ج:1،ص:29

6. (i)پرہاروی،علامہ عبدالعزیز بن احمد، کوثر النبی وزلال حوضہ الروی، مخطوط، ص:2

(ii)تدریب الراوی فی تقریب النواوی، ج:1، ص:29،

(iii)عسقلانی،حافظ احمد بن علی بن حجر (1432ھ)-نزهة النظر فی توضیح نخبة الفکر، مکتبة البشری کراتشی، ص: 36

7. (i)سیوطی، تدریب الراوی،ج:1،ص:29

(ii)عبدالحق، شیخ،(۱۳۹۰ھ)۔ مقدمہ لمعات التنقیح فی شرح مشکوٰۃ المصابیح، مقدمۃ الکتاب،لاہور، مکتبۃ المعارف العلمیہ، ج1، ص:22

8. حنفی، امام احمد ارضا خان،(1427ھ)۔ فتاویٰ رضویہ،لاہور،رضا فاؤنڈیشن، ج:1، ص:314۔315

9. ضوی، مولانا محمد حنیف خان،(1424ھ)۔ جامع الاحادیث،لاہور،شبیر برادرز،ج:1، ص:187

10. سیوطی،تدریب الراوی' ج:1، ص:27

11. گھالوی، محمد انور، (2011ء)۔ضیاء علم الحدیث،کراچی،ضیاء القرآن پبلی کیشنز،ج:2، ص:20۔21

12. مقدمہ لمعات التنقیح فی شرح مشکوٰۃ المصابیح،ج:1، ص:26

13. شہرزوری، امام ابن الصلاح، (1426ھ)۔مقدمہ ابن الصلاح فی علوم الحدیث،بیروت ، دار الکتاب العربی،ص:13

14. حنفی، امام احمد رضا خان،(1414ھ)۔ فتاویٰ رضویہ،لاہور،رضا فاؤنڈیشن، ج:5، ص:437

نیز ملاحظہ ہو:قسطلانی،شہاب الدین،(1421ھ)۔ارشاد الساری، دار الفکر بیروت،ج:1،ص:46۔50

15. دہلوی، میاں نذیر حسین،(س۔ن)۔معیار الحق، لاہور، مکتبہ نذیریہ، ص:151

16. حنفی، فتاویٰ رضویہ،لاہور،ج:27، ص:70۔74

17. ابن حاج،مالکی، محمد بن محمد عبدری فاسی،(س۔ن)۔المدخل لابن الحاج، فصل فی ذکر الصلوۃ علی المیت فی المسجد، بیروت،دار الکتاب العربی ،ج:2، ص:289

18. قشیری، مسلم بن حجاج، امام، (1419) صحیح مسلم،ریاض،دار المغنی، کتاب الحیض، باب التیمم، ص:197، رقم:112

19. ونسائی، احمد بن شعیب، امام،(1417)۔سنن النسائی، ریاض، مکتبۃ المعارف، کتاب الطہارۃ، باب الاختلاف فی نوع التیمم، ص:57، رقم:316

20. صحیح مسلم، کتاب الطلاق باب المطلقۃ البائن لا نفقۃ لہا، ص:485، رقم:1480
21. دارقطنی، علی بن عمر، ابو الحسین،(1424ھ)۔سنن الدارقطنی،بیروت،مؤسسۃ الرسالۃ،ج:5، ص:45، رقم:4960
22. اصبہانی، احمد بن عبد اللہ، ابو نعیم،(1417ھ)۔المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم، بیروت، دار الکتب العلمی، ج:4، ص:168، رقم:3504
23. بخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ، امام،(1423ھ)۔ صحیح البخاری، دمشق، دار ابن کثیر، کتاب الطلاق، باب قصۃ فاطمہ بنت قیس، ص:1357، رقم:5323
24. طحاوی، احمد بن محمد ازدی، ابو جعفر،(1414ھ)۔ شرح معانی الآثار، عالم الکتب، کتاب الطلاق، باب المطلقۃ طلاقا بائناً۔ الخ، ج:3، ص:29، رقم:4529
25. ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، امام،(1417ھ)۔سنن الترمذی، ریاض، مکتبۃ المعارف، ابواب الطہارۃ باب الوضوء مما غیرت النار، ص:29، رقم:79
26. سنن الترمذی، ص:29، رقم:79
27. سجستانی، سلیمان بن اشعث، ابو داود،(1424ھ)۔سنن ابو داود، ریاض، مکتبۃ المعارف، کتاب الصلاۃ، باب من ترک القراءۃ فی صلاتہ، ص:144، رقم:820، وسنن الترمذی، ص:71، رقم:247
28. ابن الہمام، محمد بن عبد الواحد، کمال الدین،(س۔ن)۔ دار الفکر، بیروت، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، ج:1، ص:293۔294۔
29. اصبحی، مالک بن انس، امام، (1425ھ)۔الموطأ، مؤسسۃ زاید بن سلطان، ابو ظبی، ج:2، ص:31، رقم:62
30. (i) صنعانی، عبد الرزاق بن ہمام، ابو بکر،(1403ھ)۔المصنف، بیروت، المکتب الاسلامی، کتاب الطہارۃ، باب الماء ترده الکلاب والسباع، ج:1، ص:76، رقم:250
(ii) سنن دارقطنی، کتاب الطہارۃ، باب الماء المتغیر، ج:1، ص:38، رقم:62
31. بخاری، عبد العزیز بن احمد، علاء الدین،(س۔ن)۔ کشف الاسرار شرح اصول البزدوی، دار الکتاب الاسلامی، بیروت، باب بیان قسم الانقطاع، ج:3، ص:21
32. سنن النسائی، کتاب المزارعۃ، ص:602، رقم:3917
33. قزوینی، محمد بن یزید، ابو عبد اللہ،(س۔ن)۔سنن ابن ماجہ، بیروت، دار احیاء الکتب العربیۃ، ج:2، ص:819
34. کشف الاسرار شرح اصول البزدوی، باب بیان قسم الانقطاع، ج:3، ص:17
35. صحیح البخاری، کتاب الجمعہ، ص:218، رقم:900

36. عینی، محمد بن احمد ابو محمد، بدر الدین،(س۔ن)۔ عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، دار احیاء التراث العربی، بیروت، کتاب مواقیت الصلاۃ، ج:6، ص:194۔ 195
37. (i) صحیح البخاری، کتاب الاذان، ص:211، رقم:269 ۔
(ii)وصحیح مسلم، باب خروج النساء الی المساجد۔۔الخ، ص:234، رقم:445
38. صحیح البخاری، کتاب الایمان، ص:23،الرقم:52
39. حموی، احمد بن محمد ابو العباس،(1405ھ). غمز عیون البصائر فی شرح الاشباہ والنظائر، بیروت، دار الکتب العلمیة الفن الثانی، الفوائد، کتاب الحظر والاباحة، ج:3، ص:233۔
40. صحیح البخاری، کتاب الحدود، باب البکران یجلدان وینفیان،ص:1691، الرقم:6831
41. کشف الاسرار شرح اصول البزدوی، باب الطعن یلحق الحدیث من قبل غیر راویه، ج:3، ص:66
42. (i)ابن عابدین حنفی، محمد امین بن عمر، (س-ن)- رد المحتار علی الدر المختار، بیروت ، دار الفکر،کتاب الصلاۃ، مبحث مهم فی الکلام علی الضجعة بعد سنة الفجر، ج:4، ص:286
(ii)وشیخی زادہ، عبد الرحمن بن محمد، افندی، (س-ن)- مجمع الانهر فی شرح ملتقی الابحر، بیروت، دار احیاء التراث العربی، کتاب الصلاۃ، باب صفة الصلاۃ، ج:1، ص:150
43. زرکشی، بدر الدین محمد بن عبد الله، (1414ھ)۔البحر المحیط فی اصول الفقه، دار الکتب العلمیة، ج:6، ص:26
44. (i) صحیح البخاری، کتاب الاذان، باب القراءۃ فی الظهر، ص:187، الرقم:759
(ii)المحیط، کتاب الصلاۃ، الفصل الثالث عشر فی التراویح والوتر،ج:2، ص:23۔22،
(iii)والفصل السابع عشر فی سجود السهو، ج:2، ص:58
45. شرح معانی الآثار،کتاب الصلاۃ، باب القنوت فی صلاۃ الفجر وغیرها،ج:1، ص:324، الرقم:1479
46. سنن ابو داود، کتاب الادب، باب الکراهیة ان یقول: علیک السلام، ص:641، رقم:5209
47. فتاویٰ رضویہ،ج:27، ص:66
48. (i)سنن ابو داود،کتاب ا لنکاح، باب فی الولی، ص:605، الرقم:2083۔
(ii)وسنن ابن ماجة، کتاب النکاح، باب لا نکاح الا بولی، ص:650، الرقم:1879
(iii)سنن الترمذی، کتاب النکاح، ص:260، الرقم:1102
49. نسفی، عبد الله بن احمد، ابو البرکات،(دون سنة الطبع)- کشف الاسرار شرح المنار، بیروت ، دار الکتب العلمیة، باب اقسام السنة، فصل فی الطعن الذی یلحق الحدیث، ج:2، ص:75
50. نسفی، کشف الاسرار شرح المنار، باب اقسام السنة، فصل فی الطعن الذی یلحق الحدیث، ج:2، ص:79

﴿مصادر و مراجع﴾

القرآن

ابن الہمام، محمد بن عبد الواحد، کمال الدین، (س۔ن). بیروت، دار الفکر

اصبحی، مالک بن انس، (1425ھ). الموطأ، مؤسسۃ زاید بن سلطان، ابو ظبی

اصبہانی، احمد بن عبد اللہ، ابو نعیم، (1417ھ). المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم، بیروت، دار الکتب العلمی

بخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ، امام، (1423ھ). صحیح البخاری، دمشق، دار ابن کثیر

پرہاروی، علامہ عبد العزیز بن احمد، (س.ن). کوثر النبی وزلال حوضہ الروی، مخطوط

ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، امام، (1417ھ). سنن الترمذی، ریاض، مکتبۃ المعارف

حموی، احمد بن محمد ابو العباس، (1405ھ). غمز عیون البصائر فی شرح الاشباہ والنظائر، بیروت، دار الکتب العلمیۃ

حنفی، امام احمد رضا خان، (1427ھ). فتاویٰ رضویہ، لاہور، رضا فاؤنڈیشن

دار قطنی، علی بن عمر، ابو الحسین، (1424ھ). سنن الدار قطنی، بیروت، مؤسسۃ الرسالۃ

الدمشقی، محمد امین بن عمر ابن عابدین، (س۔ن). رد المحتار علی الدر المختار، بیروت، دار الفکر

دہلوی، شیخ عبد الحق، (1390ھ). مقدمہ لمعات التنقیح فی شرح مشکوٰۃ المصابیح، لاہور، مکتبۃ المعارف العلمیہ

دہلوی، میاں نذیر حسین، (س۔ن). معیار الحق، لاہور، مکتبہ نذیریہ

زرکشی، بدر الدین محمد بن عبد اللہ، (1414ھ)۔ دار الکتب العلمیۃ

سجستانی، سلیمان بن اشعث، ابو داود، (1424ھ)۔ سنن ابو داود، ریاض، مکتبۃ المعارف

سخاوی، شمس الدین، محمد بن عبد الرحمن، (1424ھ). فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث، قاہرہ، مکتبۃ السنۃ

سنن النسائی، کتاب المزارعۃ، ص:602، رقم:3917

سیوطی، جلال الدین عبد الرحمن، (1415ھ)۔ تدریب الراوی بشرح تقریب النواوی، ریاض، مکتبۃ الکوثر

شہرزوری، امام ابن الصلاح، (1426ھ)۔ مقدمہ ابن الصلاح فی علوم الحدیث، بیروت، دار الکتاب العربی

شیخی زادہ، عبد الرحمن بن محمد، افندی، (س۔ن)۔ مجمع الانہر فی شرح ملتقی الابحر، بیروت، دار احیاء التراث العربی

صنعانی، عبد الرزاق بن ہمام، ابو بکر، (1403ھ)۔ المصنف، بیروت، المکتب الاسلامی،

ضوی، مولانا محمد حنیف خان، (1424). جامع الاحادیث، لاہور شبیر برادرز

طحاوی، احمد بن محمد ازدی، ابو جعفر، (1414ھ)۔ شرح معانی الآثار، عالم الکتب

عسقلانی، حافظ احمد بن علی بن حجر (1432ھ)-نزهة النظر فی توضیح نخبة الفکر، کراتشی، مکتبة البشری

علاء الدین، عبد العزیز بن احمد، (س۔ن). کشف الاسرار شرح اصول البزدوی، بیروت، دار الکتاب الاسلامی

عینی، محمد بن احمد ابو محمد، بدر الدین، (س۔ن)۔ عمدة القاری، بیروت، دار احیاء التراث العربی

فیروزآبادی، محمد بن یعقوب، (1426ھ)۔القاموس المحیط، بیروت ،مؤسسة الرسالة

قزوینی، محمد بن یزید، ابو عبد الله، (دون سنة الطبع)-سنن ابن ماجه، بیروت، دار احیاء الکتب العربیة

قسطلانی، شہاب الدین، (1421ھ)۔ ارشاد الساری، بیروت، دار الفکر

قشیری، مسلم بن حجاج، امام، (1419) صحیح مسلم، ریاض، دار المغنی

مالکی، ابن حاج محمد بن محمد عبدری فاسی، (س۔ن). المدخل لابن الحاج، بیروت، دار الکتاب العربی

مگھالوی، محمد انور، (2011ء)۔ ضیاء علم الحدیث، کراچی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز

نسائی، احمد بن شعیب، امام، (1417)۔ سنن النسائی، ریاض، مکتبة المعارف

نسفی، عبد الله بن احمد، ابو البرکات، (س۔ن)۔ کشف الاسرار شرح المنار، بیروت، دار الکتب العلمیة

اَلْمَنْهَاجُ السَّوِيّ مِنْ الحَدِيْثِ النَّبَوِيّ کا منہج واُسلوب

☆صدف انصر
☆☆ڈاکٹر محمد کریم خان

Abstract

Verily, Hadith is the interpretation, explanation and illustration of the Glorious Qur'an. It is an established fact that Almighty Allah has protected this treasure through such men of knowledge who spent their lives in the compilation of Hadith and conveying it to the masses. These scholars devised rules and regulations for their followers. Countless scholars have undertaken the task of collecting, sorting and ordering of Hadith on different subjects which can be categorised under different heads. Following the footsteps of pious predecessors, Dr. Muhammad Tahir-ul-Qadri made a huge collection of Hadith on miscellaneous topics in accordance with the demands of the contemporary age and compiled it under the name "Al-Minhaj-us-Sawi Min Al-Hadith-in-Nabawi". This research article discusses the methodology of this book which is equally beneficial for people of every category.

Keywords: Hadith, methodology, beneficial,

دین حق اسلام ہی ہے[1]۔ اسلام کی بنیاد قرآن و سنت پر ہے۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی کریم ﷺ پر نازل کردہ وہ کتاب ہے جس کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ تعالیٰ نے لیا۔[2] حقانیتِ اسلام کی دوسری بڑی اساس پیغمبر اسلام ﷺ کی سنت مطہرہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی سیرت مبارکہ کو خود اللہ تعالیٰ نے "اسوۂ حسنہ "یعنی بہترین نمونہ قرار دیا[3]، اس لئے ضروری تھا کہ اس اسوۂ حسنہ کو بھی بنی نوع انسان کے لئے محفوظ رکھا جائے لہٰذا اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن مجید کی حفاظت کا وعدہ قرآن مجید کے ساتھ ساتھ رسول اللہ ﷺ کی سنت کی حفاظت کی بھی ضمانت ہے۔

☆ایم-فل اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات
☆☆اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات

کیونکہ سنت قرآن مجید کی طرف سے عطا کردہ ہدایت ورہنمائی کی عملی شکل ہے۔ اور قرآن وسنت لازم وملزوم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس دعوتِ حق کو آگے بڑھانے کے لئے اور قیامت تک نسل انسانی کو اس سے آگاہ کرنے کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے بعد اپنے ایسے بندوں کا سلسلہ بنایا جو اس کی مخلوق پر اس کی حجت پوری کرتے رہیں۔ یہ رجالِ ہدایت، طالبانِ ہدایت کے لئے شمعِ ہدایت روشن کرتے رہے اور انہوں نے اس کام کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ انہی کی بدولت قرآن مجید کے ساتھ ساتھ سنت مطہرہ بھی ذخیرۂ حدیث کی صورت میں آج ہمارے پاس موجود ہے اور قیامت تک رہے گی۔

بے شک حدیث نبوی قرآن مجید کی شرح اور تفصیل ہے۔ یہ ایک مسلّمہ امر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر زمانے میں اس علم کی ترویج واشاعت کے لئے ایسے رجال کار پیدا کئے جنہوں نے مختلف ادوار میں اس علم کے نظم وضبط کے حوالے سے شاندار کارنامے سرانجام دیئے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَثَلُ أُمَّتِي مَثَلُ الْمَطَرِ لَا يُدْرَى اَوَّلُهُ خَيرٌ اَمْ آخِرُهُ۔ (4)

"میری امت کی مثال بارش (کے قطروں) کی مانند ہے، نہیں معلوم کہ اس کا پہلا حصہ بہتر ہے یا آخری۔"

حدیث کی تدوین واشاعت کرنے والوں میں ائمہ صحاح ستہ اور دیگر ائمہ شامل ہیں۔ ان تمام ائمہ کرام نے اپنے بعد آنے والوں کے لئے احادیث نبوی کی جمع وترتیب کے لئے ایک پیمانہ اور طریقۂ کار وضع کیا۔ ڈاکٹر محمد طاہر القادری دور حاضر کی ان شخصیات میں سے ہیں جنہوں نے علمائے سابقین کے طریق پر چلتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی جمع وتدوین کے ذریعے اسلام اور امت مسلمہ کی خدمت کے لئے کمرِ ہمت باندھی۔ حدیث اور علم حدیث کے باب میں ان کی تقریباً ایک سو تصانیف ہیں۔(5) ان تصانیف ہی میں سے ایک ان کا مرتب کردہ حدیث کا مجموعہ "المنهاج السوي من الحديث النبوي" ہے۔ زیر نظر تحقیقی مقالے میں اس کتاب کا تعارف اور منہج واسلوب بیان کیا جارہا ہے۔

کتاب کا تعارف:

بے شمار علماء کرام نے مختلف موضوعات پر احادیث کی جمع وترتیب کا کام کیا جن کی درجہ بندی مختلف عنوانات کے تحت کی جاسکتی ہے۔ خطیب تبریزی کی مشکوٰۃ المصابیح، امام منذری کی الترغیب والترھیب، امام نووی کی ریاض الصالحین، اور امام دمیاطی کی "المتجر الرابح في ثواب العمل الصالح" ایسی نمایاں کتب ہیں جو صدیوں پہلے تالیف کی گئیں لیکن گزشتہ پانچ چھ صدیوں کے دوران کوئی ایسا منتخب مجموعۂ احادیث منظر عام پر نہیں آسکا جس کو ان کتب جیسی شہرت اور قبول عام مل سکا ہو۔ علمائے سلف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے عصر حاضر کی ضروریات کو سمجھتے ہوئے انہی کتب احادیث کے منہج پر "المنهاج السوي من الحديث النبوي" کے نام سے مختلف موضوعات پر

احادیث کی ایک کثیر تعداد کی جمع و ترتیب کا کام کیا۔ فہمِ دین اور اصلاحِ احوال و عقائد پر مشتمل یہ مجموعۂ احادیث کا اُردو ترجمہ اور تخریج حدیث کے ساتھ ہے۔

کتاب کے مباحث:

کتاب کا آغاز علماء عرب اور مشائخ کبار کی تقدیمات سے ہوتا ہے جن میں ڈاکٹر محمد سید طنطاوی (شیخ الازہر)، علی جمعہ (مفتیٔ اعظم، مصر)، پروفیسر ڈاکٹر احمد عمر ہاشم (سابق وائس چانسلر جامعہ الازہر) اور الشیخ اسعد محمد سعید الصاغرجی (مفتیٔ اعظم حنفیہ، شام) شامل ہیں۔ اس کے بعد "مُخْتَصَرُ الْجَوَاهِرِ الْبَاهِرَةِ فِي الاَسَانِيْدِ الطَّاهِرَةِ" کے عنوان کے تحت ائمہ حدیث اور تصوف کے طرق سے بارگاہ رسالت مآب ﷺ تک مؤلف کی مختصراً متصل اسانید دی گئی ہیں، جیسا کہ اپنے شیوخ تک اپنی اسانید کا ذکر کرنا متاخرین میں سے بڑے بڑے مسندِین کا طریقۂ کار رہا ہے۔ مؤلف نے اپنی اسانید تحریر کرنے کے بعد "الخُطْبَةُ السَّدِيْدَة فِي اصُوْلِ الحَدِيْثِ وَفُرُوْعِ العَقِيْدَة" کے عنوان کے تحت اپنی اس کتاب کا مقدمہ تحریر کیا ہے۔ اس میں اصول حدیث اور فروعات عقیدہ کا فصیح و بلیغ بیان ہے۔ مقدمہ کے بعد کتاب کی اصل مباحث کا آغاز ہوتا ہے۔ مؤلف نے اس کتاب کو بارہ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔

پہلے باب کا عنوان "الاِيْمَانُ وَالاِسْلَامُ وَالاِحْسَانُ" ہے۔ اس میں ایمان، اسلام اور احسان کا بیان ہے۔ اس باب کی نو فصول ہیں جو ایمان، حقیقت ایمان، مومن کی علامات اور صفات، اسلام، مسلمان کی علامات اور صفات، مسلمان کے مسلمان پر حقوق، احسان، محسن کی علامات اور صفات، کفر اور نفاق کی علامت کے بیان پر مشتمل ہیں۔

دوسرے باب کا عنوان "حُكْمُ الْخَوَارِجِ وَالْمُرْتَدِّيْنَ وَالْمُتَنَقِّصِيْنَ النَّبِيَّ ﷺ" ہے۔ اس میں خوارج و مرتدین اور گستاخان مصطفیٰ ﷺ کا بیان ہے۔

تیسرے باب کا عنوان "اَلْعِبَادَاتُ وَالْمَنَاسِكُ" ہے۔ اس میں عبادات اور مناسک کا بیان ہے۔ اس باب کی بارہ فصول ہیں جو فضیلت نماز، فرض نمازوں، فضیلت سنن اور نوافل، رمضان المبارک کے روزوں، نفلی روزوں، فضیلت قیامِ رمضان، فضیلت اعتکاف، صدقہ اور زکوٰۃ، اعزاء و اقرباء پر صدقہ کرنے، حج اور عمرہ، فضائل مکہ مکرمہ اور فضائل مدینہ منورہ کے بیان پر مشتمل ہیں۔

چوتھے باب کا عنوان "كَيْفِيَّةُ صَلَاةِ النَّبِيِّ ﷺ" ہے۔ اس میں حضور نبی اکرم ﷺ کے طریقۂ نماز کا بیان ہے۔ اس باب کی چار فصول ہیں جو حنفی مذہب کے مطابق امامت کرانے اور بلند آواز سے تسمیہ نہ پڑھنے، تکبیر اولیٰ کے علاوہ نماز میں رفع یدین نہ کرنے، امام کے پیچھے قراءت نہ کرنے اور بلند آواز سے آمین نہ کہنے کے بیان پر مشتمل ہیں۔

پانچویں باب کا عنوان ''صَلَاۃُ التَّرَاوِیْح وَعَدَدُ رَکْعَاتِھَا'' ہے۔ اس میں نماز تراویح اور اس کی تعداد رکعات کا بیان ہے۔

چھٹے باب کا عنوان ''الدُّعَاءُ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ الْمَکْتُوْبَۃِ'' ہے۔ اس میں فرض نمازوں کے بعد دعا کرنے کا بیان ہے۔ اس باب کی تین فصول ہیں جو فضیلت دعا، فرض نمازوں کے بعد دعا کرنے اور دعا میں ہاتھ اٹھانے کے بیان پر مشتمل ہیں۔

ساتویں باب کا عنوان ''الاِخْلَاصُ وَالرَّقَائِقُ'' ہے۔ اس میں اخلاص اور رقائق کا بیان ہے۔ اس باب کی دس فصول ہیں جو اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہونے، دنیا سے بے رغبتی، سچائی اور اخلاص، اللہ عزوجل کے لئے محبت کرنے کے ثواب، اللہ عزوجل کے بارے میں حسن ظن رکھنے، اللہ عزوجل کے خوف سے رونے، اچھی آواز سے تلاوت قرآن کرنے، قناعت اختیار کرنے اور لالچ سے بچنے، توبہ واستغفار، اذکار اور تسبیحات کے بیان پر مشتمل ہیں۔

آٹھویں باب کا عنوان ''فَضْلُ الْعِلْمِ وَالاَعْمَالِ الصَّالِحَۃ'' ہے۔ اس میں علم اور اعمال صالحہ کی فضیلیت کا بیان ہے۔ اس باب کی سات فصول ہیں جو علم اور علماء کی فضیلت، ذکر الٰہی اور ذاکرین کی فضیلت، حضور نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کی فضیلت، رات کو قیام کرنے کی فضیلت، حضور نبی اکرم ﷺ کی مدح اور نعت خوانی، زیارتِ قبور کی فضیلت اور فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کی فضیلت کے بیان پر مشتمل ہیں۔

نویں باب کا عنوان ''عَظَمَۃُ الرِّسَالَۃِ وَشَرَفُ الْمُصْطَفَی ﷺ'' ہے۔ اس میں عظمت رسالت اور شرف مصطفیٰ ﷺ کا بیان ہے۔ اس باب کی گیارہ فصول ہیں جو نبوت محمدی ﷺ کے شرف، حضور نبی اکرم ﷺ کے مناقب، حضور نبی اکرم ﷺ کا روضۂ انور میں اپنی روح مبارک اور جسد اقدس کے ساتھ زندہ ہونے، حضور نبی اکرم ﷺ کی وسعتِ علم اور کمالِ معرفت، امت سے قبر میں مقام مصطفیٰ ﷺ سے متعلق پوچھے جانے، روز قیامت شفاعت، حضور نبی اکرم ﷺ کی ذات اقدس اور آپ کے آثار مبارکہ سے حصول برکت، حضور نبی اکرم ﷺ اور صالحین سے توسّل، کائنات میں حضور نبی اکرم ﷺ کی مثل نہ ہونے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی تعظیم و توقیر کے بیان پر مشتمل ہیں۔

دسویں باب کا عنوان ''جَامِعُ الْمَنَاقِبِ'' ہے۔ اس میں جامع مناقب کا بیان ہے۔ اس باب کی چھے فصول ہیں جو حضور اکرم ﷺ کے اہل بیت اور اہل قرابت کے مناقب، خلفائے راشدین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مناقب، مناقبِ امام مہدی المنتظر علیہ السلام، ائمہ فقہاء مجتہدین کے مناقب، اولیاء اور صالحین کے مناقب اور صالحین کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تیار کردہ تسکینِ چشم وجاں کے بیان پر مشتمل ہیں۔

گیارہویں باب کا عنوان ''اَلْمُعْجِزَاتُ وَالْکَرَامَاتُ'' ہے۔ اس میں معجزات اور کرامات کا بیان ہے۔ اس باب کی دو فصول ہیں جو حضور نبی اکرم ﷺ کے معجزات، اولیاء اور صالحین کی کرامات کے بیان پر مشتمل ہیں۔

بارہویں باب کا عنوان ''شَرَفُ هَذِهِ الْاُمَّةِ'' ہے۔ اس میں امت محمدیہ ﷺ کے عزو شرف کا بیان ہے۔ اس باب کی پانچ فصول ہیں جو امت محمدیہ کے شرف، آخری زمانہ میں امت محمدیہ کی فضیلت، اِس امت کے کبھی بھی گمراہی پر جمع نہ ہونے، حضور نبی اکرم ﷺ کو اپنے بعد امت کے شرک میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہونے اور اس امت میں ائمہ مجددین کے بھیجے جانے کے بیان پر مشتمل ہے۔

تیرہویں باب کا عنوان ''الاِعْتِصَامُ بِالسُّنَّةِ'' ہے۔ اس میں سنت نبوی کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کا بیان ہے۔ اس باب کی تین فصول ہیں جو حضور نبی اکرم ﷺ کی سنتِ مطہرہ کو مضبوطی سے تھامے رکھنے، بری بدعت سے بچتے رہنے، بدعت حسنہ اور سنت سے اس کی اصل کے ثبوت کے بیان پر مشتمل ہیں۔

چودہویں باب کا عنوان ''اَلْبِرُّ وَالصِّلَةُ وَالْحُقُوْقُ'' ہے۔ اس میں نیکی، صلہ رحمی اور حقوق کا بیان ہے۔ اس باب کی چھے فصول ہیں جو حسن اخلاق، مشکلات میں لوگوں کے کام آنے پر اجر، والدین کے ساتھ نیک سلوک اور صلہ رحمی، بڑوں اور چھوٹوں کے حقوق، خاندان اور اولاد کے حقوق اور جامع حقوق کے بیان پر مشتمل ہیں۔

پندرہویں باب کا عنوان ''الآدَابُ وَالْمُعَامَلَةُ'' ہے۔ اس میں آداب اور معاملات کا بیان ہے۔ اس باب کی نو فصول ہیں جو ملاقات اور سلام کے آداب، آدابِ گفتگو، کھانے پینے کے آداب، مومن کے مومن کے ساتھ معاملات، آدابِ لباس، مجلس میں بیٹھنے کے آداب، آدابِ سفر، مرحومین اور جنازہ کے آداب اور جامع آداب کے بیان پر مشتمل ہیں۔

سولہویں باب کا عنوان ''الأَحَادِيَّاتُ وَالثُّنَائِيَّاتُ وَالثُّلَاثِيَّاتُ'' ہے۔ اس میں اُحادیات و ثنائیاتِ امام اعظم اور ثلاثیاتِ امام بخاری کا بیان ہے۔ اس باب کی تین فصول ہیں جو امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ایک واسطہ کی روایات، امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی دو واسطوں کی روایات ثنائیات اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے مروی تین واسطوں کی روایات ثلاثیات کے بیان پر مشتمل ہیں۔

کتاب کی امتیازی خصوصیات:

اس مجموعۂ احادیث کی چند امتیازی خصوصیات درج ذیل ہیں:

یہ کتاب گیارہ سو احادیث پر مشتمل اور کم و بیش ایک ہزار صفحات پر محیط ہے۔

تمام احادیث کی باقاعدہ تخریج کی گئی ہے۔

احادیث کے انتخاب میں نہایت احتیاط سے کام لیا گیا ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ ہر حدیث صحت کے اعلیٰ معیار کی حامل ہو۔ وہی احادیث ذکر کی گئی ہیں جو موضوع سے براہ راست متعلق ہیں۔

اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت ترجمۃ الابواب یعنی ابواب کے عنوانات ہیں۔ ابواب اور فصول کے انتہائی واضح عنوانات کے تحت براہ راست احادیث درج کر دی گئی ہیں، اس سے مقصد یہ ہے کہ لوگ ان عنوانات کو ثانوی مصادر اور کتب سے پڑھنے اور سمجھنے کی بجائے براہ راست احادیث نبویہ سے سمجھیں۔ یہ بلاشبہ ایک اجتہادی کاوش ہے۔ احادیث نبویہ کے وسیع خزانے سے ماخوذ یہ مجموعۂ حدیث ہر طبقہ کے لوگوں کے لئے یکساں مفید ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں تقریباً پونے تین سو مستند کتب حدیث سے استفادہ کیا گیا ہے۔

یہ کتاب دینی عقائد کی درستگی کے لئے بنیاد فراہم کرتی ہے، قارئین کو عمل صالح کرنے پر ابھارتی اور عملی زندگی میں ان کی رہنمائی کرتی ہے۔

اردو زبان کے قارئین کے لئے اس کتاب میں عربی زبان کے ساتھ ساتھ اردو ترجمہ دیا گیا ہے۔

اس کتاب کا انگریزی ترجمہ بھی ہو چکا ہے جو دو جلدوں پر مشتمل ہے۔ پہلی جلد کا عنوان Prophetic Virtues and Miracles ہے جبکہ دوسری جلد کا عنوان Righteous Character and Social Interactions ہے۔

کتاب کا منہج و اسلوب استدلال:

المنهاج السوي من الحديث النبوي منہج و اسلوب کے اعتبار سے امام نووی کی ریاض الصالحین اور خطیب تبریزی کی مشکوٰۃ المصابیح سے مشابہ ہے۔

کتاب کو متفرق ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے، جیسے اَلْبَابُ الْأَوَّلُ: الإِيْمَانُ وَ الإِسْلَامُ وَ الإِحْسَانُ، اَلْبَابُ الثَّانِي: حُكْمُ الْخَوَارِجِ وَالْمُرْتَدِّيْنَ وَالْمُتَنَقِّصِيْنَ النَّبِيَّ ﷺ، اَلْبَابُ الثَّالِثُ: اَلْعِبَادَاتُ وَ الْمَنَاسِكُ، وغیرہ۔

ابواب کو عربی زبان میں نام دیئے گئے ہیں اور ان ناموں کا اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر: اَلْبَابُ الْأَوَّلُ: الإِيْمَانُ وَالإِسْلَامُ وَالإِحْسَانُ ﴿ایمان، اسلام، اور احسان﴾، اَلْبَابُ الثَّانِي: حُكْمُ الْخَوَارِجِ وَ الْمُرْتَدِّيْنَ وَ الْمُتَنَقِّصِيْنَ النَّبِيَّ ﷺ ﴿خوارج و مرتدین اور گستاخانِ مصطفیٰ کا بیان﴾ ''اَلْبَابُ الثَّالِثُ: اَلْعِبَادَاتُ وَالْمَنَاسِكُ'' ﴿عبادات اور مناسک﴾، اور اسی طرح تمام دیگر ابواب۔ ہر باب میں اس سے متعلقہ احادیث ہیں۔

ابواب کو حسب ضرورت فصول میں تقسیم کیا گیا ہے، جیسے فَصْلٌ فِي الإِيْمَانِ، فَصْلٌ فِي فَضْلِ الصَّلَاةِ، فَصْلٌ فِي تَرْكِ الْقِرَاءَةِ خَلْفَ الإِمام، وغیرہ۔

فصول کو بھی عربی زبان میں نام دیئے گئے ہیں اور ان ناموں کا اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر: فَصْلٌ فِي الإِيْمَانِ ﴿ایمان کا بیان﴾، فَصْلٌ فِي فَضْلِ الصَّلَاةِ ﴿فضیلتِ نماز کا بیان﴾، فَصْلٌ فِي تَرْكِ الْقِرَاءَةِ خَلْفَ

الإِمَامِ ﴿اِمام کے پیچھے قرأت نہ کرنے کا بیان﴾ وغیرہ۔

ہر فصل کے تحت اس سے متعلقہ احادیث ہیں اور ہر حدیث کو نمبر دیا گیا ہے جیسے ۱، ۲، ۳۔

کتاب میں شامل تمام احادیث کے ساتھ ان کا اردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ اسلوب یہ اختیار کیا گیا ہے کہ حدیث کے عربی متن کو تحریر کرنے کے فوراً بعد نیچے اس کا اردو ترجمہ تحریر کیا گیا ہے۔ مزید بر آں ترجمہ میں قوسین کے اندر متن کی حسب ضرورت وضاحت بھی کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر:

١٦/١٦- عَنْ أَبِي مُوْسَى رضى الله تعالى عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

"حضرت ابو موسیٰ (اشعری) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک مومن دوسرے مومن کے لئے ایک (مضبوط) دیوار کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کرتا ہے، اور (اس بات کی وضاحت کے طور پر) آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالیں۔"(6)

شاملِ کتاب تمام احادیث کی تخریج کی گئی ہے اور رقم الحدیث کا خصوصی اہتمام کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔

احادیث کے حوالہ جات کی تخریج ساتھ ساتھ کی گئی ہے۔ اس کا اسلوب یہ ہے کہ حدیث کے ساتھ مختصر حوالہ دیا گیا ہے جیسے: مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ، رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ، وغیرہ اور صفحے پر نیچے حاشیے (Foot note) میں تفصیلی حاشیہ دیا گیا ہے جیسے: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتابُ: الأدبِ، باب: اِثْمِ مَن لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ، ٥/٢٢٤٠، الرقم: ٥٦٧٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الايمان، باب: بيان تحريم ايذاء الجار، ١/٦٨، الرقم: ٣٦، والحاكم فی المستدرک، ١/٥٣، الرقم: ٢١، و قال الحاكم: هذا حديث صحيح۔

ہر باب اور فصل کو بیان کرنے کے لئے صرف احادیث اور ان کے اردو ترجمے پر اکتفا کیا گیا ہے۔ احادیث کی شروحات یا مؤلف کی طرف سے کسی قسم کا کوئی مزید اضافہ شامل نہیں کیا گیا۔

بعض ابواب کے فائدہ میں اضافہ کی غرض سے آثار صحابہ تابعین کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر:

ذكر ابن الأثير في الكامل: خَرَجَ الأَشْعَثُ بِالْكِتَابِ يَقْرَؤُهُ عَلَى النَّاسِ حَتَّى مَرَّ عَلَى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِيتَمِيْمٍ فِيْهِمْ عُرْوَةُ بْنِ أُدَيَّةِ أَخُوْ اَبِي بِلَالِ فَقَرَأَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ عُرْوَةُ: تَحَكَّمُوْنَ فِيأَمْرِ اللهِ الرِّجَالُ؟ لَا حُكْمَ اِلَّا لِلّٰهِ۔

"امام ابن اثیر نے "الکامل" میں بیان کیا: "اشعث بن قیس" نے اس عہد نامہ کو (جو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ہوا تھا) لے کر ہر ہر قبیلہ میں لوگوں کو سنانا شروع کیا۔ جب قبیلہ بنی تمیم میں پہنچے تو عروہ بن اُدیہ (خارجی) جو ابو بلال کا بھائی تھا بھی ان میں تھا جب

اس نے وہ معاہدہ انہیں سنایا تو عروہ (خارجی) کہنے لگا: اللہ تعالیٰ کے امر میں آدمیوں کو حکم بناتے ہو؟ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حکم نہیں کر سکتا۔"(7)

حوالہ جات کے لئے صرف ایک کتاب یا صحاح ستہ پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ جن جن مصادرِ حدیث میں وہ حدیث موجود ہے' ان سب کا حوالہ درج کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر:

١٣٢/١٤- عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، وَ الْجُمُعَةُ إِلَى الْجُمُعَةِ، وَ رَمَضَانُ إِلَى رَمَضَانَ، مُكَفِّرَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ إِذَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ۔(8)

مندرجہ بالا حدیث کا حوالہ جن کتب سے دیا گیا ہے' وہ یہ ہیں: صحیح مسلم، سنن ترمذی، سنن ابن ماجہ، مسند احمد بن حنبل، صحیح ابن حبان اور المستدرک للحاکم۔

گزشتہ سطور میں بیان کردہ زیرِ نظر کتاب کے منہج و اسلوب کو مزید بہتر طور پر سمجھنے کے لئے ایک مثال ملاحظہ ہو:

١٣/١٣- عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَسْتَقِيْمُ إِيْمَانُ عَبْدٍ حَتَّى يَسْتَقِيْمَ قَلْبُهُ، وَلَا يَسْتَقِيْمُ قَلْبُهُ حَتَّى يَسْتَقِيْمَ لِسَانُهُ، وَلَا يَدْخُلُ (الْجَنَّةَ رَجُلٌ) لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کسی بندہ کا ایمان اس وقت تک درست نہیں ہوتا جب تک اس کا دل درست نہ ہو اور دل اس وقت تک درست نہیں ہوتا جب تک اس کی زبان درست نہ ہو جائے، اور کوئی بھی شخص اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کا پڑوسی اس کی اذیت سے محفوظ نہ ہو جائے۔"(9)

متن حدیث کے ساتھ مختصر حوالہ درج کرنے کے ساتھ ساتھ حاشیہ میں مندرجہ بالا حدیث کا تفصیلی حوالہ یوں دیا گیا ہے:

الحديث رقم:١٣ أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/ ١٩٨، الرقم: ١٣٠٧١، والبيهقى فى شعب الإيمان، ١/ ٤١، الرقم: ٨، والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢/ ٦٢، الرقم: ٨٨٧، والمنذرى فى الرغيب والترهيب، ٣/ ٢٤٠، الرقم: ٣٨٦٠، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١/ ٧٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد ووثّقه، ١/ ٥٣۔(10)

کتاب کی ایک اہم خصوصیت:

المنهاج السوي من الحديث النبويكی ایک اہم خصوصیت اس کا آخری یعنی سولہواں باب الأحَادِيَّاتُ وَالثُّنَائِيَّاتُ وَالثُّلَاثِيَّاتُ ہے۔ اس کی تین فصول ہیں۔ پہلی فصل کا نام فَصْلٌ فِي أُحَادِيَّاتِ الإِمَامِ أَبِي حَنِيْفَةَ۔ اس میں ایسی سولہ احادیث کو درج کیا گیا ہے جنہیں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے صرف ایک واسطہ سے رسول اللہ ﷺ سے

روایت کیا ہے یعنی امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے براہ راست کسی صحابی سے وہ حدیث لی۔ مثال کے طور پر پہلی حدیث درج ذیل ہے:

''رَوَى أَبُوْ حَنِيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ۔''(11)

''حضرت ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔''

حاشیہ میں ان تمام کتب کا حوالہ دیا گیا ہے جن میں مذکورہ حدیث موجود ہے۔ مندرجہ بالا حدیث کا حوالہ حاشیہ میں یوں دیا گیا ہے:

الحديث رقم ١: أخرجه الخوارزمي فى جامع المسانيد الإمام أبي حنيفة، ١/ ٨٣، و أخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: ابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل العلماء و الحث على طلب العلم، ١/ ٨١، الرقم: ٢٢٤، و أبو يعلى فى المسند، ٥/ ٢٢٣، الرقم: ٢٨٣٧، وفى المعجم، ١/ ٢٥٧، الرقم: ٣٢٠، و الطبرانيفي المعجم الأوسط، ٢/ ٢٨٩، الرقم: ٢٠٠٨، و في المعجم الكبير، ١٠/ ١٩٥، الرقم: ١٠٤٣٩، و القضاعي فى مسند الشهاب، ١/ ١٣٦، الرقم: ١٧٥، والصيداوي فى معجم الشيوخ، ١/ ١٧٧-(12)

مذکورہ باب کی دوسری فصل کا نام فَصْلٌ فِي ثُنَائِيَّاتِ الإِمَامِ أَبِي حَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ ہے اس میں ایسی ۲۲ احادیث کو درج کیا گیا ہے جنہیں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے صرف دو واسطوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔ ان روایات میں سے ایک بطور مثال درج ذیل ہے:

''رَوَى أَبُوْ حَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدُ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَرَأَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَوْلُهُ تَعَالَى: ﴿وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنَى﴾ قَالَ: بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ ﴿وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنَى﴾ قَالَ: بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ۔''(13) أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ۔

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت مبارکہ تلاوت فرمائی: "اور اس نے اچھائی کی تصدیق کی۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اس سے مراد) لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ کی تصدیق کرنا ہے۔ "اور اس نے اچھائی کو جھٹلایا۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اس سے مراد) لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ کو جھٹلانا ہے۔''

مذکورہ حدیث امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے حضرت ابو زبیر سے اور انہوں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔ اس حدیث کا حوالہ حاشیہ میں یوں دیا گیا ہے:

الحديث رقم ١٧: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ١/ ٩٥-(14)

مذکورہ باب کی تیسری فصل کا نام فَصْلٌ فِي ثُلَاثِيَاتِ الإِمَامِ الْبُخَارِيّ رحمه الله ہے۔ اس میں ایسی بائیس احادیث کو درج کیا گیا ہے جنہیں امام بخاری نے صرف تین واسطوں سے رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا ہے۔ ان روایات میں سے ایک بطور مثال درج ذیل ہے:

''حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ يَقُلْ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.(15) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ-

"حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو میرے متعلق ایسی بات کہے جو میں نے نہ کہی ہو تو وہ جہنم کے اندر اپنا ٹھکانہ تیار رکھے۔"

مذکورہ حدیث کو امام بخاری رحمہ اللہ نے مکی بن ابراہیم سے، انہوں نے یزید بن ابو عبید سے اور انہوں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ اس حدیث کا حوالہ حاشیہ میں حسب ذیل دیا گیا ہے:

الحديث رقم ٣٩: أخرجه البخاری في الصحيح، كتاب: العلم، باب: إثم من كذب على النبي ﷺ، ١/ ٥٢، الرقم: ١٠٩، و ابن ماجه عن أبي هريرة رضی اللہ عنہ فی السنن، المقدمة، باب: التغليظ فی الكذب على رسول الله ﷺ، ١/ ١٣، الرقم: ٣٤، و ابن حبان عن أبي هريرة رضی اللہ عنہ فی الصحيح، ١/ ٢١٠، الرقم: ٢٨، والحاكم عن أبي قتادة رضی اللہ عنہ فی المستدرک، ١/ ١٩٤، الرقم: ٣٧٩، وَقَالَ الحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، و أحمد بن حنبل عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فی المسند، ١/ ٦٥، الرقم: ٤٦٩، و البيهقی فی السنن الكبری، ١٠/ ١١٢، و الشافعی فی المسند، ١/ ٢٣٩، و ابن أبي شيبة فی المصنف، ٥/ ٢٩٦، الرقم: ٢٦٢٤٩، و البزار فی المسند، ٦/ ٣١، الرقم: ٢١٠٠، و الشاشی فی المسند، ١/ ٢٤٩، الرقم: ٢١٥، و الطيالسی فی المسند، ١/ ١٤، الرقم: ٨٠، و أبو يعلى فی المسند، ١٠/ ٥٠٦، الرقم: ٦١٢٣، و الطبرانی فی المعجم الكبير، ١/ ١٧١، الرقم: ٤٢٦.(16)

اس سولہویں باب پر ہی کتاب کے مباحث کا اختتام ہوتا ہے۔

کتاب کے مصادر و مراجع:

اس کتاب میں جن مصادر و مراجع سے استفادہ کیا گیا ہے' ان کی تعداد 277 ہے اور کتاب کے آخر میں ان تمام مصادر و مراجع کی فہرست دی گئی ہے۔

نتیجہ بحث:

کتاب المنهاج السوي من الحديث النبوي منہج و اسلوب کے اعتبار سے ریاض الصالحین اور مشکوٰۃ المصابیح کے مشابہ ہے۔ یہ کتاب عصر حاضر کے اعتقادی و فکری مسائل کا احاطہ کرتی ہے اور ایک مسلمان کو قرآن و سنت پر مبنی صراط مستقیم دکھلاتی ہے۔ یہ فہم دین اور اصلاحِ عقائد و اعمال پر مشتمل احادیث کا مجموعہ ہے جو گیارہ سو احادیث پر مشتمل ہے۔ درج شدہ تمام احادیث مستند اور باحوالہ ہیں۔ یہ کتاب ابواب و فصول میں منقسم ہے جن کے واضح عنوانات کے تحت موضوع سے متعلقہ احادیث براہ راست درج کر دی گئی ہیں تاکہ قارئین ان موضوعات کو ثانوی مصادر اور کتب سے پڑھنے اور سمجھنے کی بجائے براہ راست احادیث نبویہ سے سمجھیں۔ اس طرح علامہ نووی اور خطیب تبریزی کے صدیوں بعد اسی طرز کا تخلیقی شاہکار ہے جو بلاشبہ ایک اجتہادی کاوش ہے۔

یہ کہ کتاب المنهاج السوي من الحديث النبوي کو نہایت محنت و کاوش سے علمی و تحقیقی منہج پر مرتب کی گئی تالیف کیا گیا ہے جو متعدد امتیازی خصوصیات کی حامل ہے۔

یہ کتاب احادیث کے ذریعے عصر حاضر میں دینی عقائد و اعمال کی درستگی کے لئے بنیاد فراہم کرتی ہے جو اہل علم اور عوام الناس' دونوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ بلاشبہ یہ علم حدیث کے باب میں ایک اہم اور قابل ذکر اضافہ ہے۔

☆☆☆☆☆

﴿حوالہ جات﴾

1. اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ الله الْاِسْلَام (آل عمرٰن 19:3)
2. اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهُ لَحَافِظُوْنَ (الحجر 9:15)
3. لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ الله اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب 21:33)
4. ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ،(1998ء)- السنن- بیروت، دار الغرب ، کتاب الامثال عن رسول الله ﷺ، حدیث الاسلامی 3109
5. "A Profile of Shaykh-ul-Islam Dr Muhammad Tahir-ul-Qadri". **Minhaj-ul-Quran International**.
<http://www.minhaj.org/english/tid/8718/A-Profile-of-Shaykh-ul-Islam-Dr-Muhammad-Tahir-ul-Qadri.html>

6. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر، (2012ء). المنهاج السوي من الحديث النبوي، لاہور: منہاج القرآن پرنٹرز، ص: 103
7. ایضاً، ص:183
8. ایضاً، ص:206
9. ایضاً، ص:101
10. ایضاً
11. ایضاً، ص:873
12. ایضاً
13. ایضاً، ص:883
14. ایضاً
15. ایضاً، ص:894
16. ایضاً

☆☆☆☆☆

﴿مصادر و مراجع﴾

1. القرآن
2. ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ،(1998ء)- السنن- بیروت، دار الغرب ، کتاب الامثال عن رسول الله ﷺ، حدیث الاسلامی، الرقم:3109
3. القادری، محمد طاہر، ڈاکٹر، (2012ء). المنهاج السوي من الحديث النبوي، لاہور: منہاج القرآن پرنٹرز
4. http://www.minhaj.org/english/tid/8718/A-Profile-of-Shaykh-ul-Islam-Dr-Muhammad-Tahir-ul-Qadri.html

تصوف کے منابع اور مناہج تربیت

☆ڈاکٹر سید علیم اشرف جائسی

Abstrect

The Islamic Shariah has given two types of orders to the Muslims. One those which are related to the appearance and physique of a Muslim. While other one is related to his heart & soul. For temporal success and salvation in afterwards life, both apparent & inward reforms are very important. It is proved from the Quran & Hadith. On this basis, we can say that the word "Tazkia" (purification of self) mentioned in Quran and "Ihsan" (perfection) in Hadith is the base of mysticism or spiritual sciences. Mysticism is not only limited to an ideology, rather there is a practical pathway appointed for it. It is consisted on affairs like fellowship, allegiance, hard work, recall and solitude.

Apart from it, the Sufis have also described the practices & places of mysticism in detail. It includes affairs like repentance, accountancy, fear, hope, sincerity, purity, patience, piety, voluntarism, fortitude and gratitude.

After passing through these practices, a pure believer can attain cleanness of apparent & conscience. Hence he is adorned with high morals.

Keyword: Mysticism, sincerity, purity, patience, piety

شریعت مطہرہ نے انسان کی صلاح و فلاح اور دنیا و آخرت میں اس کی کامیابی و کامرانی کے لیے اسے دو قسم کے احکام دیئے ہیں: اِن احکام کی ایک قسم وہ ہے جس کا تعلق انسان کے جسم اور قالب سے ہے، اور دوسری قسم وہ ہے جس کا تعلق انسان کے روح و قلب سے ہے۔ پھر قلب و قالب دونوں سے متعلق احکام مزید دو دو قسموں میں منقسم ہیں: اوامر اور نواہی۔ جسم سے متعلق اوامر ہیں: نماز، زکاۃ، روزہ اور حج وغیرہ؛ نواہی ہیں: چوری، شراب نوشی اور زنا وغیرہ۔ اسی طرح قلب سے متعلق اوامر میں اللہ تعالیٰ، فرشتوں، رسولوں، آسمانی کتابوں اور آخرت پر ایمان لانا وغیرہ شامل ہے۔ صدق و توکل رضا اور شکر وغیرہ بھی اوامر قلبیہ کا حصہ ہیں۔ جبکہ قلب سے متعلق نواہی میں کفر، نفاق، کبر، بغض، ریا، حسد اور خود پسندی وغیرہ داخل ہیں۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، مولانا آزاد نیشنل یونیورسٹی، حیدرآباد دکن، انڈیا

تصوف کی ضرورت و اہمیت:

اور شرعا دونوں سے متعلق احکام کی بجا آوری مطلوب ہے۔ لیکن احکام قلبیہ اوامر ہوں یا نواہی-اس حیثیت سے زیادہ اہم ہیں کہ انہیں پر جسم کے اعمال کی صحت و قبولیت کا دار و مدار ہوتا ہے۔

رحمت عالم ﷺ وسلم فرماتے ہیں:

''إن فی الجسد مضغة إذا صلحت صلح الجسد کله، و إذا فسدت فسد الجسد کله، ألا وهی القلب'' (1)

''بلاشبہ جسم میں ایک ٹکڑا ہے اگر یہ درست ہے تو پورا جسم درست ہے اور اگر یہ فاسد ہے تو پورا جسم فاسد ہے، ہشیار رہو یہ ٹکڑا دل ہے۔''

جسم میں یہی وہ ٹکڑا ہے جو رب تعالیٰ کا محلّ نظر ہے، ارشاد نبوی ہے:

''إن الله لا ینظر إلی أجسادکم ولا إلی صورکم ولکن ینظرإلی قلوبکم''(2)

''اللہ تعالیٰ نہ تمہارے جسموں کو دیکھتا ہے نہ تمہاری صورتوں دیکھتا ہے، لیکن وہ تمہارا دل دیکھتا ہے۔''

لہٰذا دنیا میں اعمال کی صحت اور آخرت میں نجات دونوں کا دار و مدار دل کی اصلاح پر ہے۔ اس سے قلب اور اس سے متعلق احکام دونوں کی غیر معمولی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

علاوہ ازیں قلب سے متعلق احکام کی اہمیت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جسم کے بر خلاف دل کے امراض و عیوب بہت خفیہ اور باریک ہوتے ہیں، جن کا علم و ادراک بڑی مشکل سے ہوتا ہے۔ بلکہ بسا اوقات ہم اپنے دل کے عیب کو ہنر اور نقص کو کمال سمجھ لیتے ہیں۔ مثلا کوئی اپنے ٹوٹے ہوئے پیر کو صحیح نہیں سمجھتا، نہ ہی بخار اور سر درد کے شعور میں کبھی کوئی غلطی کرتا ہے، لیکن بے شمار لوگ ایسے ہیں جو تکبر کو عزت نفس، تملق کو احترام غیر، غیبت کو حق گوئی، اہانت ذات کو تواضع، بزدلی کو حزم و احتیاط، تہور کو شجاعت اور بخل کو اقتصاد سمجھتے ہیں۔

تزکیہ نفس اور تصفیہ اخلاق کے ذریعے دل کے تمام عیوب و امراض حتی کہ وساوس و خطرات کو بھی دور کیا جاسکتا ہے۔ اور دل سے متعلق احکام کی اچھی طرح سے بجا آوری کی جاسکتی ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

''قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّهَا''(3)

یعنی کامیاب وہ ہوا جس نے نفس کا تزکیہ کیا۔

تصوف اسی تزکیہ نفس اور تصفیہ اخلاق کا نام ہے جس کے ذریعے انسان اپنے ظاہر و باطن کی تعمیر کر سکتا ہے تاکہ وہ ابدی سعادتوں سے ہمکنار ہو سکے۔ قاضی زکریا انصاری متوفی ۹۲۹ھ، تصوف کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''التصوف: علم تعرف به أحوال تزكية النفوس وتصفية الأخلاق و تعمير الظاهر و الباطن لنيل السعادة الأبدية'' (4)

''تصوف ایسا علم جس کے ذریعے نفوس کے تزکیہ، اخلاق کی صفائی اور ظاہر و باطن کی تعمیر کے احوال کو جانا جاتا ہے، تاکہ ابدی خوش بختی حاصل ہو سکے۔''

مختصر یہ کہ اعمال کا دار و مدار قلب پر ہے، اور وہی رب تعالیٰ کا محل نظر ہے، پھر قلب کی صلاح و فلاح تزکیہ پر موقوف ہے اور تزکیہ کے قواعد و وسائل کی معرفت تصوف سے ہوتی ہے۔ لہذا ان واضح اور یقینی مقدمات سے ہم اس واضح اور یقینی نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ تصوف کی ضرورت و اہمیت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔

منبع تصوف:

دین کے تمام شعبوں کی طرح تصوف و تزکیہ کا منبع بھی منبع رحمت ﷺ کی ذات بابرکات ہے، بلکہ قرآن کریم تو تزکیہ کو انکی بعثت کا مقصد قرار دے رہا ہے:

''لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَ يُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ۔''(5)

''بیشک اللہ تعالی نے مومنین پر احسان فرمایا کہ ان کے درمیان انھیں میں سے ایک رسول بھیجا جو ان پر اس کی آیات کی تلاوت فرماتا ہے، انکا تزکیہ کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔''

تزکیہ ہی کی طرح تصوف کے جملہ اصول و فروع کتاب و سنت سے ماخوذ ہیں۔ تصوف اور علم تصوف میں تمیز نہ کرنے والے حضرات زبردست غلط فہمی کا شکار رہتے ہیں اور اکثر یہ سوال کیا کرتے ہیں کہ یہ عہد صحابہ میں کیوں نہ تھا؟ اگر ان کی مراد علم تصوف ہے تو بلاشبہ یہ قرون اولی میں نہیں تھا نہ اس وقت اس کی ضرورت تھی، بلکہ علم تفسیر اور دیگر علوم قرآن، علم حدیث، علم توحید و کلام اور علم فقہ و اصول وغیرہ کوئی بھی علم اس مبارک و مسعود عہد میں نہیں تھا، اور نہ ان کی ضرورت تھی۔ اور اگر مراد تصوف ہے تو بلاشک و شبہ یہ اس عہد میں موجود تھا۔ خود مرشد اعظم ﷺ صحابۂ کرام کا تزکیہ فرماتے تھے اور انھیں مجاہدۂ نفس یا ''جہاد اکبر'' کی تربیت دیتے تھے۔ شیخ محمد صدیق محدث غماری رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں:

''أما أول من أسس الطريقة فلتعلم أن الطريقة أسسها الوحى السماوى فى جملة ما أسّس من الدين المحمدى، إذهى بلا شک مقام الإحسان الذى هوأحد أركان الدين الثلاثه التى جعلها النبى صلى الله عليه وآله وسلم، بعد مابينها واحدا واحدا ، دينا

بقوله:''هذا جبريل عليه السلام أتاكم يعلمكم دينكم'' وهوالإسلام والإيمان والإحسان- فالإسلام طاعة وعبادة والإيمان نورو عقيدة، والإحسان مقام مراقبة ومشاهدة''۔ (6)

''رہا یہ کہ تصوف کی بنیاد کس نے ڈالی تو جان لو کہ اس کی بنیاد وحی آسمانی نے ڈالی ہے جس طرح کہ دین محمدی میں ہر چیز کی بنیاد وحی آسمانی نے ڈالی ہے۔ بلاشبہ تصوف وہی ہے جسے (حدیث شریف میں) احسان کہا گیا ہے۔ احسان دین کے تین ارکان میں سے ایک رکن ہے جنہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک ایک کر کے بیان کیا اور انھیں دین قرار دیا، بایں طور کہ فرمایا: ''یہ جبریل علیہ السلام تھے جو تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔''۔ یہ تینوں ارکان اسلام، ایمان اور احسان ہیں۔ اسلام: اطاعت و عبادت ہے، ایمان: نور و عقیدہ کا نام ہے، اور احسان: مقام مراقبہ و مشاہدہ ہے۔''

حدیثِ جبریل

شیخ غماری نے جس حدیث شریف کی طرف اشارہ کیا ہے اور جسے انہوں نے تصوف کی بنیاد قرار دیا ہے، اصطلاح میں یہ حدیثِ جبریل کے نام سے مشہور ہے یہ حدیث نہ صرف تصوف بلکہ شریعت مطہرہ کی ایک اہم اصل ہے۔ یہ ایک صحیح و مشہور حدیث ہے۔ بے شمار اصحاب صحاح و سنن و آثار و مصنفات و مسانید نے اس کی روایت کی ہے۔ چونکہ یہ حدیث اہل تصوف کا بنیادی ماخذ ہے اور بقول صاحب فتح الباری یہ ''بغية السالكين، كنزالعارفين اور عمدة الصديقين'' ہے، لہٰذا اسے قدرے تفصیل سے ذکر کیا جارہا ہے۔

امام مسلم اپنی الجامع الصحیح میں سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

''بين نحن عند رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم، إذ طلع علينا رجل شديد بياض الثياب، شديد سواد الشعر، لايرى عليه أثر السفر، ولا يعرفه منا أحد، حتى جلس إلى النبى (صلى الله عليه واله سلم) فأسند ركبتيه إلى ركبتيه، ووضع كفيه على فخذيه، وقال يامحمد! أخبرنى عن الإسلام؟ فقال رسول الله:'' الإسلام أن تشهد أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله، و تقيم الصلاة، و توتى الزكاة، و تصوم رمضان، وتحج البيت إن استطعت إليه سبيلا'' قال:صدقت، قال: فعجنا له يسأله ويصد قه، قال: فأخبرنى عن الإيمان؟ قال: ''أن تومن بالله، وملائكته، و كتبه، ورسله، واليوم الآخر، وتومن بالقدر خيره و شره''، قال: صدقت، قال: فأخبرنى عن الإحسان؟ قال: ''أن تعبد الله كانک تراه فإن لم تكن تراه فانه يراک''، قال فأخبرنى عن الساعة؟ قال: ''ماالمسؤل عنها بأعلم من السائل''، قال فأخبرنى عن أمارتها؟ قال:

''أن تلد الأمة ربتها، وأن ترى الحفاة العراة، العالة، رعاء الشاء، يتطاولون في البنيان''، قال: ثم انطلق ، فلبثت مليا، ثم قال لي: ''يا عمر! أتدري من السائل؟'' قلت : الله ورسوله أعلم، قال: ''فإنه جبريل أتاكم يعلمكم دينكم'' (7)

''ایک دن ہم لوگ اللہ کے رسول ﷺ کی بارگاہ میں تھے کہ ہمارے درمیان ایک شخص آیا جس کے کپڑے نہایت سفید اور بال خوب کالے تھے نہ تو اس پر سفر کا کوئی اثر تھا نہ ہم میں سے کوئی اس سے واقف تھا۔ وہ شخص نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا بایں طور کہ اس نے اپنے گھٹنوں کو حضور کے گھٹنوں سے ملا دیا اور اپنے ہاتھوں کو اپنی رانوں پر رکھ لیا۔ اور کہا اے محمد! مجھے اسلام کے بارے میں بتایئے؟ آپ نے فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تم اس بات کی گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اور نماز قائم کرو، زکاۃ دو، رمضان کے روزے رکھو اور اگر استطاعت ہو تو حج کرو۔'' اس شخص نے کہا: ''آپ نے سچ فرمایا'' راوی (حضرت عمر) کہتے ہیں: ''ہمیں اس شخص سے بہت تعجب ہوا کہ خود سوال کر رہا ہے اور خود ہی تصدیق کر رہا ہے۔'' پھر اس شخص نے پوچھا: ''مجھے ایمان کے بارے میں بتایئے۔'' فرمایا: ''کہ تم ایمان لاؤ اللہ پر اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر اس کے رسولوں پر، یوم آخرت پر اور اچھی بری تقدیر پر۔'' اس شخص نے کہا: ''آپ نے صحیح فرمایا۔'' اور کہا کہ: ''مجھے احسان کے بارے میں بتایئے۔'' فرمایا: ''احسان یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو اور اگر تم اسے نہ دیکھ سکو تو (یہ یقین رہے کہ) وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔'' اس شخص نے کہا: ''مجھے قیامت کے بارے خبر دیجئے۔'' فرمایا: ''جس سے پوچھا جا رہا ہے وہ پوچھنے والے سے زیادہ علم نہیں رکھتا۔'' اس شخص نے عرض کیا: ''اچھا تو پھر اس کی نشانیوں کے بارے میں مطلع کیجئے۔'' فرمایا: ''کہ باندی اپنی مالکن کو پیدا کرے گی، اور تم دیکھو گے کہ برہنہ پا و برہنہ بدن، دوسروں پر گزارا کرنے والے، بکریاں چرانے والے، کوٹھیوں میں اترائیں گے۔'' راوی فرماتے ہیں: ''پھر وہ شخص چلے گئے، میں کچھ دیر خاموش بیٹھا رہا پھر مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے عمر! کیا تم جانتے ہو کہ یہ سوال کرنے والا کون تھا؟'' میں نے عرض کیا: ''اللہ و رسول زیادہ جانتے ہیں۔'' فرمایا: ''یہ جبریل (علیہ السلام) تھے جو تم لوگوں کو تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔''

یہ حدیث حضرت عبد اللہ ابن عباس، حضرت ابو ہریرہ، حضرت عمارہ ابن قعقاع اور حضرت انس رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے۔ علاوہ ازیں اکثر روایتوں میں "أن تعبد الله" ہی آیا ہے البتہ بعض روایتوں میں "أن تعمل لله"[8] (اللہ کے لیے یوں عمل کرو۔۔۔) اور بعض دوسری روایتوں میں "أن تخشى الله"[9] (اللہ سے ایسا ڈرو۔۔۔) وارد ہوا ہے۔

اس حدیث کی شرح میں علماء و محدثین نے بڑے ایمانی و عرفانی نکات بیان کئے ہیں۔ ان سب سے قطع نظر یہاں صرف ایک بات عرض کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی زبان حق ترجمان سے ایک نہایت مہتم بالشان امر کا بیان کروا رہا ہے، ارکان دین متین کی وضاحت کروا رہا ہے، لہٰذا اس مہتم بالشان امر کے شایان شان اہتمام بھی کیا جا رہا ہے، حضرت جبریل کو سائل بنا کر بھیجا جا رہا ہے تاکہ حدیث شریف میں بیان کردہ امور کی قدر و شان کا اندازہ ہو سکے۔ اس حدیث میں حضرت جبریل نے تین سوالات کئے: اسلام کیا ہے؟ ایمان کیا ہے؟ اور احسان کیا ہے؟ اللہ کے رسول ﷺ نے ان سوالوں کے جواب مرحمت فرمائے اور پھر فرمایا کہ: "یہ جبریل تھے جو تم کو تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔" اس طرح یہ حقیقت آفتاب نیم روز کی طرح واضح، اور اس امر میں ظاہر بلکہ نص ہے کہ ایمان، اسلام اور احسان دین محمدی کے تین ارکان ہیں جن میں سے کسی ایک کے بغیر دین مکمل نہیں ہے۔ اور کسی ایک کا بھی انکار دین کا انکار ہے۔

احسان و تصوف:

حدیث جبریل میں جسے احسان کہا گیا ہے بعد میں اسی کا نام تصوف ہو گیا۔ حضور ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: "احسان یہ ہے کہ "أن تعبد الله كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك" یعنی خدا کی بندگی یوں کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو، اس کا مشاہدہ کر رہے ہو، اور اگر تمہیں یہ مقام و مرتبہ حاصل نہ ہو تو کم از کم یوں اس کی بندگی کرو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔" پہلا مرحلہ مرحلۂ مشاہدہ ہے جو اعلیٰ درجے کا ہے یہی تصوف کی منزل ہے، یہی سالکین طریقت کی منتہائے آرزو ہے۔ اور دوسرا مرحلہ مرحلۂ مراقبہ ہے یعنی اس تصور کے ساتھ عبادت کرو کہ تمہاری نگرانی ہو رہی ہے۔ اور مراقبے کا یہ مسلسل تصور کبھی بھی اخلاص کو ہاتھ سے جانے نہیں دے گا۔ تصوف اِنہیں دونوں مرحلوں پر مشتمل ہے۔ اس لیے کہ تصوف نام ہے سلوک اور وصول کا، صوفی یا تو سالک ہوتا ہے یا پھر واصل ہوتا ہے۔ سلوک: راستہ (طریقت) و مراقبہ ہے، اور وصول: منزل و مشاہدہ ہے۔

شارح مسلم امام نووی، ابوزکریا یحیی بن شرف متوفی ۶۷۶ھ، فرماتے ہیں:

"قوله ﷺ: (الإحسان أن تعبد الله كانك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك) هذا من جوامع الكلم التى أوتيها ﷺ، لأنا لو قدرنا أنّ أحد نا قام فى العبادة وهو يعاين ربه

سبحانه تعالى لم يترک شيئاً مما يقدر عليه من الخضوع والخشوع وحسن الصمت.''(10)

''اللہ کے رسول ﷺ کا فرمان کہ:''احسان یہ ہے کہ تم اس طرح اللہ کی عبادت کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو اور اگر اسے نہ دیکھ سکو تو یوں گویا وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔'' یہ ان جوامع الکلم میں سے ہے جو آپ ﷺ کو عطا کئے گئے ہیں۔ اس لئے کہ اگر ہم اندازہ کریں کہ ہم سے کوئی اس حال میں عبادت کے لیے کھڑا ہوا ہے کہ وہ اپنے رب سبحانہ تعالی کا مشاہدہ کر رہا ہو، تو وہ خضوع و خشوع اور جمالِ سکینہ ووقار میں سے حسب مقدور کوئی چیز ترک نہیں کر سکتا ہے۔''

اس حدیث کی اہمیت اور جامعیت کا اندازہ قاضی عیاض رحمہ اللہ کے اس بیان سے لگایا جاسکتا ہے جسے امام نووی نے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں:

''وهذا الحديث قد اشتمل على شرح جميع وظائف العبادات الظاهرة والباطنة من عقود الإيمان وأعمال الجوارح وإخلاص السرائر، و التحفظ من آفات الأعمال حتى أن علوم الشريعة كلها راجعة إليه، و متشعبة منه، قال: وعلى هذا الحديث وأقسامه الثلاثه ألفنا كتابنا الذى سميناه بالمقاصد الحسان فيما يلزم الإنسان، إذ لا يشذ بشئ من الواحبات والسنن والرغائب والمحظورات والمكروهات عن أقسامه الثلاثه والله أعلم-''(11)

''یہ حدیث شریف ایمان کے ارکان، اعضاء کے اعمال، باطن کے اخلاص اور عمل کی آفتوں سے حفاظت غرض یہ کہ جملہ اعمال ظاہر و باطن کے شرح و بیان پر مشتمل ہے۔ یہ تمام شرعی علوم کی اصل ہے اور سارے علوم اس کی شاخیں ہیں۔ ہم نے اس حدیث میں مذکور تینوں ارکان دین پر ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ''المقاصد الحسان فيما يلزم الانسان'' رکھا ہے، کیونکہ واجبات، سنن، مستحبات، ممنوعات اور مکروہات میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو ان تینوں قسموں سے باہر ہو۔''

امام ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، حدیث جبریل میں مذکور احسان اور اس کی تعریف کو دین کا رکن رکین اور تصوف کی اصل متین قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

''وهذا القدر من الحديث الشريف أصل عظيم من أصول الدين وقاعدة مهمة من قواعد المسلمين- و هوعمدة الصديقين، وبغية السالكين، وكنزالعارفين، ودأب الصالحين، وهومن جوامع الكلم التى أوتيها رسول الله ﷺ.''(12)

"حدیث شریف کا یہ حصہ (أن تعبد الله كانك تراه) دین کے اصول میں سے ایک عظیم اصل ہے اور مسلمانوں کے قاعدوں میں سے ایک اہم قاعدہ ہے۔ یہ صدیقین کا معتمد علیہ، سالکین طریقت کا ہدف و مقصد، عارفین باللہ کا خزانہ اور صالحین کا طریقہ ہے۔ یہ ان جوامع الکلم میں سے ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیئے گئے ہیں۔"

امام نووی و عسقلانی رحمہا اللہ تعالی کی طرح تمام علمائے حق کا اجماع ہے کہ حدیث جبریل میں مذکور "احسان" جو کہ دین کے تین رکنوں میں سے ایک رکن ہے-تصوف ہی ہے۔ اور مرتبۂ احسان کا حصول علم تصوف کے ذریعے ہی ہوتا ہے، کیونکہ جیسے دین کے رکن اول ایمان کی تفسیر علم کلام نے کی ہے، رکن ثانی کی تفصیل و بیان کا کام فقہ نے کیا ہے، ویسے ہی رکن اخیر یعنی احسان کی شرح وبسط اور اس کی عقدہ کشائی کا عمل علم تصوف نے انجام دیا ہے۔ اور ان تینوں کا مصدر و منبع رحمت عالم ﷺ کی ذات بابرکات و ستودہ صفات ہے، ان کی لائی ہوئی کتاب ہے، ان کی سنت و سیرت ہے ،اور ان کی تعلیم وہدایت ہے۔

ذیل میں تصوف کے عملی منہج کے اہم اور ضروری عناصر کے ساتھ ساتھ سلوک الی اللہ کے چند احوال و مقامات کا کتاب و سنت سے ثبوت پیش کیا جارہا ہے۔ تاکہ تصوف پر عجمیت کا بہتان لگانے والی یا اسے عیسائیت، بدھزم یا ہندومت سے ماخوذ قرار دینے والی نام نہاد "دانشوری" کو مجال سخن نہ رہے۔ واضح رہے کہ یہ ایک محدود و سرسری جائزہ ہے، جس میں نہ پورے نظام تصوف کا احاطہ ممکن ہے، اور نہ سارے احوال و مقامات کے ذکر کی گنجائش ہے۔ یہاں تو صرف اس بات کا اثبات مطلوب ہے کہ جس طرح اصل تصوف یعنی احسان کا مصدر سنت نبویہ ہے، اسی طرح اس کے تمام اہم فروع اور سلوک الی اللہ کے تمام مراحل اور احوال و مقامات کا منبع بھی کتاب و سنت ہے۔ لہٰذا پیشِ نظر مقالے میں اس بات کا التزام کیا گیا ہے کہ نہ منطقی دلائل پیش کئے جائیں نہ عقلی حجتوں سے تعرض کیا جائے، نہ فقہی، کلامی، تفسیری اور تاریخی روایتوں پر اعتماد کیا جائے اور نہ صوفی یا غیر صوفی کسی بھی غیر معصوم کے قول کو سند بنایا جائے، بلکہ صرف اور صرف حجتِ معصومہ پر اکتفاء کیا جائے۔ محض اللہ عزوجل کی کتاب اور سنت صحیحہ ثابتہ کو ہی دلیل بنایا جائے۔ تاکہ یہ ایک طرف اہل تصوف کے لیے حجت ہو اور دوسری طرف معارضین تصوف کے لئے عبرت و نصیحت ہو۔

تصوف کا عملی منہج

ا- صحبت:

صالحین کی صحبت سالکین طریقت کی پہلی منزل ہوتی ہے، حکم ربانی ہے:

1. "یاایھا الذین آمنوا اتقوالله وکونوامع الصادقین"[13]

"اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔"

صحبت کی اہمیت وضرورت کا بیان، سورۃ الاحزاب: ۲۳، الکہف: ۲۸، ۶۶، ۶۷، لقمان: ۱۵، الفرقان: ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۵۹، اور الزخرف: ۶۷، میں بھی ہوا ہے۔ رحمت عالم ﷺ صحبت کے اثرات کو لازمی قرار دیتے ہوئے بے حد دلکش اور یقین افروز مثال پیش فرماتے ہیں:

"إنما مثل جليس الصالح وجليس السوء كحامل المسك ونافخ الكير، فحامل المسك إما أن يحذيك، وإما أن تبتاع منه، وإما أن تجد منه ريحا طيبة، و نافخ الكير، إماأن يحرق ثيابك و إما أن تجد منه ريحا منتنة۔" (14)

"اچھے اور برے ہم نشین کی مثال ایسی ہے جیسے مشک رکھنے والا، اور لوہار کی دھونکنی دھونکنے والا، مشک رکھنے والا یا تو تمھیں ہدیہ دے گا یا تم اس سے خرید وگے یا اس سے اچھی خوشبو پاؤ گے، اور دھونکنی والا یا تو تمہارے کپڑے جلادے گا یا تم اس سے بری بدبو پاؤ گے۔"

یعنی صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے چنانچہ اچھوں کی صحبت سے فائدہ ضرور ہوتا ہے کم ہو یا زیادہ اسی طرح بروں کی صحبت سے نقصان ضرور ہوتا ہے کم ہو یا زیادہ۔ بلکہ ایک دوسری حدیث میں تو آپنے صراحت کے ساتھ فرمایا کہ لوگ اپنے دوستوں کے عقیدہ و مذہب پر ہوتے ہیں، چنانچہ امام ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، اور امام ابوداؤد متوفی ۲۷۵ھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

"الرجل على دين خليله فلينظر أحدكم من يخالل۔" (15)

"ہر شخص اپنے دوست کے طریقے پر ہوتا ہے لہٰذا تم سے ہر ایک غور کرے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔"

۲- بیعت:

سالک وصوفی ابتدائے سلوک میں شیخ کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں تھام کر نیکیوں کے التزام اور گناہوں کے اجتناب کا عہد کرتا ہے۔ اسی عہد کا نام بیعت ہے۔ تصوف میں اس کی بے حد اہمیت ہے۔ اس بیعت کی ضرورت اور اس کا مقصد وطریقہ سب کچھ کتاب وسنت سے ماخوذ ہے۔

قرآن کریم ارشاد فرماتا ہے:

"إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا " (16)

"جو لوگ آپ کی بیعت کر رہے ہیں در حقیقت وہ اللہ کی بیعت کر رہے ہیں، اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے، تو جس نے بیعت کو توڑا اس کا وبال اسی پر ہو گا اور جس نے اللہ سے کئے گئے عہد کو پورا کیا تو اللہ تعالیٰ اسے جلد ہی بڑا اجر دے گا۔"

سنت نبویہ علی صاحبہا الصلاۃ والسلام میں اخذ بیعت اور حصول عہد کی متعدد صورتیں ملتی ہیں، جیسے مردوں کی بیعت، عورتوں کی بیعت، فرد واحد کی بیعت، پوری جماعت کی بیعت وغیرہ، یہاں تک کی نابالغ بچوں کی بیعت بھی سنت صحیحہ میں ملتی ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ الباری متوفی ۲۵۶ھ، حضرت عبادہ بن صامت سے روایت کرتے ہیں کہ، ارشاد نبوی ہے:

"بایعونی علی أن لاتشرکوا باللہ شیئاً، ولا تزنوا، ولا تقتلوا أولادکم ولاتأتوا ببهتان تفترونه بین أید یکم وأرجلکم، ولا تعصوا فی المعروف، فمن وفّی منکم فأجره علی اللہ، ومن أصاب من ذلک شیئاً فعوقب فی الدنیا فهوکفارة له، ومن أصاب من ذلک شیئاً ثم ستره اللہ فهوإلی اللہ إن شاء عفا عنه و إن شاء عاقبه، فبا یعناه علی ذلک"(17)

"اس شرط پر میری بیعت کرو کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراؤ گے، چوری نہیں کرو گے، زنا نہیں کرو گے، اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے، بہتان کے ذریعے کھلی افتراء پردازی نہیں کرو گے، بھلائی میں نافرمانی نہیں کرو گے۔ پس تم میں سے جو بھی عہد کو پورا کرے گا اس کی جزاء اللہ کے ذمہ ہے، اور جس سے ان میں سے کوئی چیز سرزد ہو گئی پھر دنیا میں اسے سزا مل گئی تو وہ سزا اس کے لیے کفارہ ہو گی، اور جس سے ان میں سے کوئی گناہ سرزد ہوا پھر اللہ نے اسے پوشیدہ رکھا تو اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے، چاہے گا تو معاف کر دے گا اور چاہے گا تو سزا دے گا۔ پھر ہم نے اسی پر آپ کی بیعت کی۔"

۳- مجاہدہ:

جہاد کی طرح مجاہدہ بھی فعل: "جاهد/ یجاهد" کا مصدر ہے: جیسے "عاقب/ یعاقب/ معاقبة وعقابا"، البتہ عام استعمال میں مجاہدہ: جہاد بالنفس کے لیے، اور جہاد: ظاہری دشمن سے مجاہدہ بالسلاح کے لیے بڑی حد تک مخصوص ہو گیا ہے۔ لیکن اصل معنی کی رعایت میں دونوں ایک دوسرے کی جگہ بھی خوب استعمال ہوتے ہیں۔ مجاہدے کی تین قسمیں ہیں: ۱- ظاہری دشمن سے مجاہدہ، ۲- شیطان سے مجاہدہ اور ۳- نفس سے مجاہدہ۔ اور مجاہدے کی یہ تینوں قسمیں شرعاً مطلوب ہیں لیکن آخر الذکر یعنی مجاہدۂ نفس کو بقیہ دونوں قسموں پر ایک گونہ فضیلت حاصل ہے کیونکہ جو لوگ

مجاہدۂ نفس کی منزل سے گزر چکے ہوتے ہیں وہی صحیح معنوں میں ظاہری دشمن سے مجاہدے (جہاد) کا حق ادا کر سکتے ہیں۔ اسی لیے مجاہدۂ نفس کو "جہاد اکبر" کہا گیا ہے۔ آج امت اسلامیہ غیر مزکی نفوس کے جہاد سے جس قدر آزردہ اور جس طرح اقوام عالم کے سامنے متہم ہے اس کے بیان کرنے کی حاجت نہیں ہے۔ اگر گزشتہ ۲۰-۲۵ سالوں میں ان نام نہاد مجاہدوں کی "پروگریس رپورٹ" دیکھئے تو ان کے ہاتھوں سے مرنے والوں میں مسلمانوں کی تعداد غیر مسلموں کی تعداد سے ہزاروں گنا زیادہ ہے۔ صرف ایک الجزائر میں لاکھوں مسلمانوں اس "جہادی جنون" کا شکار ہو چکے ہیں۔ ان مظلوموں کا جرم صرف اتنا تھا کہ وہ ائمہ کی تقلید کرتے تھے اور تصوف کی تائید کرتے تھے۔

مجاہدۂ نفس بھی کتاب و سنت سے ماخوذ ہے، امام راغب اصفہانی لکھتے ہیں کہ آیت کریمہ " وَجَاهِدُوْا فِيْ اللهِ حَقَّ جِهَادِهِ" (18) یعنی اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حکم ہے۔ اور آیت کریمہ : "وَجَاهِدُوْا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ" (19) یعنی اپنے مال اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کرو، ان آیتوں میں ظاہری دشمن، شیطان اور نفس تینوں سے جہاد شامل ہے۔ یعنی یہ آیتیں جہاد کی تینوں قسموں کا احاطہ کئے ہیں۔

ظاہر ہے کہ جب جہاد کی تین قسمیں ہیں تو کتاب و سنت میں جہاں جہاں جہاد کا حکم ہو گا اس میں یہ تینوں قسمیں داخل ہوں گی ہاں اگر کسی آیت یا حدیث میں ایسا کوئی قرینہ ہو جو اسے ایک ہی قسم میں محدود کر دے تو وہاں قرینے کے مطابق جہاد کی وہی مخصوص قسم مراد ہو گی۔ مثلاً اگر قتال کے شروع ہونے سے قبل اور جہاد بالسیف کا حکم آنے سے پہلے کسی آیت میں جہاد کا حکم ہے تو یہ ایک قرینہ ہے کہ یہاں جہاد سے مراد مجاہدۂ نفس ہے: جیسا کہ ارشاد ربانی ہے:

"وَالَّذِيْنَ جَاهِدُوا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا"(20)

"جنھوں نے ہماری رضا کی طلب میں مجاہدہ کیا ہم انھیں اپنی راہیں ضرور دکھائیں گے۔"

یہ آیت مکہ میں نازل ہوئی ہے اور قتال مدینہ میں فرض ہوا لہٰذا یہ بات طے ہے کہ آیت میں مجاہدے سے مراد مجاہدۂ نفس یا مجاہدۂ شیطان ہے۔ مفسرین کرام نے بھی اس کی تائید کی ہے، امام قرطبی، ابو عبد اللہ محمد بن احمد متوفی ۶۷۱ھ، فرماتے ہیں:

"قال السدی وغیرہ إن ھذہ الآیة نزلت قبل فرض القتال"(21)

"امام سدی اور دوسرے ائمہ تفسیر فرماتے ہیں کہ یہ آیت جہاد کی فرضیت سے قبل نازل ہوئی۔"

شیخ ابو محمد عبد الحق اندلسی متوفی ۵۴۶ھ، اپنی کتاب " المحرر الوجیز فی تفسیر کتاب اللہ العزیز" میں فرماتے ہیں کہ آیت میں جہاد و مجاہدہ سے مراد ہے:

"مجاھدة النفس فی طاعة اللہ عزوجل وھوالجھاد الأکبر"(22)

"اللہ کی اطاعت میں نفس سے مجاہدہ کرنا ہے، اور وہی جہاد اکبر ہے۔"

امام فخر الدین رازی متوفی ۶۰۶ھ، فرماتے ہیں:

''أی من جاهد بالطاعة هداه سبل الجنة''[23]

''جس نے اطاعت و بندگی کے ساتھ مجاہدہ نفس کیا تو اللہ نے جنت کے راستوں کی جانب اس کی ہدایت کی۔''

علامہ شہاب الدین محمود آلوسی بغدادی متوفی ۱۲۷۰ھ، لکھتے ہیں:

''قال ابن عطا: أی الذین جاهد وا فی رضانا لنهد ینهم إلی محل رضانا۔''[24]

ابن عطا فرماتے ہیں کہ اس آیت کا معنی ہے کہ جن لوگوں نے ہماری رضا کے حصول کے لیے مجاہدۂ نفس کیا ہم انہیں مقام رضا تک ضرور پہنچائیں گے۔

رحمت عالم ﷺ نے بھی مجاہدہ نفس کو جہاد کی تینوں قسموں میں سب سے افضل قرار دیا ہے۔ اور اپنی امت کو اس کی ترغیب دی ہے۔ ارشاد فرماتے ہیں:

''المجاهد من جاهد نفسه فی الله'' ''حقیقی مجاہد وہ ہے جو راہ خدا میں مجاہدۂ نفس کرے۔''

امام ترمذی نے کتاب فضائل الجہاد میں اس کی تخریج کی ہے اور فرمایا ہے: ''حدیث حسن صحیح''۔[25]

بعض روایتوں میں 'للہ' یعنی اللہ تعالیٰ کے لیے مجاہدۂ نفس کرے، بھی آیا ہے۔[26]

۴- ذکر:

قرآن کریم میں یہ لفظ متعدد معنوں میں استعمال ہوا ہے کبھی یہ کتاب اللہ کے معنی میں آیا ہے ''إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ''[27] کبھی نماز جمعہ کے لیے استعمال ہوا ہے ''فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ''[28] تو کبھی علم کے معنی میں استعمال ہوا ہے ''فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ'' لیکن بایں ہمہ کتاب اللہ میں اس لفظ کا غالب استعمال اسی معنی میں ہوا ہے جس معنی میں اہل تصوف کے یہاں یہ لفظ رائج ہے۔ یعنی تسبیح و تہلیل و تکبیر و حمد و ثنا اور درود و سلام وغیرہ، ارشاد ربانی ہے:

'' يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا، وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ''[29]

''اے ایمان والوں اللہ تعالیٰ کا خوب ذکر کیا کرو اور صبح و شام اس کی پاکی بیان کیا کرو۔''

اس کے علاوہ بے شمار آیات میں ذکر الٰہی کی اہمیت، فضیلت اور ثمرات کا ذکر ملتا ہے مثلاً: البقرہ: ۱۵۲، ال عمران ۴۱، ۱۹۱، الاحزاب ۳۵، الرعد: ۲۸، البقرۃ: ۱۱۴، النور، ۳۶، ۳۷، المنافقون: ۹، اور الاحزاب: ۳۵، وغیرہ وغیرہ۔

اگر ہم سنت نبوی کی طرف دیکھیں تو اس میں تصوف کا تذکرہ ان کلمات کے ساتھ ملتا ہے: ''ذکر'' (یاد کرنا) ''تذکیر'' (یاد کرانا)، ''مذاکرہ'' (شیخ پر احوال قلب کو پیش کرنا) اور ''حلقہ ہائے ذکر'' کا ثبوت بھی ملتا ہے۔

ا ذکر:

مذکر اعظم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

''مثل الذی یذکر ربه والذی لایذکر ربه مثل الحی والمیت۔''(30)

''اپنے رب کا ذکر کرنے والے اور اپنے رب کا ذکر نہ کرنے والے کی مثال ایسی ہے جیسے زندہ اور مردہ۔''

یعنی ذکر کرنے والا ہی حقیقت میں زندہ ہے اور ذکر نہ کرنے والا مردہ ہے، شاید اسی لیے تصوف میں ذکر الٰہی کو روح کی غذا کہتے ہیں جس کے بغیر روح زندہ نہیں رہتی ہے۔

ب: تذکیر:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ''(31)

''یاد کرایئے اس لیے کہ یاد کرانا مومنین کو منع نفع پہنچاتا ہے۔''

اللہ کے رسول ﷺ نے بھی متعدد مقام پر تذکیر کی اہمیت پر زور دیا ہے اور اس کا شوق دلایا ہے۔ حدیث قدسی ''أنا عند ظن عبدی بی'' (میں اپنے بندے سے ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں جیسا وہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے) میں اللہ رب العزت جل جلالہ فرماتا ہے: ''وإن ذکرنی فی ملأ ذکرته فی مَلأ خیرمنه''(32) (اگر میرا بندہ ایک گروہ میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں اس سے بہتر گروہ میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔ اور مجمعے میں ذکر الٰہی کرنا، یا لوگوں کو ذکر سنانا اور انھیں ذکر کرانا یہ سب تذکیر ہے۔

ج- مذاکرہ:

اہل ذکر سے سوال واستفسار مذاکرہ کہلاتا ہے، آیت:

''فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ''(33) اگر تم نہیں جانتے تو اہل ذکر سے پوچھو،

اور رسول اللہ ﷺ کا فرمان: ''المستشار مؤتمن''(34) یعنی مشورہ کرنے والا ماموں رہتا ہے، مذاکرے کو بھی شامل ہیں۔ مذاکرہ سالک کا اپنے شیخ سے مشورہ ہی ہوتا ہے۔

امام مسلم بن حجاج نیشاپوری متوفی ۲۶۱ھ، اپنی الجامع الصحیح، کتاب التوبہ میں حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: ''ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مجھے ملے تو پوچھا کہ: اے حنظلہ کیسے ہو؟ میں نے کہا کہ: حنظلہ تو منافق ہو گیا، کہا: سبحان اللہ! کیا کہہ رہے ہو؟ میں نے کہا کہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس ہوتے ہیں اور آپ ہمیں جنت و دوزخ کی تذکیر (یاد) کراتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ ہم انہیں سر کی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں لیکن جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس سے نکلتے ہیں تو ہم بیوی بچوں اور روزی میں لگ جاتے ہیں اور بہت کچھ بھول جاتے ہیں۔ تو ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا: خدا کی

قسم مجھے بھی اس طرح پیش آتا ہے۔ تو ہم دونوں چل کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور میں نے عرض کیا کہ: یا رسول اللہ حنظلہ تو منافق ہو گیا، فرمایا کہ: وہ کیسے؟ میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ جب ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں اور آپ ہمیں جنت و دوزخ کی یاد کراتے ہیں تو لگتا ہے کہ ہم انہیں سر کی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں، اور جب آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو گھر والوں اور کاروبار میں لگ جاتے ہیں اور بیشتر باتیں فراموش کر دیتے ہیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ اگر تم لوگ جس حالت میں میرے پاس اور ذکر کے وقت ہوتے ہو اسی پر ہمیشہ باقی رہو تو فرشتے تمہارے بستروں پر اور تمہارے راستوں میں تم سے مصافحہ کرنے لگیں، لیکن اے حنظلہ وقت وقت کی بات ہوتی ہے (یہ تین بار فرمایا)" (35)

آگے چل کر مصالح نکاح پر بحث کے دوران صاحب بدائع الصنائع لکھتے ہیں:

''قوله أن البكر وإن كانت عاقلة بالغة فلا تعلم بمصالح النكاح--- فالتحقت بالبكر الصغيرة فبقيت ولاية الاستبداد عليها---- بخلاف الثيب البالغة لأنها علمت بمصالح النكاح و بالممارسة ومصاحبة الرجال فانقطعت ولاية الاستبداد عليها-''(30)

''اس عبارت کے مطابق جہاں تک نکاح کے مصالح کا تعلق ہے تو عاقلہ و بالغہ چونکہ باکرہ ہے اور وہ مصاحبت رجال اور مصالح نکاح سے واقفیت نہیں رکھتی اس لیے اسے بھی صغیرہ کی طرح سے لیا جائے گا اور اس حوالے سے اس پر ولی کی ولایت استبداد، حاصل ہو گی لیکن اس کے برعکس ثیبہ بالغہ چونکہ مصاحبت رجال اور مصالح نکاح سے کچھ واقفیت رکھتی ہے۔ لہٰذا اس پر باکرہ بالغہ جیسی ولایت نہیں بلکہ ولایت استحباب حاصل ہو گی۔''

اور اگر عاقلہ بالغہ لڑکی اپنے کفو میں مہر مثل پر ولی کی وساطت کے بغیر نکاح کرے تو فقہ حنفی کے نزدیک یہ نکاح جائز اور درست تسلیم کیا جاہے گا۔ مؤطا امام محمد میں امام ابو حنیفہ کا یہ قول درج ذیل ہے:

''فأما أبو حنيفه فقال: إذ وضعت نفسها فی كفاءة ولم تقصر فی نفسها فی صداق فالنكاح جائز۔''(31)

''امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ اگر عاقلہ بالغہ نے مہر مثل میں کمی کئے بغیر کفوء میں پسند کی شادی کر لی تو ایسا نکاح درست ہے۔''

یعنی کہ عاقلہ و بالغہ لڑکی نے اگر کفو میں اور مہر مثل پر از خود اپنا نکاح کر الیا ہے تو اس کے اولیاء کو اعتراض کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں۔

امام کاسانی بھی کفو میں از خود نکاح کے ضمن میں یہی رائے رکھتے ہیں وہ فرماتے ہیں:

''وأما إذا زوجت نفسها من كفء و بلغ الولی، فامتنع من الإجازة فرفعت أمرها إلى الحاكم فإنه يجيزه.''(32)

''اور اگر لڑکی اپنا نکاح از خود اپنے ہم کفو سے کرے اور ولی خبر ملنے پر اسے اجازت نہ دے تو لڑکی اپنا معاملہ قاضی کے پاس لے جائے گی تو قاضی اسے جائز قرار دے دے گا۔''

لیکن فقہاء احناف نے ظاہر الروایۃ سے یہ بات بھی نقل کی ہے:

''وينعقد نكاح الحرة العاقلة البالغة برضاها وَانْ لَّم يعقد عليها ولیٌّ بكراً كانت اَوْ ثيباً عند أبی حنيفة وأبی يوسف رحهما فی ظاهر الرواية--- وعند محمد ينعقد وقوفاً۔''(33)

''آزاد عاقل اور بالغ لڑکی کا نکاح اس کی رضامندی کے ساتھ منعقد ہو جاتا ہے اگر ولی نے اسے منعقد نہ کروایا ہو خواہ لڑکی باکرہ ہو یا ثیبہ۔ یہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک ہے اور ظاہر الروایہ کے مطابق امام ابو یوسف بھی اسی بات کے قائل ہیں۔۔۔ امام محمد کے نزدیک وہ منعقد تو ہو جائے گا لیکن ولی کی اجازت پر موقوف رہے گا۔''

یعنی کہ اکثر حنفی فقہاء کے نزدیک یہ نکاح درست تسلیم کیا جائے گا، امام محمد بھی ایسے نکاح کے انعقاد پر اپنے دیگر فقہاء سے متفق ہیں لیکن وہ اسے اولیاء کی اجازت کے ساتھ مشروط رکھتے ہیں لیکن دیگر فقہاء ایسے نکاح

کے انعقاد سے ہی متفق نہیں جیسا کہ صاحب ہدایہ امام مالک اور امام شافعی کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''وقال مالک والشافعی رحمهما الله: لا ینعقد النکاح بعبارة النساء أصلاً، لأنَّ النکاح یراد لمقاصد والتفویض إلیهن مخل بها إلا أنَّ محمدً رحمه الله یقول: یرتفع الخلل بإجازة الولي-''(34)

''امام مالک اور امام شافعی رحمہا اللہ فرماتے ہیں کہ خواتین کی عبارت سے نکاح سرے سے منعقد ہی نہیں ہو گا کیونکہ نکاح سے مراد اس کے مقاصد ہوتے ہیں اور یہ معاملہ خواتین کے سپرد کرنے کے نتیجے میں ان مقاصد میں خلل لازم آتا ہے۔ امام محمد فرماتے ہیں کہ وہ خلل ولی کی اجازت دینے سے ختم ہو جاتا ہے۔''

مذکورہ بالا دلائل سے یہ بات واضح ہوئی کہ حنفیہ کے نزدیک لڑکی اپنے نکاح کے معاملات میں خود مختار ہے اس کا از خود کیا ہوا نکاح منعقد ہو جاتا ہے جبکہ امام محمد ایسے نکاح کو اولیاء کی اجازت پر موقوف کر کے مشروط کر دیتے ہیں کہ اگر اولیاء اجازت دیں تو ٹھیک ہے۔ اور ایسی صورت حال میں اولیاء کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ قاضی کے ذریعے اس نکاح کو فسخ کرا دیں اور یہ حق فسخ اولیاء کو دو صورتوں میں حاصل ہو گا اولاً جب نکاح غیر کفو میں کیا گیا ہو اور دوم جب نکاح مہر مثل سے کم پر کیا گیا ہو۔

چونکہ غیر کفو میں کیا گیا نکاح اولیاء کے لیے باعث تنگ و عار سمجھا جاتا ہے اور نکاح کی وجہ سے ان کی معاشرتی و سماجی ساکھ اور خاندانی وقار کو دھچکا لگتا ہے اس لیے ایسے نکاح کے انعقاد کو اولیاء کی اجازت کے ساتھ مشروط کر دیا جائے تاکہ اگر اولیاء اس نکاح کو ناپسندیدہ سمجھیں تو انہیں یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ قاضی کے پاس اس نکاح کے خلاف استغاثہ دائر کر دیں جیسا کہ البحر الرائق میں ہے:

''من نکحت غیر کفء فرق الولی وهذا ظاهر فی انعقاده صحیحاً و هو ظاهر الروایة عن الثلاثة، فتبقی أحکامه من إرثٍ وطلاقٍ وقدّمنا أنه یشرط فی هذه الفرقة قضاء القاضی-''(35)

''اور جس نے غیر کفوء میں نکاح کیا تو ولی اس کو فسخ کر دے۔'' اس عبارت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نکاح اصلاً درست ہے۔ یہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ظاہر الروایہ میں ہے۔ پس ایسے نکاح پر وراثت اور طلاق کے احکام لاگو ہوں گے اور ہم نے پیچھے بیان کیا ہے کہ ایسے نکاح کو ختم کرنے کے لئے قاضی کا فیصلہ شرط ہے۔''

عاقلہ و بالغہ غیر کفو میں نکاح کرنے کی صورت میں اولیاء کو حق اعتراض اس لیے بھی دیا گیا کہ ہو سکتا ہے کہ لڑکی کا فیصلہ جذباتیت پر مبنی ہو اور اس نکاح میں نباہ نہ ہونے کا خدشہ ہو اس کے علاوہ سماجی سطح پر بھی اولیاء کے لیے ایسا بندھن باعث شرمندگی ہوتا ہے۔ لہٰذا ایسی صورت میں وہ اس نکاح کو فسخ کرانے کا اختیار رکھتے ہیں۔ لیکن اس کے

برعکس ایسے فیصلے کو شرعی قاضی کے فیصلے سے اس لیے مشروط رکھا گیا ہے کہ عاقلہ بالغہ لڑکی کے از خود نکاح کر لینے کی صورت میں اولیاء اس نکاح پر اعتراض نہیں کر سکتے اور نہ ہی اسے فسخ کرا سکتے ہیں جو کفو اور مہر مثل کی صورت میں بھی ہوا ہو البتہ مہر مثل سے کم ہونے کی صورت میں ایسے نکاح کو بذریعہ مسلم قاضی فسخ کرانے کا اختیار حاصل ہے۔

غیر کفو میں شادی کے حوالے سے صاحب ہدایہ لکھتے ہیں:

''وإذا زوجت المراة نفسها من غير كفوء فللأولياء أن يفرقوا بينهما دفعاً لضرر العار عن أنفسهم-''(36)

''جب عورت نے اپنا نکاح غیر کفوء میں کیا تو اولیاء سرپرستوں کے لئے جائز ہے کہ وہ اس نکاح کو توڑ دیں تاکہ وہ اپنے اوپر سے شرمندگی کو مٹا سکیں۔''

اور یہ اختیار اس وقت حاصل رہے گا جب تک کوئی اولاد نہ ہوئی ہو یا حمل کی علامات ظاہر نہ ہوں اور اگر حمل قرار پا جائے یا اولاد ہو جائے تو حق فسخ ختم ہو جائے گا جیسا کہ عنایہ علی ہامش فتح القدیر میں ہے:

''ولكن للولى الاعتراض فى غيرالكفوء يعنى اذا لم تلد من الزوج- وأما اذا ولدت فليس للأولياء حق الفسخ لئلّا يضيع الولد-''(37)

''اگر لڑکی نے غیر کفو میں از خود نکاح کیا تو اولیاء صرف اس صورت میں اس نکاح کو فسخ کرانے کا حق رکھتے ہیں جب تک کہ اس کے ہاں اولاد نہ ہو (اور دوسری صورت کہ علامات حمل ظاہر نہ ہو) اور اگر اولاد ہو جائے تو فسخ نکاح کا یہ حق اولیاء کے پاس نہیں رہتا تاکہ بچے کے ضیاع کا اندیشہ نہ رہے (کیونکہ ایسی صورت میں خیر کی نسبت شر کا پہلو زیادہ غالب نظر آتا ہے)۔''

پسند کی شادیوں میں اولیاء کے حق تصرف کا تعین

یہ حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرے میں بالخصوص دیہی علاقوں میں لڑکی کو اپنے شوہر کے انتخاب کے حق سے تقریباً محروم کر دیا گیا ہے، کیونکہ جس ماحول میں وہ رہتی ہے، اسے اپنے باپ دادا یا اولیاء کے خلاف اعتراض کا کوئی حق ہی نہیں رہتا، اس صورت حال میں ہونے والی شادیاں بڑے المیے سے دوچار ہوتی ہیں، حالانکہ شریعت سے اس بارے میں کوئی واضح سند نہیں، سوائے اس کے کہ بعض فقہاء کی رائے میں باپ کو اپنی کنواری بیٹی کو شادی پر مجبور کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہے اور لڑکی کی رائے لینا اس کے لئے مستحب قرار دیا گیا ہے، اس سلسلہ میں امام ابو حنیفہؒ اور ان کے موافق فقہاء نے فتویٰ دیا کہ باپ یا کسی اور ولی کو بالغہ باکرہ لڑکی کو شادی پر مجبور کرنے کا کوئی اختیار حاصل نہیں ہے۔ باپ یا اولیاء پر شادی کے معاملے میں لڑکی کی مرضی یا امر معلوم کرنا واجب ہے اور باپ یا اولیاء کو لڑکی پر اس کی مرضی کے خلاف جبر کر کے شادی کرنے کا کوئی اختیار نہیں۔ اس لے لے کہ امام ابو حنیفہؒ اور ان کے موافق فقہاء کی رائے میں اولیاء کو حق اعتراض دو وجہ سے حاصل ہو سکتا ہے: اول یہ کہ شوہر ہم کفو نہ ہو، دوم یہ کہ مہر مثل نہ ہو۔

عاقلہ بالغہ لڑکی کے اختیارات کے سلسلہ میں فقہاء کی آراء درج ذیل ہیں:

1. پسند کی شادیوں کے حوالے سے احناف کی آراء احناف کے نزدیک عاقلہ، بالغہ لڑکی اگر خود اپنا نکاح ولی کی مرضی کے بغیر بھی کرلے تو اس کا نکاح منعقد ہو جائے گا، البتہ اس کا یہ عمل خلاف مستحب ہو گا:

''عن أبي حنيفة تجوز مباشرة البالغة العاقلة عقد نكاحها ونكاح غيرها مطلقا إلا أنه خلاف المستحب وهو ظاهر المذهب-''(38)

''امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک عاقلہ بالغہ لڑکی کا اپنی پسند سے اپنا نکاح یا کسی اور لڑکی کا نکاح کروانا جائز ہے اور یہ خلاف مستحب ہے اور یہی ظاہر مذہب ہے۔''

یہی ظاہر مذہب ہے کے لفظ سے ظاہر ہے کہ اس کی وجہ سے لڑکی گنہ گار نہیں ہو گی، البتہ اس طریقہ کار کی حوصلہ افزائی نہیں کی جائے گی۔

اپنی پسند سے نکاح کرنا ایسا خالص حق ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے متناکحین کو تفویض کیا ہے، صاحب ہدایہ اس کی وضاحت ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''ووجه الجواز أنها تصرفت فی خالص حقها وهی من أهله لكونها عاقلةً مميزةً، ولهذا كان لها التصرف فی المال ولها اختيار الازواج وإنما يطالب الولی بالتزويج كيلا تنسب إلى الوقاحة ثم فی ظاهر الرواية لا فرق بين الكفوء وغير الكفو ء ولكن للولی الاعتراض فی غير الكفوء- وعن أبی حنيفة وأبی يوسف رحمهما الله انّه لايجوز فی غير الكفء لأنه كم من واقع لا يرفع ويروی رجوع محمدًا إلى قولهما-''(39)

''ایسے نکاح کو جائز قرار دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس عورت نے خالص اپنے حق میں تصرف کیا ہے اور وہ اس کی اہل بھی ہے کیونکہ وہ عاقل ہے اور سمجھدار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے اپنے مال میں بھی تصرف کرنے کا اختیار حاصل ہے اور اسے شوہر منتخب کرنے کا بھی اختیار حاصل ہے، ولی کے ذریعے شادی کرنے کا مطالبہ اس لیے کیا جاتا ہے کہ اسے بے شرمی کی طرف منسوب نہ کیا جائے۔ پھر ظاہر الروایت میں یہ بھی منقول ہے کہ اس بارے میں کفو اور غیر کفو کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے تاہم غیر کفو کے بارے میں اعتراض کرنے کا حق ولی کو حاصل ہو گا۔ امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف سے یہ روایت بھی منقول ہے۔ غیر کفو میں ایسا کرنا جائز نہیں ہو گا۔ کیونکہ کتنے ہی ایسے وقعات ہیں جو مشہور نہیں ہوتے (یا عدالت تک نہیں پہنچ پائے) اور یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ امام محمدؒ نے ان دونوں حضرات کے قول کی طرف رجوع کر لیا ہے۔''

فقہائے احناف میں سے امام محمد کی شرط ''دفعاً لِضرر العار عن أنفسهم'' کا جائزہ اس طرح بھی دیا جانا چاہیے کہ والدین نکاح کو (جو لڑکی نے خود چھپ کر کیا ہو) والدین قبول کر بھی لیں تو کیا وہ والدین کے لیے باعث شرمندگی

نہیں ہو گا کیونکہ معاشرے میں بہت سے سوال اٹھیں گے کہ آخر ایسا کیا مسئلہ تھا کہ جس کی وجہ سے بچی نے چھپ کر نکاح کیا، اور والدین نے اسے کسی وجہ سے قبول کیا، اس کے علاوہ اگر خفیہ نکاح والدین قبول بھی کر لیں اور اس کی تشہیر بھی نہ ہو تو کیا والدین دل سے اس نکاح کو قبول کر لیں گے۔ اُن کے دل کی کیا کیفیت ہو گی جب انہیں علم ہو گا کہ ان کی بیٹی یا بہن نے از خود نکاح کر لیا ہے۔ کیا وہ ایسے نکاح پر خوش ہوں گے یا دلبر داشتہ؟

احناف کا نقطہ نظر یہ ہے کہ عاقلہ بالغہ اپنا نکاح از خود کر سکتی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ نکاح غیر کفو میں نہ ہو، اگر ولی کی مرضی اور اجازت کے بغیر غیر کفو میں کر لیا تو وہ نکاح منعقد نہیں ہو گا۔ علامہ ابن ہمامؒ نے عدم انعقاد کے قول کو مفتٰی بہ قرار دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

''واختيرت الفتوىٰ-''(40)

''اور میں اسی فتوی کو اختیار کیا۔''

لہٰذا والدین کی قبولیت کے باوجود بہت سے ایسے سوال باقی ہیں جن کے جواب تشنہ ہیں، والدین نے اپنی اولاد کی تربیت میں کہاں پر کمی چھوڑی تھی کہ اولاد کو اتنا بڑا فیصلہ خفیہ طور پر کرنا پڑا؟ کیا والدین کو اپنی اولاد کے حقوق کی حفاظت نہیں کرنی چاہیے اور ایسے فیصلوں کی نوبت آخر کیوں آئی ہے؟

پسند کی شادیوں کے حوالے سے جعفریہ کا موقف

فقہائے احناف کی طرح فقہ جعفریہ میں بھی عاقلہ و بالغہ کو اپنی مرضی سے نکاح کرنے کا حق حاصل ہے لیکن اولیاء کی رضامندی سے منعقد ہونے والے نکاح کو زیادہ بہتر سمجھا جائے گا تاکہ کسی قسم کے اختلاف اور شبہے کی گنجائش باقی نہ رہے، جیسا کہ الاستبصار میں رقم ہے:

''لا بأس بتزوج البكر إذا رضيت من غير إذن أبيها-'' (41)

''باکرہ راضی ہو تو اسکے لیے اپنے والد کی اجازت کے بغیر نکاح کرنے میں کوئی حرج نہیں۔''

پسند کی شادیوں کے حوالے سے ائمہ ثلاثہ کا موقف

''شوافع اور حنابلہ کے نزدیک عاقلہ بالغہ لڑکی کو از خود اپنا نکاح کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ مالکیہ، شوافع اور حنابلہ کے نزدیک ولایت اجبار ختم ہونے کے بعد بھی لڑکی خود اپنا نکاح نہیں کر سکتی۔''(42)

ابن قدامہ نے جمہور کے نقطہ نظر کو ان الفاظ میں واضح کیا ہے:

''إن النكاح لا يصح إلا بولي ولا تملك المرأة تزويج نفسها ولا غيرها ولا توكيل ولي غيرها في تزويجها، فإن فعلت لم يصح النكاح-''(43)

"نکاح ولی کے واسطہ سے ہی ہو سکتا ہے عورت نہ خود اپنا نکاح کر سکتی ہے نہ کسی کی وکالت کر سکتی ہے اگر ایسا کرے تو نکاح درست نہ ہو گا۔"

جمہور کے پیش نظر وہ روایات ہیں جن میں ولی کے بغیر نکاح کو باطل قرار دیا گیا ہے، جیسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"أيما امرأة لم ينكحها الولي، فنكاحها باطل، فنكاحها باطل، فنكاحها باطل-"[44]

"جس عورت کا نکاح اس کے ولی نے نہیں کیا اس کا نکاح، باطل ہے، باطل ہے، باطل ہے۔"

اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنھما کی روایت کے الفاظ ہیں:

"لا نكاح إلا بولي"[45]

"ولی کی اجازت کے بغیر لڑکی کا نکاح (درست) نہیں ہے۔"

تو جب ولی ولایت اجبار باقی رہتے ہوئے لڑکی کی اجازت کے بغیر اس کا نکاح کر سکتا ہے تو لڑکی کے اپنے نفس کے بارے میں زیادہ حق دار ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ اگر وہ ولی کی بھی اجازت کے بغیر نکاح کر لے تو نکاح منعقد ہو جائے گا۔

حسب ذیل شرائط کے پائے جانے کی صورت میں شریعت اسلامی نے ولی کے بغیر نکاح کا اختیار دیا ہے۔

نکاح کرنے والا بالغ ہو، لہذا صبی عاقل کا نکاح اگرچہ احناف کے نزدیک منعقد ہو جائے گا، مگر اس کا نفاذ اس کے ولی کی اجازت پر موقوف ہو گا۔

صبی جب تک صبی ہوتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں:

1. صبی غیر ممیز

اس سے مراد وہ بچہ جس کی عمر سات سال سے کم ہو۔

2. صبی ممیز

اس سے مراد وہ بچے ہے جس کی عمر سات سال سے زیادہ ہو گو کہ اس میں عقل ہوتی ہے لیکن ناپختہ لہذا اسے عاقل نہیں کہا جاتا۔ عاقل اسے اس وقت ہی کہا جائے گا جب وہ بالغ ہو جائے۔ اس مسئلہ کے متعلق احناف کا نظریہ یہ ہے کہ صبی ممیز جو عقد کرے گا اس میں کل تین احتمالات ہیں:

1. محض نفع بخش عقد" ایسا عقد اگر صبی ممیز کرتا ہے تو بالکل صحیح اور نافذ ہے۔ جیسے ھدیہ قبول کرنا، وصیت قبول کرنا، وقف قبول کرنا یا جیسے کہ اگر اس پر کوئی قرض ہے اور قرض دار اسے قرض معاف کر دیتا ہے۔
2. ہر حوالے سے نقصان دہ "عقد" ایسا عقد اگر صبی ممیز کرتا ہے تو وہ صحیح نہیں ہو گا۔

3. وہ عقود جن میں نفع و نقصان کا احتمال ہے اسے عقود اگر وہ کرتا ہے تو وہ ولی کی اجازت پر موقوف ہیں۔ اگر ولی نے اس کی اجازت دے دی تو نافذ ہو جائیں گی ورنہ ختم ہو جائیں گے اور نکاح کرنا اسی قسم کے عقود سے ہے۔

علامہ کاسانی نے شرائط جواز نکاح کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

''منها أن يكون العاقد بالغا فإن نكاح الصبى العاقل وإن كان منعقدا على اصل أصحابنا فهو غير نافذ بل نفاذه يتوقف على إجازة وليه-''(46)

''(جن کے نزدیک نکاح ولی کی اجازت کے بغیر بھی منعقد ہو جاتا ہے انہوں نے بھی کچھ شرائط بیان کی ہیں۔) ان میں سے یہ بھی ہے کہ عقد کرنے والا بالغ ہو کیونکہ نابالغ عقلمند بچے کا نکاح اگرچہ اصلاً منعقد ہوتا ہے لیکن اس کا نفاذ ولی کی اجازت پر موقوف ہے۔''

نکاح کرنے والا آزاد ہو، لہذا عاقل، بالغ غلام کا نکاح اس کے مولی کی اجازت کے بغیر درست نہیں ہو گا۔ حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

''أيما عبد تزوج بغير إذن مواليه فهو عاهر-''(47)

''جس غلام نے بھی اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو وہ بدکار ہے۔''

نکاح کرنے والا عاقل ہو۔ لہذا مجنون اور پاگل کا نکاح ولی کے بغیر درست نہیں ہو گا۔

نکاح کے باب میں وہ ولایت کا اہل ہو لہذا جو شخص ولایت فی النکاح کا اہل نہیں ہو گا، اسے بذات خود نکاح کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہو گا۔ بدائع میں ہے:

''ومنها الولاية في النكاح فلا ينعقد إنكاح من لا ولاية له-''

''نکاح کی ولایت کا اہل ہونا بھی شرط ہے پس جس کے پاس ولایت کا اختیار نہ ہو اس کا کیا ہوا نکاح منعقد نہ ہو گا۔''

علامہ ابن رشد مالکی نے بیان کیا ہے:

''أما الرجال البالغون الأحرار المالكون لأمر أنفسهم، فإنهم اتفقوا على اشتراط رضاهم و قبولهم في صحة النكاح-''(48)

''جو لوگ آزاد اور بالغ ہیں ان کا نکاح صرف ان کی رضامندی اور اجازت سے درست ہو جائے گا، اس پر فقہاء کا اتفاق ہے۔''

ائمہ ثلاثہ (امام شافعی، امام مالک اور امام احمد بن حنبل) کے نزدیک عورتوں کی عبارت سے نکاح منعقد نہیں ہوتا اور اس میں صغیرہ، کبیرہ، باکرہ، ثیبہ، عاقلہ اور مجنونہ سب برابر ہیں۔

علامہ ابن رشد تحریر فرماتے ہیں:

''اختلف العلماء هل الولاية شرط من شروط صحة النكاح أم ليست بشرط فذهب مالک إلى أنه لايكون نكاح إلا بولي وإنها شرط في الصحة۔''(49)

اس بارے میں علماء کا اختلاف ہے کہ کیا ولایت صحت نکاح کی شروط میں سے ایک شرط ہے یا نہیں تو امام مالک کے نزدیک یہ شرط ہے اور بغیر ولی کے نکاح نہیں ہو گا۔

علامہ ابن قدامہ رقمطراز ہیں:

''لا تملک المرأة تزويج نفسها ولا غيرها ولا توكيل غير وليها فی تزويجها فإن فعلت لم يصح النكاح۔''(50)

عورت اپنا نکاح خود نہیں کر سکتی، نہ کسی دوسری عورت کا کر سکتی ہے اور نہ اپنی شادی میں غیر ولی کو وکیل بنا سکتی ہے کیونکہ ایسا کرنے کی صورت میں نکاح ہی صحیح نہ ہو گا۔

خلاصہ بحث

اللہ تعالیٰ نے مرد وزن کے مابین جذبہ محبت و لگن کی تکمیل کے لیے نکاح کے بندھن کو قائم کرنے کا حکم دیا ہے اور نکاح کے لئے اصول و قوانین وضع فرمائے ہیں۔ نکاح / شادی کرنے کی غرض سے مرد وزن کے مناسب میل جول کے لئے بھی مذہب کی طرف سے اصول وضوابط موجود ہیں۔ مغرب زدہ معاشروں کے علاوہ دیگر معاشروں میں بھی مرد وزن کے درمیان نکاح کے بغیر کسی بھی قسم کے آزاد جذبے اور وابستگی کو پذیرائی نہیں ملی۔

گزشتہ صفحات میں بالغوں کے حق تصرف نفس پر فقہاء اسلام کا نقطہ نظر دلائل کے ساتھ ذکر کیا گیا۔ اس امر کو تفصیل سے ذکر کیا کہ شرعا کن لوگوں کو اپنا نکاح خود کرنے کا اختیار حاصل ہے اور کون لوگ ہیں جن کے نکاح کا اختیار بلوغت کے باوجود بھی ان کے اولیاء کو حاصل ہے۔ احناف اور جعفریہ کے نزدیک عاقل وبالغ افراد لڑکا ہو یا لڑکی اپنا نکاح کرنے کا مکمل اختیار رکھتے ہیں، جبکہ ائمہ ثلاثہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ لڑکی بلوغت کے بعد بھی اپنا نکاح اپنی مرضی سے خود نہیں کر سکتی بلکہ اس کے اولیاء سرپرستوں کو یہ حق بطور ولایت حاصل ہے۔

شریعت اسلامیہ اس بات کو بھی پسند کرتی ہے کہ عورتیں نکاح جیسے اہم معاملہ میں اپنے ولی کی رائے اور مشوروں کا احترام کریں، یہ ان کے حق میں بہتر ہے تاکہ اولیاء ان کے بہتر مستقبل کے لئے کفو میں مناسب رشتہ تلاش کر سکیں، یوں وہ اپنی جذباتیت اور عجلت پسندی کے مضر اثرات سے محفوظ رہ سکیں گی اور ان کے لئے کسی غیر مناسب رشتہ کی ڈور میں بندھنا ناممکن ہو جائے گا، تاہم شریعت یہ نہیں چاہتی کہ اولیاء اپنے زیر سرپرست بچوں کی پسند اور ناپسند کو بالکل نظر انداز کرتے ہوئے جہاں چاہیں اور جس کے ساتھ چاہیں اس کے ساتھ ازدواجی زندگی گزارنے پر مجبور کر دیں، کیونکہ اس سے بعض اوقات منفی نتائج برآمد ہوتے ہیں اور بے جوڑ شادیوں سے خاندانون میں قربتوں کی بجائے دوریاں پیدا

ہو جاتی ہیں، بچوں کے سرپرست حضرات کو اس انداز کا کلی اختیار دینا چونکہ مفاسد سے خالی نہیں، اس لئے شریعت نے اولیاء کو یک گونہ اختیار دیا اور لڑکے لڑکیوں کی رضا اور اجازت کو بھی اس کے ساتھ ملحوظ رکھا ہے۔

☆☆☆☆☆

﴿حوالہ جات حواشی﴾

1. البقرہ،230:2
2. ایضا، 2: 232
3. ایضا، 2: 234
4. القشیری، مسلم بن الحجاج بن مسلم (دون سنة الطبع). مسلم الصحیح، کتاب النکاح، باب استئذان الثیب فی النکاح بالنطق والبکر بالسکوت، ج: 2، ص:1037، رقم: 1421
5. الترمذی،ابو عیسی محمد بن عیسی، (دون سنة الطبع). السنن، کتاب النکاح، باب ما جاء فی استئمار البکر والثیب، ج:3، ص:416، الرقم:1108
6. الکاسانی، علاء الدین أبو بکر بن مسعود بن أحمد (دون سنة الطبع). بدائع الصنائع، الکویت، وزارة الأوقاف والشئون الإسلامیة، ج: 2، ص:241
7. شامی، محمد بن محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین،(1992ء). حاشیه رد المحتار علی الدر المختار، بیروت،دار الفکر، ج:3، ص:58
8. المرغینانی، برھان الدین علی بن ابی بکر، (س.ن). الہدایۃ، کراچی، ایچ، ایم سعید اینڈ کمپنی، ج:2، ص:282
9. کاسانی، بدائع الصنائع، ج:2، ص:247
10. المرغینانی،(دون سنة الطبع). ھدایة مع فتح القدیر وعنایة، طبع المکتبة التجاریة مصر، ج:2، ص:395
11. ابن عابدین، محمد امین بن عمر بن عبد العزیز الحنفی، (2000ء)۔ حاشیة رد المحتار علی الدرالمختار، بیروت، دار الفکر، ج: 3،ص: 855
12. ایضا، ج:3،ص:82
13. ایضا، ج:1،ص183
14. ابن ھمام، کمال الدین محمد بن عبد الاحد بن عبد الحمید، (س.ن). فتح القدیر، بیروت، دار الفکر، ج:3، ص: 255
15. مودود الموصلی عبد اللہ بن محمود الحنفی، (1937ء)۔ الاختیار تعلیل المختار، القاھرة، مطبعة الحلبی، ج:3، ص:90
16. ابن ھمام، شرح فتح القدیر علی الھدایة، بیروت، دار الفکر، ج:3، ص:255

17. عابد حسین، جامع الجعفری، (1979ء)۔ ج:1، ص:563

18. طوسی، ابی جعفر محمد بن الحسن بن علی، (1992)۔ الاستبصار فیما اختلف من الاخبار۔ بیروت، دار الاضواء، ج: 3، ص:232

19. ابن بابویه القمی، من لا یحضره الفقیه،(1889ء)،ج:3،ص:251

20. ابن قدامة، المغنی، ج:7، ص:5

21. ابن رشد، ابو ولید محمد بن احمد بن محمد بن رشد القرطبی، (1408ھ)۔ المقدمات المهدات، بیروت، دار الغرب الاسلامی، ج:1، ص:475

22. القرطبی، ابن رشد، محمد بن احمد بن محمد بن احمد،(1425ھ)۔بدایة المجتهد ونهایة المقتصد، القاهرة، مصر، دار الحدیث، ج:3،ص:33،34

23. (i)۔شافعی، محمد بن ادریس، (1393ء)۔ اَلأُمّ، بیروت، لبنان: دار المعرفة، ج:6،ص:83

(ii)شیرازی، السید محمد الحسینی، (س ن). المذهب، القاهرة، مکتبة الحلبی، ج:4،ص:125

(iii)نووی، روضة الطالبین،(1421ھ)۔ ج:5،ص:401

(iv)نووی، ابو زکریة یحی بن شرف، (دون سنة الطبع)- المنهاج، بیروت، داراحیاء التراث، العربی، ج:3، ص:149

24. شیرازی،المذهب، ج:4،ص:125

25. ایضا،ج:4،ص:126

26. الشافعی، محمد بن ادریس،(1393ھ)۔اَلاُمّ،بیروت،لبنان، دار المعرفہ،ج:5،ص:22

27. ابن قدامہ،ج:7،ص:38؟؟؟

28. ایضا،ج:6،ص:341

29. کاسانی، بدائع الصنائع،(س۔ن)۔ج:2،ص:241

30. ایضا،ج:2،ص:242

31. مالک، بن انس بن مالک، امام،(1991ء)۔ المؤطا الإمام مالک، روایة محمد بن الحسن، کتاب النکاح، باب النکاح بغیر الولی، دمشق، شام، دار القلم، ج:2،ص:408،رقم:541

32. کاسانی، بدائع الصنائع،ج:2،ص:248

33. المرغینانی، الهدایہ،ج:2،ص:282

34. ایضا،ج:2،ص:282

35. ابن نجیم، زین الدین الحنفی(س۔ن)۔ البحر الرائق، بیروت، لبنان، دار المعرفة، ج:3،ص:137

36. المرغینانی، الهدیة، ج:2،ص:284

37. البابرتی، محمد بن محمد بن محمود،(س۔ن)۔ العنایة شرح الهدایة، بیروت لبنان، دار الفکر، ج:3،ص:258

38. ابن ہمام، فتح القدیر، ج:3، ص:255
39. المرغینانی، ہدایہ، ج:2، ص:682
40. شوکانی، محمد بن علی بن محمد، (1964ء)۔ فتح القدیر، مصر: مطبع مصطفی البابی الحلبی، ج:3، ص:255
41. طوسی، الشیخ، (1363ھ)۔ الاستبصار، ابواب اولیاء، طہران، دار الکتب الاسلامیہ، ج:3، ص:232
42. (i) دردیر، أبوالبرکات أحمد بن محمد بن احمد، الشرح الصغیر، (1393ھ)۔ مصر، دار المعارف، ج:2، ص:336
(ii) نووی، المجموع، شرح مہذب، ج:16، ص:146
(iii) ابن قدامہ، المغنی، ج:7، ص:5
43. ابن قدامہ، المغنی، ج:7، ص:5
44. ابن ماجہ، ابوعبداللہ محمد بن یزید قزوینی، (1998ء)۔ السنن، بیروت، لبنان، دار الکتب العلمیہ، ج:1، ص:605، رقم:1879
45. ایضا، ج:1، ص:605، رقم:1880
46. کاسانی، بدائع الصنائع، ج:2، ص:233
47. سجستانی، ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، (1994ء)۔ السنن۔ کتاب النکاح، باب فی نکاح العبد بغیر إذن سیدہ، بیروت، لبنان: دار الفکر، ج:2، ص:228، قم:2078
48. ابن رشد، بدایۃ المجتہد، ج:2، ص:4
49. ایضا، ج:2، ص:7
50. ابن قدامۃ، المغنی، ج:7، ص:337

☆☆☆☆☆

﴿مصادر و مراجع﴾

1. ابن بابویه القمی، (1889ء).من لا یحضره الفقیه، بیروت، مؤسسة الأعلمی
2. الحنفی، ابن عابدین، محمد امین بن عمر بن عبد العزیز،(2000ء)۔حاشیة رد المحتار علی الدرالمختار، بیروت، دار الفکر
3. قزوینی، ابن ماجة، ابو عبد الله محمد بن یزید،(1998ء)۔السنن، بیروت، لبنان، دارالکتب العلمیة
4. ابن نجیم، زین الدین الحنفی، (س۔ن)۔ البحرالرائق، بیروت، دارالمعرفة
5. ابن همام، کمال الدین محمد بن عبد الاحد بن عبد الحمید (س۔ن)۔شرح فتح القدیر علی الهدایة بیروت، دار الفکر
6. سجستانی،ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، (1994ء)۔ السنن۔ کتاب النکاح، بیروت،دار الفکر
7. البابرتی، محمد بن محمد بن محمود، (س۔ن)۔ العنایة شرح الهدایة، بیروت لبنان، دارالفکر

8. الترمذی، السنن، کتاب النکاح، باب ما جاء فی استئمار البکر و الثیب شامی، محمد بن محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین دمشقی (1992ء)۔ حاشیہ رد المحتار علی الدرالمختار، بیروت، لبنان، دار الفکر
9. دردیر، أبوالبرکات أحمد بن محمد بن احمد،(1393ھ)۔ الشرح الصغیر، مصر، دار المعارف
10. شافعی، محمد بن ادریس،(1393ء)۔ اَلاُمّ، بیروت، لبنان، دار المعرفہ
11. شوکانی، محمد بن علی بن محمد،(1964ء)۔ فتح القدیر، قاہرۃ، مطبع مصطفی البابی الحلبی
12. شیرازی، السید محمد الحسینی،(س۔ن)۔ المہذب، القاہرہ، مطبعۃ الحلبی
13. طوسی، ابی جعفر محمد بن الحسن بن علی،(1992)۔الاستبصار فیما اختلف من الاخبار،بیروت، لبنان، دار الاضواء
14. القرطبی، ابن رشد،(1425ھ)۔ بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد، القاہرۃ، مصر، دار الحدیث
15. القرطبی، ابن رشد، ابو ولید محمد بن احمد بن محمد (1408ھ)۔ المقدمات المہدات، بیروت، دار الغرب الاسلامی
16. القشیری، مسلم بن الحجاج بن مسلم (دون سنة الطبع). مسلم الصحیح، بیروت، دار احیاء التراث العربی
17. کاسانی، علاؤ الدین، (1404ھ-1427ھ)۔ بدائع الصنائع الموسوعة الفقهية الكويتية، صادر عن وزارة الأقاف والشئون الإسلاميه، الكويته
18. مالک بن أنس بن مالک، امام، (1991ء)۔ المؤطا الإمام مالک، دمشق، شام، دارالقلم
19. المرغینانی، ہدایۃ شرح البدایۃ المبتدی، مصر، مکتبۃ مصطفی البابی، الحلبی
20. المقدسی، ابن قدامۃ، أبو محمد بن عبد اللہ بن احمد،(1405ھ)۔ المغنی فی فقہ الإمام احمد بن حنبل، بیروت، دار الفکر
21. الموصلی، مودود عبد اللہ بن محمود الحنفی،(1937ء)۔ الاختیار تعلیل المختار، القاہرۃ، مطبعۃ الحلبی
22. نووی، ابوزکریا، یحی بن شرف (س۔ن)۔ کتاب المجموع، جدہ، مکتبۃ الرشاد
23. نووی، ابوزکریا،(2000ء)۔ روضۃ الطالبین، بیروت، دار الکتب العلمیۃ
24. نووی، ابوزکریا،(س۔ن)۔ المنہاج، بیروت، داراحیاء التراث، العربی

سر سید احمد خان کے کلامی افکار کا تحقیقی جائزہ

☆صائمہ رفیق
☆☆پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم رانا
☆☆☆شبانہ قمر

Abstrect

Ilmu-ul-kalam is a subject which enjoys higher place in Academic circles. It addresses questions and queries related to faith and other concepts of Islam. The contribution of Sir Syed Ahmad Khan made in this field is highly appreciated. He was not satisfied with the existing state of knowledge yet he tried to solve the issues with the help of Quranic arguments. if he found no solution in the Quran, he solved it with the help of scientific method and involving the concept of nature. Islam pays much importance to the challenges of the time and needs them to be solved. Sir Syed holds that the solution of all current problems lies in the exercise of ijtehad. Ignoring the research and the exercise of ijtehad, society can never be promoted and prospered.

In the eyes of Sir Syed Ahmad Khan, there is a similarity between Islam and Nature, that's why relationship is very vital between Islam and Wisdom. Concepts ofSir Syed Ahmad Khan verify that he was the true well wisher of Islam and Muslim. In this paper such trends of Sir Syed Ahmad Khan (are shown), which help solving the contemporary issues. Further, it is said, that customs and traditions which are contrary to science should not be taken into consideration.

Keywords: Sir Syed Ahmad Khan,Islamic theology, Quranic arguments, ijtehad,

علم الکلام کی حقیقت

برصغیر میں برطانوی تسلط کے بعد اسلام اور رحمت دو عالم ﷺ کے حوالے سے شکوک شبہات پھیلائے گئے جن کے علم الکلام کے ماہرین نے جوابات دیئے، علم الکلام سے مراد وہ علم ہے جس کے ماننے والے انسان عقلی دلیلوں سے اسلامی عقائد کی تصدیق کرتے ہیں۔ علم الکلام کی بنیادی دلیل عقلی ہے اور اس کا اثر ہر متکلم سے

☆پی ایچ ڈی اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
☆☆ڈین فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز اینڈ شریعہ، منہاج یونیورسٹی، لاہور
☆☆☆ایم فل اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

بوقت کلام ظاہر ہوتا ہے نیز یہ کہ علم الکلام اصول دین میں استدلالی طریقے کے بیان میں علم منطق سے مشابہ ہے۔ چنانچہ یہاں منطق کے بجائے کلام کا لفظ استعمال کیا گیا۔

سر سید احمد خان نے اپنے عہد کے تقاضوں کے مطابق ایک نئے علم الکلام کی طرف توجہ دی تاکہ مذہب وقت کے تضاضوں کا ساتھ دے سکے۔ وہ چاہتے تھے کہ ہر دور میں مذہب کی تفسیر و تعبیر اس عہد کے مروجہ رجحانات کے مطابق ہو تاکہ سائنس اور مذہب کے درمیان حائل خلیج کو پر کر دیا جائے۔

جنگ آزادی کے بعد برصغیر پاک و ہند میں نہ صرف انگریزوں کا اقتدار قائم ہوا بلکہ مغربی افکار بھی آہستہ آہستہ معاشرے میں نفوذ کرتے گئے۔ ہندوؤں نے آسانی سے مغربی افکار کو قبول کرنا شروع کر دیا۔ اس کی بڑی وجہ ان کی سیاسی چال تھی دراصل وہ اس کوشش میں تھے کہ مسلمانوں کے سیاسی اقتدار کو ختم کر کے اپنا تسلط جمالیں۔ تجارت بھی ہندوؤں کے ہاتھ میں تھی اور کیونکہ انگریز تاجروں کی حیثیت ہی سے ہندوستان میں وارد ہوئے تھے لہذا ہندو تاجروں کو انگریزوں سے فائدہ پہنچ رہا تھا۔[1]

اس کے بر خلاف مسلمانوں نے مغربی افکار کو قبول کرنے سے بے اعتنائی برتی بلکہ خاندان شاہ ولی اللہ نے یہ تحریک چلائی کہ اسلامی علوم کو اردو میں منتقل کر کے عوام میں پھیلایا جائے۔ اس کے بر عکس صرف چند مسلمان ایسے تھے جنہوں نے انگریزی افکار اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ان میں سر سید احمد خان پہلے مسلمان تھے جنہوں نے مغربی افکار سمجھنے کی خاطر مہم چلائی اور ایک منظم تحریک کی بنیاد ڈالی۔ 1857ء کے بعد سر سید کی نہایت مخلصانہ طور پر خواہش اور کوشش یہ رہی کہ انگریزوں کے ہاتھوں مسلمانوں کو اور زیادہ نقصان نہ پہنچے۔ اس کے لئے انہوں نے جو طریقہ تجویز کیا وہ یہ تھا کہ:

مسلمانوں اور انگریزوں کے درمیان مصالحت کرائی جائے۔

مسلمان سیاسی، سماجی اور تہذیبی میدان میں ترقی کریں۔

یہ سر سید کی مخلصانہ آرزو تھی جس کی تعریف حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے سر سید کے نام اپنے ایک خط میں کی کہ مسلمانوں پر انگریزوں کی فتح کی اصلی وجہ وہ صنعتی ایجادات تھیں جو وہ اپنے ساتھ لائے تھے اور مسلمانوں کے ابھرنے کا صرف یہی طریقہ تھا کہ وہ انگریزوں کے ان نئے فنون کو سیکھیں۔[2]

سر سید لکھتے ہیں:

"ہماری تحریروں میں اکثر لفظ "علوم جدیدہ" آیا ہے اور لوگ شک و شبہ میں رہتے ہیں کہ ان علوم سے کیا مراد ہے۔ ان سے مراد:

ا۔ وہ علوم ہیں جو متقدمین یونانیہ اور حکمائے اسلام کے زمانہ میں مروج نہ تھے اور اب حال میں ایجاد ہیں مثلاً جیالوجی اور الیکٹریسٹی وغیرہ۔

۲۔ اس کے علاوہ وہ علوم ہیں جو متقدمین یونانیہ اور حکمائے اسلامیہ کے ادوار میں موجود تو تھے مگر متروک ہو گئے اور اب نئے اصول قائم ہوئے جن کو اصول قدیمہ سے مناسبت نہیں مثلاً علم ہیت اور کیمسٹری وغیرہ۔

۳۔ تیسرے وہ علوم ہیں جو متقدمین یونانیہ اور حکمائے اسلام کے زمانہ میں بھی تھے اب ان کو اتنی وسعت ہو گئی ہے کہ زمانہ حال میں بالکل نئے معلوم ہوتے ہیں مثلاً مکینکس یعنی علم آلات، علم حساب اور انجینئرنگ وغیرہ۔"(3)

سر سید اور جدید علم الکلام

سر سید کے جدید علم الکلام پر کئی اعتراض ہو سکتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے جو کیا قوم کی بھلائی کے خیال سے کیا، وہ ایک جگہ لکھتے ہیں:

"میں صاف کہتا ہوں کہ اگر لوگ تقلید نہ چھوڑیں گے اور خاص اس روشنی کو جو قرآن و حدیث سے حاصل ہوتی ہے تلاش نہ کریں اور حال کے علوم سے مذہب کا مقابلہ نہ کریں گے تو مذہب اسلام ہندوستان سے معدوم ہو جائے گا، اسی خیر خواہی نے مجھ کو برانگیختہ کیا ہے کہ میں ہر قسم کی تحقیقات کرتا ہوں اور تقلید کی پرواہ نہیں کرتا ورنہ آپ کو خوب معلوم ہے کہ میرے نزدیک مسلمان رہنے کے لئے آئمہ کبار تو درکنار مولوی جبو کی بھی تقلید کافی ہے، لا الہ الا اللہ کہنا ہی ایک طہارت ہے کہ کوئی نجاست باقی نہیں رہتی۔"(4)

سر سید احمد خان نے جدید علم الکلام کی ضرورت کو محسوس کیا کیونکہ انہیں اسلام کی صداقت کا کامل یقین تھا۔ دنیا کی کئی قومیں ہیں جن کے بعض عقائد عقل کے خلاف معلوم ہوتے ہیں۔ مثلاً جاپانی، پارسی اور خود عیسائی لیکن وہ مذہبی عقائد اور سائنس یا دنیاوی ترقی کو زندگی کے دو الگ الگ دائرے سمجھ کر کام کر رہی ہیں۔ مسلمان بھی ایسا کر سکتے تھے مگر سر سید کو پورا یقین تھا کہ اسلام اور سائنس یا دینوی ترقی یعنی قرآن اور فطرت میں کوئی تناقض نہیں ہے۔(5)

سر سید احمد خان کے عقائد اور فلسفہ کا فہم ان کے مضمون "مذہبی خیال" سے ہوتا ہے جو ان کے رسالہ تہذیب الاخلاق 1296ھ میں شائع ہوا۔ لکھتے ہیں:

"قدیم اصول یہ ہے کہ انسان مذہب کے لئے پیدا ہوا ہے۔ جدید اصول یہ ہے کہ مذہب انسان کے لئے پیدا ہوا ہے۔ قدیم اصول یہ ہے کہ انسان نفس کشی کرے اور اپنی خوشیوں کو معدوم کرے۔ جدید اصول یہ ہے کہ انسان اپنی تمام خوشیوں اور خواہشات کو زندہ رکھے اور ان کو ان اصولوں کے مطابق استعمال کرے۔ قدیم اصول یہ ہے کہ تزکیہ نفس کو لازم ہے کیونکہ نفس انسانی ناپاک ہے اس کو آلائشوں سے پاک کرنا ہے۔ جدید اصول یہ ہے کہ نفس انسانی بذات خود

پاک ہے اور ہر اس کام کی قابلیت رکھتا ہے جو اس سے لیا جائے۔ قدیم اصول یہ ہے کہ دنیا و مافیھا سے تعلق قطع کرنا اور صرف ذات مبدا سے تعلق رکھنا چاہیے۔ جدید اصول یہ ہے کہ دنیا اور جو کچھ اس دنیا میں ہے انسان کے فائدے کے لئے بنائی ہے پس انسان کو اسے قبول کرنا چاہیے۔ قدیم اصول یہ ہے کہ تقدیر پر بھروسہ کرنا اور اس پر شاکر رہنا چاہیے۔ جدید اصول یہ ہے کہ تقدیر اس امر کا نام ہے جو واقع ہو جائے اور قبل وقوع اس کے منتظر رہنا خدا کی حکمت کو باطل کرنا ہے اور بعد وقوع اس کو برداشت نہ کرنا ناشکری ہے۔ جدید اصول یہ ہے کہ اللہ اللہ کہنا اور تسبیح و تحلیل کرنا خدا کو یاد کرنا ہے۔ جدید اصول یہ ہے کہ خدا کی صناعی سے اس کی یاد کا دل میں آنا خدا کو یاد کرنا ہے۔ قدیم اصول یہ ہے کہ قرآن مجید میں شفاء بھی ہے۔ جدید اصول یہ ہے کہ امراض روحانی کے لئے نہ کہ امراض جسمانی کے لئے۔ قدیم اصول یہ ہے کہ معجزوں سے انبیاء کی تصدیق ہوتی ہے۔ جدید اصول یہ ہے کہ نیچر سے انبیاء کی تصدیق ہوتی ہے۔ قدیم اصول یہ ہے کہ نیکی اور برائی جنت کے ملنے اور دوزخ کے عذاب سے بچنے یا رضائے الٰہی اور اس کی خفگی سے بچنے کے لیے کرنی چاہیے۔ جدید اصول یہ ہے کہ نیچر کا مقتضا ہی یہ ہے کہ ہم کو نیک ہونا چاہیے۔"(6)

گویا اس اقتباس سے سرسید کے مذہبی فکر کے اعلیٰ ترین مرحلے کے عقائد کے خدوخال واضح طور پر سمٹ آئے ہیں۔ سرسید کہتے تھے:

"اگر اسلام کو جدید سائنسی روح پر پرکھا جائے تو یہ تمام مذاہب سے زیادہ فطرت کے قوانین سے قریب ہے اور سب سے زیادہ عقل کو مطمئن کرنے والا قرآن ہی ہے چونکہ مسلمانوں نے ماضی میں قرآن کے نظریہ کائنات کو بہت غلط سمجھا اور اس کی غلط تعبیر کی اور یہ کہ قدیم طرز کا علم االکلام آج بر محل نہیں ہے."(6)

سرسید کے کلامی افکار کا جائزہ لینے پر معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے فطرت کو خاص اہمیت دی ہے اور فطرت کو ہر چیز کا معیار بنایا ہے۔

مذہب انسان کی فطرت میں داخل ہے

جس طرح انسان میں ہمدردی، محبت، جوش، انتقام اور قدرتی جذبات پائے جاتے ہیں اسی طرح میلان مذہب بھی قدرتی اور فطرتی ہے۔ جس طرح قدرتی جذبات کسی شخص میں کم اور کسی میں زیادہ ہوتے ہیں، کسی میں ضعیف، کسی میں شدت اور شاذونادر افراد میں بالکل نہیں ہوتے بعینہ مذہب کا یہی حال ہے۔ دنیا میں افراد انسانی کے خاص مختصات یعنی زبان، قوم، ملک، صورت، رنگ کو حذف کرتے جاؤ جو چیزیں قدر مشترک رہ جائیں گی ان میں ایک مذہب ہو گا اور یہ مذہب کے فطری ہونے کی بڑی دلیل ہے۔ جن چیزوں کو ہم انسان کی فطرت خیال کرتے ہیں مثلاً اولاد کی محبت، انتقام

کی خواہش، کمال کی قدر دانی وغیرہ وغیرہ ان کے فطری ہونے کی یہی وجہ قرار دیتے ہیں کہ تمام دنیا کے آدمیوں میں مشترک پائی جاتی ہیں اس بناء پر جب ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں ہر قوم، ہر نسل، ہر طبقہ کوئی نہ کوئی مذہب رکھتا ہے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مذہب فطری چیز ہے۔[7]

قرآن مجید کا تصور فطرت

قرآن کہتا ہے:

فَاَقِمْ وَجْهَکَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا- فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا- لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِکَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ [8]

"تم سب دین (حق) کی طرف اپنا منہ رکھو اللہ کی اس فطرت کا اتباع کرو جس پر اس نے انسان کو انسان کو پیدا کیا ہے اللہ کی بنائی فطرت میں کوئی تبدیلی نہیں یہی ہے سیدھا دین لیکن اکثر لوگ اس کا علم نہیں رکھتے۔"

شروع میں سر سید نے فطرت کا لفظ استعمال نہیں کیا بلکہ "خدا کی قدرت" کا نام لیا، وہ بیان کرتے ہیں:

"اس طرح یہ سب کواکب خدا تعالی نے اپنی قدرت کاملہ سے ایک وسعت میں بکھیر دیئے ہیں جو اپنی اپنی جگہ قائم ہیں۔ ان سب کے بیچ میں آفتاب ہے اور وہ سب اس کے گرد گھومتے ہیں اور معلوم نہیں ایسے آفتاب اور کتنے ہیں اور کتنے ستارے ان کے ساتھ ہیں جو اس کے گرد چکر لگاتے ہوں گے کیونکہ خدا تعالی کی قدرت اور صفت بے انتہا ہے۔" [9]

خدا کی قدرت" والے فقرے کی جگہ پھر سر سید نے صرف "قدرت" کا لفظ استعمال کرنا شروع کیا اور "قانون قدرت" بھی استعمال کرنے لگے اور کہا کہ کائنات کا مالک تو خدا ہے مگر اس کائنات میں چند ایک قانون اس طرح کے ہیں جو نہ بدلے ہیں اور نہ بدل سکتے ہیں اور یہ کہ انسان اپنی عقل سے بتدریج ان قوانین کو دریافت کر سکے گا۔

اس سلسلے میں کہتے ہیں:

"ہاں یہ سچ ہے کہ قانون قدرت پر غور کرنے سے وہ صحیح اخلاق جو انسان کی طبیعت کو ایسی طاقت پر کر دیں جو کبھی دھوکہ نہ دے دریافت ہو سکتے ہیں۔ مگر کب؟ اس وقت جب کہ انسانی معلومات کو قوانین قدرت پر اور مختلف قوانین کے اسرار پر جو اس کے بانی نے انسان میں رکھے ہیں ایک معتد بہ آگاہی حاصل ہو۔"[10]

اس کے بعد سر سید نے نیکی اور عبادت کے بارے میں اس طرح کا نقطہ نظر اختیار کیا کہ پہلے لوگ نیکی اور عبادت کو جنت کی تلاش اور حور کی لالچ میں کرتے تھے مگر اب ایسا نہیں ہے اب اس لئے نیکی کرتے ہیں کہ "نیچر کا تقاضا ہے" کہ ہم کو نیک ہونا چاہیے۔ ایک اور جگہ کہتے ہیں:

"اس زمانے کے مسلمانوں نے بھی جو دین اللہ اور فطرت اللہ کے ایک معنی سمجھتے ہیں اور یہ دعوی کرتے ہیں کہ ٹھیٹ اسلام نیچر کے مطابق ہے اس دشوار گزار راستے میں قدم رکھا ہے اور اس آرٹیکل سے ہمارا مقصد خدا کے وجود پر ان نیچریوں کی دلیلوں کا بیان کرنا ہے۔"(11)

پھر ایک جگہ کہا:

"ہمارا یقین کامل ہے کو ورک آف گاڈ اور ورڈ آف گاڈ کبھی مختلف نہیں ہوتے۔ گو ہم نے اپنے نفس علم سے کبھی ورڈ کے معنی غلط سمجھے ہوں۔"(12)

سر سید احمد خان نے فطرت کے لئے لفظ "نیچر" استعمال کیا اور سر سید کے نزدیک نیچر یعنی فطرت کے دو مفہوم ہیں ایک تو نظام کائنات اور دوسرے انسان کی ماہیت اور قرآن میں بھی جہاں لفظ "فطرت" یا "خلق" آیا ہے اس کی تفسیر اٹھارہویں اور انیسویں صدی کے فلسفے کے مطابق کی۔(13)

سر سید کو نیچر کی وجہ سے نیچری کہا جانے لگا جس پر انہوں نے فخر محسوس کیا:

"اگر نیچری ہونے میں بجز اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ موجودات عالم اور ان کے باہمی تعلقات سے جو نتائج پیدا ہوتے ہیں ان پر غور و فکر کیا جائے اور ان کی دلالت اور ہدایت سے ان کے صانع کا یقین کیا جائے تو شروع میں نیچری ہونے کی ہدایت ہے"۔(14)

سر سید نیچر کا معنی یہ لکھتے ہیں:

"حقائق موجودات اور اصول نظام کائنات نیچر ہے۔ آگ جلاتی ہے کیونکہ جلانے پر مجبور ہے۔ ;برف ٹھنڈا کرتی ہے ۔ایسا کرنا اس کے لئے ناگزیز ہے۔ہوائیں چلتی ہیں ۔دریا بہتے ہیں۔پودے اگتے ہیں۔لوگ مرتے رہتے ہیں۔پیدا ہوتے رہتے ہیں۔یہ سب ایک نظام کائنات ہے جو ایک اصول کے تحت چل رہا ہے اور یہی فطرت ہے۔ عقل کے ذریعے سے ہم قوانین قدرت کو معلوم کرتے ہیں عقل ہی کے ذریعے ہم فطرت انسانی کے تقاضوں سے آگاہ ہوتے ہیں غرض عقل اور نیچر میں ہم آہنگی ہے۔کیونکہ اسلام اور نیچر میں مطابقت ہے اس لئے اسلام اور عقل میں مطابقت ضروری ہے۔"(15)

سر سید کہتے ہیں:

"خدا نے ہم کو، ہماری جان کو، ہماری سمجھ کو، ہمارے دل و دماغ کو، ہمارے روئیں روئیں کو، نیچر سے جکڑ دیا ہے ہمارے چاروں طرف نیچر ہی نیچر ہے، نیچر کو ہم دیکھتے ہیں، نیچر ہی کو ہم سمجھتے ہیں، نیچر سے خدا کو پہچانتے ہیں، پھر نیچری نہ ہوں تو کون ہوں، کوئی کیسا ہی مسلمان ہو، ہم تو بلاشبہ فطرتی مسلمان ہیں، ہمارے باپ دادا بھی کچھ کرشمہ اور کرامات دیکھ کر ایمان نہیں لائے

تھے وہ بھی فطرتی مسلمان تھے۔ نیچر ہمارے خدا کا ہمارے باپ دادا کا تمغہ ہے، ہم نیچری، ہمارا خدا نیچری، ہمارے باپ دادا نیچری، اگر کوئی اس مقدس لفظ کو بری نیت سے استعمال کرتا ہے وہ جانے اور اسکا دین ایمان۔ وہ صرف ہم ہی کو نہیں کہتا بلکہ خدا اور پیغمبر کو بھی کہتا ہے پھر لوگوں کو جو چاہو کہنے دو۔ ان کو ان کی راہ پر، ہم کو اپنی راہ پر، اپنے خدا کی راہ پر، اپنے باپ دادا کی راہ پر اور رسولوں کی راہ پر چلنے دو۔"[16]

شاہ ولی اللہ کے نزدیک

ڈاکٹر عبد الرؤف شیخ شاہ ولی اللہ کے حوالے سے لکھتے ہیں:

"شاہ ولی اللہ نے فطرت اللہ کا ترجمہ دین خدا کا کیا ہے۔ پس جو ہمارے خدا کا مذہب ہے وہی ہمارا مذہب ہے خدا نہ ہندووے اور نہ مسلمان، نہ لا مذہب ہے نہ یہودی نہ عیسائی وہ تو پکا نیچری ہے وہ خود اپنے کو نیچری کہتا ہے پھر اگر ہم بھی نیچری ہیں تو اس سے زیادہ ہم کو کیا فخر ہے۔"[17]

سر سید کے مطابق

سر سید مذہب اور فطرت کا تعلق بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

"مذہب اسلام ان بندشوں کو توڑنے کو آیا تھا جو فطرت یا نیچر پر لوگوں نے باندھی تھیں۔ وہ کوئی نئی بندش نیچر یا خدا کے دین پر باندھنے نہیں آیا۔ اس نے فطرت کے مطابق لوگوں کو آزادی کا پورا حق دیا ہے اور اسی کو اس کا دین بلکہ خدا کا دین بتاتا ہے لہذا کسی نے خدا کو اور کسی طرح نہیں جانا اگر جانا تو نیچر ہی سے جانا۔ خود خدا بھی اپنے آپ کو کچھ نہیں بتا سکا تو جو بتلایا وہ نیچر ہی کو بتلایا۔ خدا نے فرمایا کہ جس نے زمین کو تمہارے لئے بچھونا اور آسمان کو سائبان بنایا، آسمان سے پانی برسایا، جس نے تمہارے کھانے کے لئے طرح طرح کے میوؤں کو اگایا وہی خدا ہے۔ گویا فطرت خدا کا دین ہے۔"[18]

سر سید کے نظریہ فطرت کے بارے میں کہا گیا ہے:

سر سید فطرت کو انیسویں صدی کی سائنس کی طرح تعبیر کرتے ہیں یعنی فطرت کائنات کا ایک جامع اور مانع نظام (Closed system) ہے۔ جو چند میکانی اور طبیعاتی اصولوں کے تحت وجود رکھتا ہے۔ جس میں ہر حرکت اور فعل مستقل اور یکساں طور پر قائم ہے۔"[19] یہی وہ فطرت کے مغربی تصورات ہیں جن کی بناء پر جمال الدین افغانی نے سر سید کو دہریہ قرار دیا" دراصل سر سید کی نیچریت سطحی تھی تاکہ نو تعلیم یافتہ طالب علموں کی توجہ حاصل کریں اور وہ کسی تعصب کا شکار نہ ہوں۔"[20]

غرضیکہ اس تمام بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سر سید صرف اپنی سمجھ کے قائل تھے اور یہ سمجھ انیسویں صدی کی مغربی سائنس سے آئی تھی۔ انہوں نے خود ہی اقرار کیا:

"میں نے بقدر اپنی طاقت کے خود قرآن مجید پر غور کیا اور چاہا کہ قرآن ہی سے سمجھنا چاہیے کہ اس کا نظم کن اصولوں پر قائم ہے اور جہاں تک میری طاقت میں تھا میں نے سمجھا اور پایا کہ جو اصول خود قرآن مجید سے نکلتے ہیں ان کے مطابق کوئی مخالفت علوم جدیدہ میں اسلام سے ہے اور نہ قرآن سے۔"(21)

گویا سر سید دعوی کرتے ہیں کہ اسلام کے احکام فطرت کے مطابق ہیں نیز اسلام اور علوم جدیدہ میں کچھ مخاصمت نہیں

وجود باری تعالی

سب سے پہلا عقیدہ خالق کائنات کے وجود کا ثبوت ہے جس کے متعلق سر سید کہتے ہیں کہ:

"وہ چیز جس پر یقین کرنے سے کوئی شخص مسلم یا مسلمان کہلایا جا سکتا ہے۔ وہ توحید ہے جو شخص خدا کو برحق جانتا ہے اور اس کی توحید پر یقین رکھتا ہے وہ مسلمان ہے یہی اسلام کا رکن اول اور رکن اعظم ہے اور باقی رکان اس کے تحت ہیں اور اس کے ساتھ اس کے اجزاء ہیں۔ خدا کو واحد مطلق اور خالق تمام چیزوں کا جاننا اور سمجھنا اور اس بات پر یقین کرنا اسلام ہے اور جو اس پر یقین کرے وہ مسلم ہے۔"(22)

خالق کائنات کے وجود کے اثبات کے لئے سر سید نے لکھا ہے:

"تمام موجودات کا خالق یا ان کے وجود کا سب اخیر یا علتہ العلل کوئی ہے اور اس کا نام اللہ ہے۔ مذہب اسلام کا سب سے پہلا یہ عقیدہ کہ کوئی کائنات کا خالق ہے یہ سب کچھ موجود ہے اور جس کو ہم کسی طرح جان سکتے ہیں یا سمجھ سکتے ہیں ایک ایسے سے مربوط ہے کہ ایک کا وجود دوسرے پر دوسرے کا تیسرے پر منحصر ہے پس ضرور یہ ہے کہ یہ سلسلہ کسی اخیر وجود یا علت یا سبب پر منتہی ہو اور جس پر یہ منتہی ہو وہی خالق اور خدا رب العالمین ہے۔"(23)

ایک اور جگہ رقمطراز ہیں:

"یہ خیال ہمارا جو خدا کے ہونے پر ہوا ہے اس کو ایسی چیزوں نے پیدا کیا جو ایک حقیقت ہیں یا یوں کہو کہ حقائق محققہ ہیں اور ہم نے اس قسم کے خیال کو ہمیشہ ٹھیک اور بعد تجربہ کے مطابق واقع کے پایا ہے اس لئے ہم اس خیال پر بھی یقین رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بعد تجربہ کے بھی جب کبھی کہ ہو یہ خیال ہمارا تو بالکل مطابق واقع کے ہو گا اور اسی لئے ہم اس کو خیال نہیں کہتے بلکہ یقین کہتے ہیں۔"(24)

توحید باری تعالی کے متعلق سر سید کہتے ہیں:

"وہ ہستی جس کو ہم اللہ کہتے ہیں واحد فی الذات ہے یعنی مثل اس کے دوسری ہستی نہیں ہے۔"(25)

مغربی مفکر ارسطو کے نزدیک

وجود خدا کے لئے سب سے بڑی دلیل اس کا محرک اول ہونا ہے جس کے لئے کسی ایسے وجود کا ہونا لازم ہے جو حرکت کا ماخذ ہو اور خود متحرک ہو اور دائمی ہو۔

ارسطو علتوں کے بارے میں کہتا ہے:

"علت کی چار قسمیں ہیں۔مادی، صوری، فعلی اور غائی (مقصد) جس میں وہ مجسمہ ساز کی مثال دیتا ہے کہ جس چیز سے وہ مجسمہ تیار کرتا ہے وہ مادی علت اور جو شکل مجسمہ اختیار کر لیتا ہے وہ صوری اور جب کام ہو رہا ہے تو علت فعلی جبکہ مجسمہ بنانے کا جو مقصد ہے وہ علت غائی ہے۔ جدید اصلاحات میں لفظ علت سے مراد علت فعلی ہے۔ غیر متحرک محرک کو علت فعلی قرار دیا جا سکتا ہے اس کا مقصد تغیر لانا ہے جو بنیادی طور پر خدا کی مماثلت کی طرف ایک ارتقاء ہے۔" (26)

خدا کے متعلق ارسطو کا عقیدہ گویا یہ ہے:

"وہ ایک قوت مقناطیسی ہے جو تمام اشیاء کو اپنی طرف کھینچتی ہے کشش کا باعث صرف یہ ہے کہ تمام اشیاء اس کی عاشق ہیں حرکت در حقیقت نتیجہ کشش ہے جو زندگی کا اظہار ہے پس حرکت خدائی کشش کا نتیجہ ہے اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے خدا زندگی کی علت ہے"۔(27)

اقبال کے نزدیک علت العلل

ڈاکٹر اقبال علت العلل کے حوالے سی لکھتے ہیں:

"ہر معلول کی کوئی علت اور پھر اس کی بھی کوئی علت ہوتی ہے اس طرح ہر علت کا کوئی نہ کوئی معلول ہوتا ہے تو حرکت کی بھی کوئی علت اور پھر اس کی بھی کوئی علت ہو گی۔ اس طرح علتوں کا ایک سلسلہ جو نہ ختم ہونے والا تصور ہو گا۔ مگر ایسا کرنا ممکن نہیں کیونکہ انسانی ذہن کسی بھی لامحدود سلسلے کو تصور کی گرفت میں نہیں لا سکتا۔ لہذا ہمیں ایک محرک اول کا مفروضہ سامنے لانا پڑتا ہے جو تمام حرکت کا سبب ہے مگر اس کا کوئی اپنا سبب یا محرک نہیں ہے۔"(28)

علت کے بارے میں الغزالی کا موقف

امام غزالی علت و معلول کے درمیان تعلق بیان کرتے ہوئے علت العلل کی نشاندہی کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"مسلم مفکر الغزالی کا کہنا ہے کہ علت و معلول کے درمیان جو رشتہ ہے وہ لازمیت کا نہیں بلکہ صرف تجربہ اور مشاہدہ پر مبنی ہے۔ علتیں بذات خود کسی معلول کو پیدا کرنے کی صلاحیتیں نہیں رکھتیں۔ وہ خود کسی قسم کی قوت ارادی کی مالک نہیں ہوتیں۔ وہ عظیم قوت ارادی جو انہیں متحرک کرتی ہے صرف خدائے ذوالجلال کی ہے جو مکمل طور پر آزاد اور خود مختار ہے اور کسی قانون کی تابع نہیں سوائے قانون مانع تناقص کے جو اس نے خود اپنے اوپر عائد کیا ہوا ہے۔"(29)

اس بارے میں سر سید کہتے ہیں:

"وہ علت العلل جس کو خدا کہتے ہیں وہ وحدہ لاشریک ہے۔ وہ علتہ العلل تمام چیزوں کی خالق ہے۔ ایسی علتہ العلل کے لئے ضروری ہے کہ اس میں ایسی چیز بھی ہو جس کو ہم زندگی کہتے ہیں ایسی چیز نہ ہو جس کو ہم موت کہتے ہیں۔ اس میں کوئی ایسی چیز بھی ہونی ضرور ہے جس کو ہم سمع و بصر، علم و رحم، غضب و قہر سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس لئے ہم اس کے حی لایموت، سمیع و بصیر، علیم و خبیر، رحمان و رحیم، قھار و جبار ہونے کا یقین رکھتے ہیں۔ مگر اس امر کی کہ اس کی حیات کیا ہے اس کی عدم موت کیا ہے اس کا سمیع و بصیر و علیم و خبیر، رحمان و رحیم، قھار و جبار ہونا کیا ہے اور کیسا ہے کچھ تاویل نہیں کرتے۔"(30)

پھر ایک جگہ لکھتے ہیں:

"صفات کی ماہیت کا جاننا مافوق عقل انسانی ہے۔ اس لئے وہ صفات جس کیفیت یا جس حیثیت سے ہمارے سامنے یا ہمارے ذہن میں ہیں اور جن کو ہم نے ممکنات سے اخذ کیا ہے بعینہ واجب الوجود کی طرف منسوب نہیں کر سکتے صرف یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان صفات کے جو معنی مصدری ہیں وہ ذات باری میں موجود ہیں۔"(31)

"وہ ہستی جس کو ہم خدا یا علتہ العلل کہتے ہیں نہ ہمارے دیکھنے میں آتا ہے نہ چھونے میں نہ خیال میں تو ہم بجز اتنی بات جانتے ہیں" کہ وہ ہے" اور کچھ حقیقت اس کی ذات صفات کی نہیں جان سکتے۔ خدا بھی تو ایسی ذات کی حقیقت ہم کو نہیں بتاتا۔ جب موسی علیہ السلام نے پوچھا کہ فرعون کے پاس تیرا پیغام لے کر جاؤں گا کیا بتاؤں تو کون ہے؟ تو یہی جواب ملا کہ میں وہی ہوں جو ہوں بلکہ اس کو در حقیقت کسی صفت کا محل قرار نہیں دے سکتے۔ پس جبکہ ہم ایک ذات کی حقیقت نہیں جان سکتے تو اس کی صفات کی حقیقت بھی نہیں جان سکتے۔"(32)

مسئلہ نبوت

سر سید نے مسئلہ نبوت پر سیر حاصل بحث کی ہے اور علم الکلام میں بھی یہ اہم مسئلہ ہے کیونکہ اگر نبی کی نبوت

ثابت ہو جائے تو پھر اس کا ہر حکم واجب العمل اور ہر قول قابل قبول ہو گا۔ نبی کے متعلق سر سید احمد خان کی بحث کا غلاصہ یہ ہے کہ نبی کا لفظ نبا سے مشتق ہے۔ نبا کے معنی پیش گوئی کرنے کے ہیں لہذا یہودی ایسے شخص کو نبی کہتے ہیں جو کہانت یا نجوم کے بغیر پیش گوئی کرتا ہے۔ مگر اسلام اس شخص کو نبی تسلیم کرتا ہے جس پر وحی نازل ہوئی اور نبوت ایک فطری قوت ہے اور جس انسان میں وہ قوت ہوتی ہے وہ نبی ہوتا ہے اور جب مسئلہ نبوت اپنی پوری طاقت کو پہنچ جاتا ہے تو اس کو بعثت لکھتے ہیں اور اسی مسئلہ نبوت کو ناموس اکبر یا جبرائیل کہتے ہیں۔ یہ کوئی ایسا عطیہ نہیں ہے جو بغیر صلاحیت فطری کے کسی کو بخشا گیا ہو اور انبیاء کے گروہ کو ایک سمجھنا چاہیے اور عام انسانوں میں اور انبیاء میں ملکہ نبوت فصل ہے۔[33]

سر سید اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:

خدا تعالی سورۃ النجم میں فرماتا ہے:

''وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى-''

''محمد اپنی خواہش نفس سے نہیں کہتا مگر یہ تو وہ بات ہے جو اس کے دل میں ڈال دی گئی ہے۔''

یہ تمام بمقتضائے فطرت و نبوت دکھائی دیتا ہے اور دراصل بجز ملکہ نبوت کے جس کو جبرائیل کہو اور کچھ نہ تھا۔[34]

نبوت اور فطرت کے حوالے سے مزید لکھتے ہیں:

''کہتے ہیں کہ میں نبوت کو ایک فطری چیز سمجھتا ہوں نبی گو اپنی ماں کے پیٹ میں ہی ہو نبی ہوتا ہے۔النبی ولو کان فی بطن امه- نبی جب پیدا ہوتا ہے تو نبی ہوتا ہے اور جب مرتا ہے تو نبی ہی مرتا ہے۔یعنی نبوت در حقیقت ایک فطری چیز ہے جو انبیاء میں بمقتضائے فطرت کے مثل دیگر قوائے انسانی کے ہوتی ہے۔ جس انسان میں وہ قوت ہوتی ہے وہ نبی ہوتا ہے اور جو نبی ہوتا ہے اس میں وہ قوت ہوتی ہے۔''[35]

ایک جگہ ہے:

''نبوت فطری امر ہے بطور ایک ایسے منصب کے نہیں ہے کہ جیسے کوئی بادشاہ کسی کو کوئی منصب دے دیتا ہے۔''[36]

شرک فی النبوت کے بارے میں سر سید کا خیال ہے:

''شرک کی بحث یہ ہے کہ جو اسلام کا دشمن ہے اس کے ساتھ اسلام جمع ہی نہیں ہو سکتا۔ جس طرح خدا ذات وصفات میں واحد ہے اسی طرح رسول تبلیغ احکام کے قرار دینے میں واحد ہے اور کسی کو اس میں شرکت نہیں۔ جو رسول کے سوا کسی اور کی تابعداری کو باعث نجات یا ثواب

خیال کرتا ہے وہ بھی ایک قسم کا شرک کرنا ہے۔ جس کو میں شرک فی النبوۃ سے تعبیر کرتا ہوں۔"(37)

وحی کے بارے میں کہا:

"وحی وہ چیز ہے جس کو قلب نبوت پر بسبب اسی فطرت نبوت کے نقش کیا ہے وحی انقاش قلبی کبھی مثل ایک بولنے والی آواز کی صورت میں دکھائی دیتا ہے۔ مگر بجز اپنے آپکے نہ وہاں کوئی آواز ہے اور نہ بولنے والا۔ خدا نے بہت سی جگہ قرآن میں جبرائیل کا نام لیا ہے مگر سورۃ بقرہ میں اس کی ماہیت بتادی۔ فرمایا:

فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ

"جبرائیل نے تیرے دل میں قرآن کو خدا کے حکم سے ڈالا ہے۔"

فطرت سے خارج چیز دل میں اتاری یا ڈالی نہیں جاتی۔ ثابت ہوا کہ گویا اس ملکہ نبوت کو جبرائیل کہا."(38)

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے:

"تمام مخلوق میں انسان ہوں یا حیوان شجر ہو یا حجر سب میں خدا نے ایک فطرت رکھی ہے اور اس کے اثر بغیر کسی کے بتائے اور بغیر کسی سکھانے والے کے سکھائے اسی فطرت کے مطابق ہوتے رہتے ہیں۔ اس ودیعت فطرت کو بعض علمائے اسلام نے الہامات طبعی کے نام سے موسوم کیا ہے۔ مگر خدا تعالی نے اس کو وحی سے تعبیر۔"(39)

معجزات

سر سید معجزات انکار کرتے ہیں وہ سورۃ کہف، سورۃ الاعراف، سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ عنکبوت کی وہ آیتیں نقل کرتے ہیں جن میں حضور ﷺ کو حکم دیا گیا ہے کہ جو لوگ معجزہ یا علم غیب کے متعلق تجھ سے متوقع ہیں ان سے کہہ دیں کہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ میں ایک بشر ہوں مثل تمہارے جس کو وحی سے معلوم ہوا کہ تمہارا خدا ایک ہے اور بس کہہ دے کہ میں بغیر خدا کی مشئیت کے نہ اپنے تئیں نفع پہنچا سکتا ہوں نہ نقصان اور اگر میں غیب کا علم رکھتا تو کثرت سے بھلائیاں کر لیتا اور برائی مجھ کو چھوتی بھی نہیں۔ میں کچھ نہیں مگر ایک انسان خدا کا بھیجا ہوا اور کہہ دے کہ معجزے تو خدا کے پاس ہیں۔(40)

معجزہ جن معنوں میں بولا جاتا ہے سر سید کے نزدیک نہ اس کا وقوع میں آنا ممکن ہے اور نہ نبی کی تصدیق اس پر موقوف ہے ان کے نزدیک نبی کی سچائی کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اس کی تعلیم تمام طبقات کی سمجھ کے موافق اور جاہل اور حکیم، خدا پرست اور نفس پرست سب کو ایک نتیجے پر پہنچانے والی ہو۔ معجزات جو عموما انبیاء کی طرف منسوب

ہوتے ہیں سر سید کا کہنا ہے کہ اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ لوگوں نے ان معجزات کو دیکھنے سے ان کو نبی مانا بلکہ ان کے نزدیک فطرت کا مقتضا یہی ہے کہ جن سے عقیدت ہوتی ہے ان کی معمولی باتیں بھی معجزات و کرامات لگتی ہیں۔ اگر ایک عام آدمی کسی کو بد عادے اور ویسے ہی ہو جائے تو اس کو اہمیت نہیں ملتی بلکہ اگر کسی کا تقدس دل میں ہو اور وہ کہے اور ہو جائے تو اسی بات کو معجزہ مان لیا جاتا ہے۔[41]

تمام جاہل، وحشی اور ناتربیت یافتہ معجزے اور کرامات کے قائل ہوتے ہیں مگر جب علم کی روشنی میں ملک و قوم روشن ہو جاتی ہے تو یہ سب باتیں مٹی ہو جاتی ہیں۔ مذہب اسلام معجزات کا مخالف ہے۔[42]

پھر کہا:

"معجزے کوئی چیز نہیں ہیں۔ آسمانی کتابوں میں ان کا جو بیان آیا ہے وہ یا علامتی ہیں یا استعاراتی یا محض داستانی"۔[43]

گویا اس تمام بحث سے یہ حاصل ہوتا ہے کہ معجزات سے انکار کرتے ہیں اور اس کو انبیاء سے مخصوص نہیں کرتے بلکہ ان پر ایمان لانے کو ناقص ایمان کی علامت بتاتے ہیں۔

ملائکہ

سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 28 کا حوالہ دیتے ہوئے ملائکہ کے بارے میں سر سید کہتے ہیں:

"ملک" کے معنی ایلچی یا پیغامچی کے ہیں۔ عبرانی، یونانی، اور فارسی میں بھی اس کے معنی ایلچی کے ہیں جو خدا کا پیغام نبیوں تک پہنچاتا ہے۔ توراۃ میں بعض جگہ عام ایلچی کے لیے اور بعض جگہ مذہبی پیشواؤں کے لئے ہے۔ مگر فرشتوں کے بارے میں لوگوں کے عجیب خیالات ہیں انسان کی طبعی بات ہے کہ جس مخلوق کو نہ جانتا ہو اس کے رہنے کی جگہ اور اوصاف پر خیال کرنے لگتا ہے مگر یہ بھول جاتا ہے کہ وہ اس مخلوق کو نہیں جانتا اور پھر نسل در نسل یہ خیال پختہ ہو جاتا ہے۔ یہی فرشتوں کی نسبت ہوا ہے جبکہ فرشتوں کی حقیقت نفوس انسانی کی حقیقت سے زیادہ قوی ہے اور انسان کی بہ نسبت ان کو علم بھی زیادہ ہے ان سے کچھ تو آسمانوں سے اس قسم کا علاقہ رکھتے ہیں جیسا کہ ہمارے بدن سے روح کا ہے اور کچھ بجز استغراق کے ذات باری میں کسی چیز سے علاقہ نہیں رکھتے وہی ملائکہ مقربین ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ جس طرح انسان سے فروتر مخلوق کا ایک سلسلہ ہم دیکھتے ہیں اسی طرح انسان سے تر مخلوق ہونے سے انکار کی کوئی دلیل نہیں ہے مگر ایسی خلقت کے در حقیقت ہونے کی بھی کوئی دلیل ثابت نہیں ہے۔[44]

سر سید فرشتوں اور جنات کے بارے میں کہتے ہیں:

"یہ ایک طرح کی قوتیں ہیں جو عموما انسانوں سے مستور رہتی ہیں اور صرف ضرورت پڑنے پر ظاہر ہوتی ہیں۔"(45)

جنت دوزخ

سورۃ البقرہ کی آیت 22 کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں:

جنت اور نار کی نسبت لفظ "اُعِدَّتْ" جس کے معنی تیار یا آمادہ کے ہیں چار جگہ قرآن مجید میں آیا ہے۔ جیسے اسی آیت میں ہے۔ "اُعِدَّتْ لَلْكٰفِرِيْنَ" اور پھر سورۃ آل عمران میں ہے۔ "وَاتَّقُوْا النَّارَ الَّتِیْ اُعِدَّتْ لَلْكٰفِرِيْنَ" اور اسی سورۃ میں جنت کی نسبت دوسری جگہ ہے۔ "اُعِدَّتْ لِلْمُتَقِيْنَ" اور پھر سورۃ حدید میں ہے "اُعِدَّتْ لَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ" جس سے علماء نے عقیدہ قائم کیا کہ "الجنة والنار مخلوقتين" یعنی بہشت اور دوزخ دونوں پیدا ہو چکی ہیں۔ جبکہ اُعِدَّتْ کے لفظ سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا۔ جنت یا بہشت کے بارے میں خدا تعالی فرماتا ہے:

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ(46)

"کوئی نہیں جانتا کہ ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک یعنی راحت چھپا رکھی ہے اس کے بدلے میں جو وہ کرتے ہیں۔"

بخاری و مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند پر بیان کیا:

"قال الله تعالى اعدت لعبادى الصالحين مالا عين رات ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر۔"(47)

یعنی اللہ تعالی نے فرمایا کہ تیاری کی ہے میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ چیز جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہے اور نہ کسی کان نے سنی ہے اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرا ہے۔

جبر و قدر

مسئلہ جبر و اختیار نہایت اہم ہے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ خدا ہی کرتا ہے جو کچھ کرتا ہے۔ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ نہیں اللہ نے انسان کو بنا کر آزاد چھوڑ دیا ہے چاہے نیکی کرے اور فلاح پائے یا گناہ اور معصیت کا راستہ اپنائے۔

اس سلسلے میں سر سید کا کہنا ہے کہ جو لوگ کفر میں پڑے ہوئے ہیں ان کے بارے میں خدا تعالی نے کہا ہے:

" خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ" (48)

"خدا نے ان کے دلوں اور سماعتوں پر مہر لگا دی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ (پڑا ہوا) ہے۔"

مگر کسی مفکر نے اس کے صحیح معنی مراد نہیں لئے کیونکہ کسی کے دل اور آنکھوں پر پردہ نہیں پڑتا بلکہ بات نہ سمجھنے اور غور نہ کرنے کو بطور استعارہ لیا ہے۔ ایسے ہی ہے کہ کوئی ناصح نصیحت کرے اور دوسرا کان نہ دھرے۔

قرآن کی کسی آیت سے جبر و اختیار کے مسئلہ پر بحث کرنا قرآن کے بیان کلام کے منافی ہے اور نہ انسان کے اپنے افعال میں مجبور ہونے پر استدلال ہو سکتا ہے۔ نہ مختار ہونے پر بین الجبر ولا ختیار ہونے پر بلکہ قرآن میں جابجا اللہ تعالی نے بندوں کے افعال کو بلکہ ہر ایک چیز کو اپنی طرف منسوب کیا ہے۔[49]

قرآن مجید کی کسی آیت میں نہ انسان کے اپنے افعال میں مجبور ہونے پر استدلال ہو سکتا ہے نہ مختار ہونے پر نہ بین الجبر ولا ختیار ہونے پر مگر افسوس کہ علماء متقدمین نے اس پر بحث کی ہے اور آپس میں پھر مختلف آراء دی ایک گروہ اپنے افعال میں مجبور ہونے کا قائل ہے جبکہ دوسرا مختار ہونے کا قائل ہے۔ تیسرا بین الجبر ولا ختیار کا قائل ہے جو مذہب اہل سنت والجماعۃ سے ہے۔ جبکہ ہمارے نزدیک ان میں سے کسی پر استدلال کرنا اور اس کو ایک مسئلہ اسلام منزل من اللہ سمجھنا غلطی ہے کیونکہ قرآن میں ہر جگہ اللہ نے ہر چیز کو اپنی طرف منسوب کیا ہے۔[50]

معراج

سر سید نے ثابت کیا ہے کہ معراج اور اسرا در حقیقت ایک ہی واقعہ تھا اور وہ ابتداء سے اخیر تک روح کے ساتھ اور خواب کی حالت میں واقع ہوئی نہ بیداری میں اور یہ کہ جب عقل اور نقل میں بظاہر اختلاف پایا جائے تو نقل کو عقل کے مطابق بیان کیا جائے۔[51]

اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:

> ”معراج کے متعلق حدیثوں اور روایتوں میں جس قدر اختلاف ہے غالبا اور کسی امر میں اس قدر اختلاف نہ ہو گا۔ تمام روایتیں اتنی مختلف ہیں کہوئی اعلانیہ قرینہ یا دلیل بین ان میں سے کسی روایت کو مرجع کرنے کی نہیں ہے۔ قرآن مجید میں اس بات پر یقین ہو سکتا ہے کہ اسرا جسکا دوسرا نام معراج ہے رات کو واقع ہوئی اور احادیث سے اور قرآن سے جو بطور دلالت النص پایا جاتا ہے وہ اس قدر ہے کہ زمانہ نبوت میں معراج ہوئی اور یہ بات کہ کب ہوئی بسبب اختلاف روایات واحادیث محقق ثابت نہیں ہو سکتا۔“[52]

روح

سر سید احمد خان روح کو ایک غیر استدلالی حقیقت سے تعبیر کرتے ہیں جو حیوان اور انسان ونوں میں مسلم ہے۔ اگر چہفہم انسانی اس کی صحیح نوعیت کی گرفت نہیں کر سکتی۔ حیوانی روح کی بنیادی طور پر جبلت احاطہ کئے ہوئے ہے۔ انسانی روح لامحدود رد عمل کی صلاحیت رکھتی ہے وہ ترقی بھی کر سکتی ہے اور انحطاط پذیر بھی ہو سکتی ہے۔ وہ خیر اور شر کے بذات خود انتخاب کرنے کی اہلیت نہیں رکھتی اس کا وجود جوہر کی شکل میں ہے اس لئے وہ لافانی ہے۔[53]

مذہب اسلام نے روح کا موجود ہونا بیان کیا مگر اس کی حقیقت بیان نہیں کی خدا تعالی کے اس قول کی نسبت کہ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّ[54] علماء نے دو قسم کی گفتگو کی ہے۔ بعضوں کی رائے ہے کہ حقیقت روح سے بحث کرنا جائز

نہیں ہے جبکہ بعض کہتے ہیں کہ روح کے قدیم یا حادث یعنی مخلوق ہونے کی نسبت جو مباحثہ تھا اس کا جواب ہے۔ بہر حال اس کا کوئی مطلب سمجھا جائے مگر در حقیقت یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حقیقت کی روح کا جاننا بلکہ ہر ایک شے کی حقیقت کا جاننا فطرت انسانی سے خارج ہے۔ قرآن بھی ان ان تمام چیزوں کی حقیقت سے جو فطرت انسانی سے خارج ہیں انکار کرتا ہے۔ اس طرح حقیقت روح کو بھی بیان کرنے سے انکار کرتا ہے۔ سرسید کہتے ہیں اگر وہ لوگ جنہوں نے روح کی نسبت سوال کیا تھا پانی اور مٹی کے بارے میں بھی کرتے تو خدا فرماتا:

''یسئلونک عن ا لماء والطین قل الماء والطین من امر ربی.''(55)

غرضیکہ ماہیت اشیاء کا جاننا انسانی فطرت سے خارج ہے۔

سرسید یہ بھی کہتے ہیں:

''روح کے عمل کی کوئی انتہا نہیں یہ جوہر میں موجود ہوتی ہے۔ اس لئے یہ غیر فانی ہے۔ لیکن اس نے جو خیر و شر اپنے اندر جذب کیا ہو گا اس کا حساب اسے دینا ہو گا جو قیامت کے روز ہو گا۔''(56)

جادو یا سحر

اس سلسلے میں سرسید کی رائے ہے کہ جادو کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ یہ جملے عام ہیں کہ لوگ کہتے ہیں حضور ﷺ پر جادو ہوا تھا۔ خدا فرماتا ہے کہ آنحضور ﷺ کو کہتے ہیں کہ آنحضور ﷺ پر جادو کر دیا ہے۔ سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 47 میں ہے:

'' إِذْ يَقُولُ الظَّالِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا'' (57)

''خدا فرماتا ہے کہ کافر آپس میں کہتے ہیں تم جو محمد ﷺ کی پیروی کرتے ہو تو اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہ ایک آدمی جس پر جادو کر دیا۔''

پس قرآن سے تو معلوم ہوتا ہے کہ کافر ہو جو یہ کہے کہ پیغمبر پر جادو کر دیا ہے مگر کہا جاتا ہے کہ حضور ﷺ پر جادو کو نہ مانے وہ کافر ہے۔ زمانہ الٹ گیا ہے اگر ہم حضور ﷺ پر نعوذ باللہ جادو ہونا مان لیں تو کیونکر یقین ہو کہ کونسی بات جادو ہونے کی حالت میں اور کونسی بات جادو اتری حالت فرمائی ہے تو کہتے ہیں یہ دوسرا کفر بکا مگر ہم یقین نہیں کرتے کہ حضور ﷺ پر جادو ہوا تھا۔(58)

تہذیب الاخلاق میں کہتے ہیں:

''جن چیزوں پر تمام دنیا کے لوگ یکساں اعتقاد رکھتے ہیں انہیں میں سے جادو بھی ہے۔ زمانہ قبل کی دنیا کا کوئی چپہ ایسا نہیں ہے کہ جہاں کے لوگ جادو کے نسخ ہونے پر یقین نہ رکھتے تھے۔ یورپ جو اب سویلائزڈ ہے وہ اگلے زمانے میں جادو پر پورا یقین رکھتا تھا۔ روم میں جادوگر عورتوں

پر مقدمات چلائے جاتے تھے اور ان کو سزا دی جاتی تھی۔ مسلمانوں کو بھی جادو کے پر حق ہو نے کا یقین رہا اور اکثر علماء نے قرآن کی آیتوں اور بعض حدیثوں سے غلط معنی سمجھ کر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ جادو برحق ہے حالانکہ یہ خیال محض غلط ہے۔ ہم نے یکم محرم 1307ھ کے تہذیب الاخلاق میں بڑا مضمون اسی پر لکھا ہے اور ثابت کیا ہے کہ جن آیتوں کا حوالہ لے کر جادو کو برحق ثابت کیا ہے وہ صحیح نہیں بلکہ یہ آیتیں جادو کے برحق ہونے پر دلالت نہیں کر تیں۔ حضرت امام ابو حنیفہ نے بھی فرمایا ہے: جادو کی کچھ اصلیت نہیں اور معتزلہ بھی اس کے قائل نہیں ہیں ابو بکر رازی حنفی مسلک سے ہیں یہ بھی جادو کو برحق نہیں مانتے۔"[59]

ماحصل

سرسید کے کلامی افکار پر بحث کرنے کے بعد یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سرسید احمد خان کی تمام خیال آرائیوں کی بنیاد دو لفظوں پر تھی

1۔ فطرت

2۔ عقل

فطرت کو سرسید نے خصوصیت سے ہر چیز کا معیار بنایا ہے اور عقل کو س لحاظ سے خاص اہمیت دی کہ قرآن میں جابجا "لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ" "لَعَلَّكُمْ تَدْبِرُوْنَ" جیسے الفاظ آئے ہیں اور غور و فکر کی دعوت دی گئی ہے۔ سرسید چاہتے تھے کہ اسلام کو جدید دور سے ہم آہنگ کر کے انگریزوں کے شانہ بشانہ ترقی کی جائے تاکہ مسلمان ترقی کی دوڑ میں پیچھے نہ رہ جائیں۔

سرسید کے نزدیک چونکہ اسلام اور نیچر میں مطابقت ہے اس لئے اسلام اور عقل میں مطابقت ضروری ہے۔ جدید ذہن اندھی تقلید کی بجائے وہ چیز جلد قبول کرتا ہے جو عقل کے ذریعہ عمل میں آئے یا تجربہ کے ذریعہ منظر عام پر آئے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنی تمام تر تصانیف میں اندھی تقلید کی بجائے عقل سے کام لیا اور وہ یہی چاہتے تھے

☆☆☆☆☆

﴿حوالہ جات﴾

1. ظفر حسن، ڈاکٹر، (1990ء). سرسید اور حالی کا نظریہ فطرت، لاہور، ادارہ ثقافت اسلامیہ، ص:112
2. ایضا، ص:114
3. سرسید احمد خان، (1288ھ)۔ تہذیب الاخلاق
4. شیخ، محمد اکرام، (1984ء)۔ موج کوثر لاہور، ادارہ ثقافت اسلامیہ، ص:164-165

5. ایضا،ص:165
6. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا،(س،ن)۔ مقالات سرسید، لاہور، مجلس ترقی ادب، حصہ سوم، ص:24
7. نعمانی شبلی، علامہ،(1979ء)۔ علم الکلام اور الکلام، کراچی، نفیس آکیڈمی، ص:171-172
8. الروم،30:30
9. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا،(س۔ن)۔ مقالات سرسید، لاہور، مجلس ترقی ادب، حصہ دوم، ص:11
10. ایضا، حصہ سوم، ص:6-7
11. ایضا، حصہ سوم، ص:29
12. ایضا، حصہ چہارم، ص:62
13. ایضا، ص:22
14. ایضا، ص:11-16
15. قریشی، نسیم،(1960ء)۔ علی گڑھ تحریک، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، ص:128-130
16. شیخ، عبدالرؤف، ڈاکٹر،(2000ء)۔ مقالات سرسید، ملتان، بیکن بکس گلگشت، ص:30
17. ایضا، ص:26
18. ایضا، ص:26-27
19. Religious thought of Sayyid Ahmad Khan, (1971).B.A Dar, Lahore, Institute of Islamic Culture, P:129
20. ایضا، ص:146
21. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا، مقالات سرسید، ص:200
22. حالی، الطاف حسین، مولانا،(1991ء)۔ حیات جاوید، لاہور آرٹ پریس، ص:711
23. سید احمد خان، سر،(1968ء)۔ برگ گل، سرسید نمبر نقش ثانی-69، لاہور، مجلہ اردو کالج، ص:311
24. سید احمد خان سر،(س۔ن)۔ تہذیب الاخلاق، جلد دوم، ص:201-204
25. ایضا، ص206
26. بشیر محمد پروفیسر،(2006ء)۔ فلسفہ مغرب کی تاریخ، پورب اکادمی اسلام آباد، ص:216-217
27. عہدی پوری، شفیقی،(2005ء)۔ فلسفہ ہندو یونان، لاہور، دار الشعور، ص:99
28. عطیہ سید،،(1994ء)۔ اقبال مسلم فکر کا ارتقاء، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، ص:84-85
29. ایضا، ص:109
30. سید احمد خان، سر،(س۔ن)۔ تہذیب الاخلاق، جلد دوم، ص:302
31. سید احمد خان، سر،(2004ء)۔ تفسیر القرآن، لاہور، دوست ایسوسی ایٹس، ص:4
32. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا،(1963ء)۔ مقالات سرسید، لاہور، مجلس ترقی ادب، جلد سیز دہم، ص:66
33. سید احمد خان، سر،(2004ء)۔ تفسیر القرآن، لاہور، دوست ایسوسی ایٹس، ص:25-27
34. ایضا، ص:95
35. پانی پتی، محمد اسماعیل،(1963ء)۔ مولانا، مقالات سرسید، لاہور، مجلس ترقی ادب جلد سیز دہم، ص:66-67
36. ایضا، ص:73
37. حالی، الطاف حسین، مولانا،(1991ء)۔ حیات جاوید، لاہور، آرٹ پریس، ص:713

38. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا،(1963ء)۔ مقالات سرسید، لاہور، مجلس ترقی ادب جلد سیزدہم، ص:69-70
39. سید احمد خان، سر،(س۔ن)۔ برگ گل، سرسید نمبر، ص:317
40. حالی، الطاف حسین، مولانا، حیات جاوید، لاہور آرٹ پریس، 1991ء، ص:594
41. ایضا، ص:593-597
42. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا،(1962)۔ مقالات سرسید، ج:1، ص:127
43. محمد کاظم،(2002ء)۔ مسلم فکر و فلسفہ عہد بعہد"، مشعل بکس لاہور، ص:314
44. سید احمد خان، سر،(2004ء)۔ تفسیر القرآن"، دوست ایسوسی ایٹس لاہور، ص:113-114
45. محمد کاظم،(2002ء)۔ مسلم فکر و فلسفہ عہد بعہد، مشعل بکس لاہور، ص:314
46. سید احمد خان، سر،(2004ء)۔ تفسیر القرآن"، دوست ایسوسی ایٹس لاہور، ص:100-102
47. ایضا، ص:102
48. القرآن، سورۃ البقرہ، آیت 7
49. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا، مقالات سرسید، ص245-246
50. سید احمد خان، سر،(2004ء)۔ تفسیر القرآن"، دوست ایسوسی ایٹس لاہور، ص80-81
51. حالی، الطاف حسین، مولانا،(1991ء)۔ حیات جاوید، لاہور آرٹ پریس، ص486-487
52. سید احمد خان، سر،(2004ء)۔ تفسیر القرآن، دوست ایسوسی ایٹس لاہور، ص1075-1078
53. عزیز احمد پروفیسر،(1997ء)۔ برصغیر میں اسلامی جدیدیت، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور، ص72
54. القرآن، سورۃ بنی اسرائیل، آیت 85
55. سید احمد خان، سر،(2004ء)۔ تفسیر القرآن، دوست ایسوسی ایٹس لاہور، ص647
56. محمد کاظم،(2004ء)۔ مسلم فکر و فلسفہ عہد بعہد، مشعل بکس لاہور، 2002ء، ص313
57. القرآن، بنی اسرائیل، 47:17
58. سید احمد خان،(1293ھ)۔ تہذیب الاخلاق، بابت محرم الحرام، ج7 نمبر1، ص2-11
59. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا،(س۔ن)۔ مقالات سرسید، مجلس ترقی ادب لاہور، ج:4، ص300-302

☆☆☆☆☆

﴿مصادر و مراجع﴾

1. بشیر محمد پروفیسر،(2006ء)۔ فلسفہ مغرب کی تاریخ، پورب اکادمی اسلام آباد
2. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا،(1963ء)۔ مقالات سرسید، لاہور، مجلس ترقی ادب

3. پانی پتی، محمد اسماعیل، مولانا، ''مقالات سرسید''، لاہور، مجلس ترقی ادب
4. حالی، الطاف حسین، مولانا، (1991ء)۔ حیات جاوید، لاہور آرٹ پریس
5. سید احمد خان، (1393ھ)۔ تہذیب الاخلاق، بابت محرم الحرام
6. سید احمد خان، سر، (1968ء)۔ برگ گل، سرسید نمبر نقش ثانی-69، لاہور، مجلہ اردو کالج
7. سید احمد خان، سر، (2004ء)۔ تفسیر القرآن، لاہور، دوست ایسوسی ایٹس
8. شیخ، عبدالرؤف، ڈاکٹر، (2000ء)۔ مقالات سرسید، ملتان، بیکن بکس گلگشت
9. شیخ، محمد اکرام، (1984ء)۔ موج کوثر لاہور، ادارہ ثقافت اسلامیہ،
10. ظفر حسن، ڈاکٹر، (1990ء). سرسید اور حالی کا نظریہ فطرت، لاہور، اذارہ ثقافت اسلامیہ
11. عزیز احمد پروفیسر، (1997ء)۔ برصغیر میں اسلامی جدیدیت، لاہور، ادارہ ثقافت اسلامیہ
12. عطیہ سید،، (1994ء)۔ اقبال مسلم فکر کا ارتقاء، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز
13. عہدی پوری، شفیقی، (2005ء)۔ فلسفہ ہندو یونان، لاہور، دار الشعور
14. قریشی، نسیم، (1960ء)۔ علی گڑھ تحریک، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
15. نعمانی شبلی، علامہ، (1979ء)۔ علم الکلام اور الکلام، کراچی، نفیس آکیڈمی

English books

16. B.A Dar, (1971).Religious thought of Sayyid Ahmad Khan, Lahore, Institute of Islamic Culture

اسلامی احکام میراث کی حکمتیں

☆ڈاکٹر محمد ممتاز الحسن باروی
☆☆حافظ محمد اعجاز احمد

Abstract

Succession of Heritage is not just fourteen hundreds years old but this need was the appetite of Jews, Romes, and Arabs. After this they tried to have a system for this similar purpose but was not satisfactory. System was there but there was a room of improvement in that system. Author of Islam introduce a very comprehensive system in this regard i.e. heritage. Islam is the only religion which introduce the concept of heritage with complete charter as it affects both successor (alive), and processor (clead). That is the why everything is clearly describe in Holy Quran with clarity and brevity. In the present era everything is directly linked the science and technology which in tern requires a fact and believe with a logic to accept. This article shows the importance of succession of heritage for present era.

Keywords: Heritage, Jews, Arabs, Romes

شریعت کے ہر حکم کے پیچھے کوئی نہ کوئی حکمت و مصلحت پوشید ہوتی ہے اور تمام شرعی احکام حکمت پر مبنی ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالی کی ذات حکیم مطلق ہے اور ''فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمة'' کسی حکیم کا فعل حکمت و دانائی سے خالی نہیں ہوتا۔ جو ذات تمام دانائیوں اور حکمتوں کا سرچشمہ ہے اس کے فیصلے اور احکام حکمتوں سے کیسے خالی ہو سکتے ہیں؟ اور قرآن حکیم میں اللہ تعالی کے احکام میں غور و فکر سے ان کی حکمتیں کھل کر ہمارے سامنے آتی ہیں۔ پیش نظر مقالہ فقط اسلامی احکام میراث کی حکمتوں سے متعلق ہے، اللہ تعالی نے قرآن حکیم میں دیگر احکام شرعیہ کے ساتھ وراثت سے متعلق بھی احکامات ارشاد فرمائے، ورثاء کے درجات اور حصے بھی خود متعین فرمائے ہیں۔ احکام وراثت کی حکمتوں کو بیان کرنے سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اختصار کے ساتھ وراثت کا معنی و مفہوم بیان کر دیا جائے۔

☆اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، منہاج یونیورسٹی، لاہور
☆☆پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ منہاج یونیورسٹی، لاہور

وراثت کا لغوی معنیٰ

وراثت کی حکمتیں بیان کرنے سے پہلے اس کا معنی و مفہوم ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے تاکہ حکمتیں سمجھنے میں آسانی ہو، آئمہ لغت وفقہاء نے لفظ وراثت کے مختلف معانی بیان کیے ہیں۔ ذیل میں چند مشہور لغات و کتب فقہ میں سے وراثت کا معنی و مفہوم بیان کیا جاتا ہے۔

1. ابن منظور الافریقی وراثت کا معنی یوں بیان کرتے ہیں:

''ورث:الوارث: صفة من الله عزوجل وهو الباقی الدائم الذی یرث الخلائق ویبقی بعد فنائه والله عزوجل یرث الارض ومن علیها وهو خیر الوارثین ای یبقی بعد فناء الکل ویفنی من سواه لیرجع ما کان ملک العباد الیه وحده لا شریک له، وورث ماله ومجده وورثه عنه ورثا ورثه ووارثه ابو زید ورث فلان اباه یرثه وارثه ومیراثا وورث الرجل ولده مالا ایراثا حسنا ویقال وراثت فلانا مالا ارثه ورثا وورثا اذا مات مورثک فصار میراثه لک۔[1]

''ورث، الوارث اللہ کی صفات میں سے ہے وہ ہمیشہ رہنے والا ہے جو مخلوقات کا وارث ہے اور وہ ان کے فناء ہونے کے بعد باقی رہے گا۔ اللہ تعالیٰ زمین کا وارث ہے اور جو کچھ اس زمین میں ہے اس کا بھی وارث ہے۔ وہ بہترین وارث ہے یعنی کہ ہر چیز کے فنا ہونے کے بعد باقی رہے گا اور اس کے سوا باقی سب کچھ فناء ہے۔ اس کے بندوں کے پاس جو کچھ ہے وہ اسی کی طرف لوٹے گا۔ وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور وہ اس کے مال اور بزرگی کا وارث ہوا اور اسے ورثہ وراثت میں ملا۔ اسی سے ورثہ ووارثہ وارثہ ہے۔ فلاں اس کے باپ کا وارث ہوا اور ارثہ اور میراث ہے۔ آدمی کا بیٹا اس کے مال کا وارث ہوا اور کہا جاتا ہے کہ فلاں مال کا وارث ہوا اور جب مورث مرا تو اس کی میراث تیرے لئے ہو گی۔''

2. امام راغب اصفہانی وراثت کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''الورثه والارث انتقال قنیه الیک عن قنیه الیک عن غیرک من غیر عقد ولا مایجری مجری العقد وسمی بذلک المنتقل عن المیت فیقال للقنیة لامورثه میراث،وارث وتراث۔''[2]

"وراثت اور ارث کے معنی عقد کے قائم مقام ہے کہ بغیر کسی چیز کا ایک شخص کی ملکیت میں چلے جانا کے ہیں۔ اسی سے میت کی جانب سے جو مال ورثاء کی طرف کی منتقل ہوتا ہے اسے ارث تراث اور میراث کہا جاتا ہے۔"

وراثت کا اصطلاحی معنی

وراثت کے مختلف لغوی معانی بیان کرنے بعد اب وراثت کا اصطلاحی مفہوم بیان کیا جاتا ہے، آئمہ فقہاء نے وراثت کی درج ذیل ذیل تعریفات بیان کی ہیں۔

1. محمد علی الصابونی وراثت کا معنی و مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"انتقال الملكية من الميت إلى الورثة الاحياء سواء كان المتروک مالا، اوعقارا اوحقا من الحقوق الشرعية۔"(3)

"میت کی ملکیت کا زندہ وارثوں کی طرف منتقل ہونا، برابر ہے کہ وہ چھوڑا ہوا مال ہو، غیر منقولہ جائیداد ہو یا شرعی حقوق میں سے کوئی حق ہو۔"

2. ڈاکٹر مصطفی مسلم نے وراثت کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

"هو علم يبحث فى المواريث ومستحقيها لايصال كل ذى حق اليه حقه۔"(4)

"وہ علم ہے جو وراثت اور اس کے مستحقین پر بحث کرتا ہے تاکہ ہر حقدار کو اس کا حق پہنچایا جائے۔"

3. محمد ابوزہرہ وراثت کی اصطلاحی تعریف اپنے الفاظ میں یوں بیان کرتے ہیں:

" علم يعتمد على المعرفة الكاملة لنصيب الوارثين المقدرة سواء كان ذالک فرضا أو تعصيبا أو ردّا، والشروط الواجبة فى الارث والاسباب والموانع و ترتيب الوصيات التى بمواجبها يرث من يستحق الارث ويحجب من يستحق الحجب وكذا ترتيب ذول الارحام وكيفية توريثهم۔"(5)

"وہ علم جو مقررہ وارثوں کے حصے برابر برابر دینے کی مکمل معرفت پر اعتماد کرتا ہے۔ وہ حصے فرض ہوں یا عصبات میں سے ہوں یا رد کئے گئے ہوں اور وراثت کی ضروری شرائط، اسباب، مانع ارث، اور (وصیتوں) کی ترتیب کا علم جو وراثت کیلئے مستحقین کو ظاہر اور محجوب کرتا۔ یہ برابر ہے کہ اصحاب الفرائض، عصبات یا رد میں سے ہوں۔"

4. ڈاکٹر وھبہ زحیلی علم وراثت کی تعریف بیان کرتے ہیں:

"هو علم قواعد فقيهة وحسابية يعرف بها نصيب كل وارث من التركه۔"(6)

"فقہی و حسابی قواعد کا علم جس سے ترکہ میں وارث کے حصہ سے متعلق معلومات حاصل ہوں۔"

ان تعریفات کا حاصل یہ ہے کہ جو چیز بوقت وفات میت کی ملک میں ہو اس کے ساتھ کسی اور کا حق متعلق نہ ہو تو اس کو ترکہ قرار دے کر اس میں احکام میراث جاری کیے جائیں گے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ مرنے والا شرعاً جس چیز کا مالک نہ تھا وہ ترکہ شمار نہ ہو گی، لہٰذا اس میں میراث کے احکام بھی جاری نہ ہوں گے۔ اسلامی احکام میراث کی حکمتیں سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم عربوں، یہودیوں اور عیسائیوں کے نظام وراثت پر ایک نظر ڈالیں جس کے بعد ہمارے سامنے اسلامی احکام وراثت کی حکمتیں بہتر انداز سے اجاگر ہوں گی۔

اسلام سے قبل عرب معاشرے میں نظام وراثت

اسلام سے قبل اہل عرب مختلف قبیلوں اور طبقوں میں بٹے ہوئے تھے، جن میں باہم آویزش اور کشمکش رہتی تھی اور وہ ایک دوسرے سے ہمیشہ برسرپیکار رہتے تھے، اس لیے وہ تمام معاملات کو اسی پس منظر میں دیکھنے کی کوشش کرتے تھے۔ چنانچہ وراثت میں ان کے ہاں چھوٹے بچوں اور عورتوں کا کوئی حصہ نہ تھا کہ یہ لوگ جنگی صلاحیتوں سے محروم تھے اور اپنے قبیلے کی طرف سے دفاع نہیں کر سکتے تھے، اور دشمنوں سے مال غنیمت حاصل نہیں سکتے تھے۔ ان کے ہاں وراثت پانے کے چار اسباب تھے۔ صرف طاقتور مردوں کے لیے وراثت میں حصہ ہونے اور عورتوں اور چھوٹے بچوں کو اس سے محروم رکھنے کی دور جاہلیت کے ہاں ایک منطقی دلیل یہ تھی کہ ان کی معاشرتی، سماجی اور سیاسی زندگی کا انحصار مال و دولت کے حصول میں ہے۔ اور اس مقصد کے لیئے ان کے ہاں سب سے اہم طریقہ جنگ وجدال اور مال غنیمت کا حصول ہے۔ اور اس کی طاقت صرف طاقتور اور جنگجو مرد ہی رکھتے ہیں۔ اور ان کی رائے میں یہ بات بدیہی تھی کہ میراث میں سے وہی حصہ پا سکتا ہے جو مال کے کمانے اور حاصل کرنے کا ہنر جانتا ہو۔[7]

یہودیت کا نظام وراثت

یہودیوں کے ہاں وراثت کا حقدار صرف لڑکا ہوتا ہے، اس کی موجودگی میں نہ تو میت کے والدین کا کوئی حصہ ہوتا تھا نہ بیٹی، بیوی، شوہر اور دیگر رشتے داروں کا۔ بیوہ اور بیٹیاں اولاد نرینہ کے رحم و کرم پر ہوتی ہیں، البتہ لڑکی اگر نابالغ ہو تو بارہ سال کی عمر تک وہ باپ کے ترکے میں سے اپنا خرچہ لے سکتی ہے، اس کے بعد اس کے لیے کچھ نہیں ہے۔ بیوہ بہر صورت وراثت سے محروم ہوتی ہے اور وہ ایک بوجھ سمجھی جاتی ہے۔[8]

عیسائیت کا نظام وراثت

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کوئی نئی شریعت لے کر نہیں آئے تھے، بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت ہی پر عامل تھے، وہ خود کہا کرتے تھے کہ شریعتِ موسوی کو ختم کرنے کے لیے نہیں بلکہ اس کی تکمیل کے لیے آیا ہوں، اس لیے ظاہر ہے کہ وراثت کے سلسلے میں مسیحیت کا بھی وہی نقطۂ نظر تھا جو اوپر یہودیوں کے حوالے سے مذکور ہوا۔ لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر اٹھا لیے جانے کے بائیس سال بعد مسیحیت نے تورات کے تمام احکامات پر خطِ تنسیخ

پھیر دیا۔ اس لیے اب ان کے یہاں اس پر عمل نہیں ہے، بلکہ مختلف فرقوں کے یہاں وراثت کے سلسلے میں الگ الگ احکام ملتے ہیں، جن میں سے بیشتر احکام رومی یا یونانی قانون سے ماخوذ ہیں۔[9]

اسلام کا نظام وراثت

اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے جس میں تربیت نفس کا ایک مکمل نظام موجود ہے۔ جب اسلام نے ترقی کی تو مسلمانوں کی ظاہری و باطنی کیفیت کافی حد تک مکمل ہو گئی۔ جاہلی رسومات اور قوانین سے بیزاری کا اظہار ہونا شروع ہوا تو اسلامی احکامات تدریجی کا نفاذ شروع ہوا۔ سب سے پہلے قرآن مجید کے اندر سابقہ اسباب وراثت کا خاتمہ کیا گیا جو عہد جاہلیت اور اسلام کے ابتدائی دور کے اسباب تھے۔ سابقہ اسباب کا خاتمہ کر کے اسلام نے نئے احکامات بیان کئے۔

یوسف الدین آغاز اسلام میں وراثت کے اسباب کے بارے میں لکھتے ہیں:

> ''ابتدائے اسلام میں یہ تینوں اسباب موجود رہے اور نبی کریم ﷺ نے عربوں کے نظام میں تبدیلی نہیں کی تھی وہی مروجہ نظام چلتا رہا جس کے مطابق میدان جنگ میں داد شجاعت دکھانے والے مردوں کو ہی وراثت ملتی تھی جبکہ بچوں اور عورتوں کو وراثت سے محروم رکھا جاتا تھا۔''[10]

لیکن کچھ عرصہ تک نسب، عہد اور حلف کی وراثت کو برقرار رکھا جبکہ متبنٰی کی میراث کا خاتمہ کر دیا۔ متبنٰی کا خاتمہ کے بارے میں اللہ تعالی نے فرمایا:

> ''النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ وَأُوْلُواْ الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ إِلَّا أَن تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُم مَّعْرُوفًا كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا''[11]

> ''یہ نبی (مکرّم) مومنوں کے ساتھ اُن کی جانوں سے زیادہ قریب اور حق دار ہیں اور آپ کی اَزواجِ (مطہّرات) اُن کی مائیں ہیں، اور خونی رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دیگر) مومنین اور مہاجرین کی نسبت (تقسیمِ وراثت میں) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں سوائے اس کے کہ تم اپنے دوستوں پر احسان کرنا چاہو، یہ حکم کتابِ (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے۔''

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے متبنی اور مواخات کے ذریعے بھائی بننے والے مہاجرین کی نسبت خونی رشتہ داروں کو ہی وراثت کا زیادہ حقدار ٹھہرایا ہے یعنی خونی رشتہ داروں میں سے بچوں، عورتوں اور مردوں میں مقررہ حصوں کے مطابق وراثت کی تقسیم کا حکم دیا۔

ایک جگہ اور ارشاد ہوا:

''وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَالَّذِينَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوهُمْ نَصِيبَهُمْ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا''(12)

''اور ہم نے سب کے لئے ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں کے چھوڑے ہوئے مال میں حق دار (یعنی وارث) مقرر کر دیئے ہیں، اور جن سے تمہارا معاہدہ ہو چکا ہے سو اُنہیں ان کا حصہ دے دو، بیشک اللہ ہر چیز کا مشاہدہ فرمانے والا ہے۔''

اس آیت کریمہ میں واضح طور پر وراثت کے قانون بیان فرمادیے اور سابقہ نظام وراثت کا خاتمہ کرتے ہوئے تمام اولاد کو وراثت میں شریک کر دیا۔ چھوٹے بچوں اور بیٹیوں کو بھی وراثت میں حقدار بنایا تاکہ ان کے ساتھ ہونے والے استحصال کا خاتمہ ہو سکے اور ساتھ ہی ساتھ وراثت کی تقسیم ضروری قرار دے دی کہ چھوٹی سی چھوٹی چیز کا تقسیم کرنا بھی نہایت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی بتایا گیا کہ وراثت کا قانون ہر قسم کے اموال پر جاری ہو گا خواہ وہ منقولہ ہو یا زرعی یا صنعتی یا کسی اور صنف مال میں شمار ہوتے ہوں۔ اس کے سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ نے وراثت کے مکمل احکامات بیان فرما کر اس علم کی اہمیت کو واضح کر دیا۔

یعنی مسلمانوں سے کہا جارہا ہے کہ زمانہ جاہلیت کے عربوں، یہودیوں اور عیسایوں کے غیر منصفانہ نظام وراثت کو رائج کرو۔ علاوہ ازیں ہجرت اور مواخات جیسے اسباب وراثت کی بھی نفی کر دی گئی۔ ابتدائی دور میں نبی اکرم ﷺ نے دو اسباب میراث خود سے عطا فرمائے جن میں ایک ہجرت اور دوسرا مواخات ہے۔

علامہ یوسف الدین ان دو اسباب وراثت کے بارے میں لکھتے ہیں:

''جب مہاجرین مدینہ میں آئے تو نبی اکرم ﷺ نے ان میں اور انصار مدینہ میں بھائی چارہ قائم کر دیا جس کے باعث مہاجر اپنے انصاری بھائی کا اور انصاری اپنے مہاجر بھائی کا وارث ہوتا تھا اور متوفی کی قریبی رشتہ دار اگر اس نے ہجرت نہ کی ہو ورثہ سے محروم رہتا تھا۔'' (13)

اس کا منشا غالباً یہ تھا کہ تمام مسلمان مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ چلے آئیں یہ حکم اس ارشاد باری تعالیٰ سے اخذ کیا جاتا ہے:

''إِنَّ الَّذِينَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللّهِ وَالَّذِينَ آوَواْ وَّنَصَرُواْ أُوْلَئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَالَّذِينَ آمَنُواْ وَلَمْ يُهَاجِرُواْ مَا لَكُم مِّن وَلاَيَتِهِم مِّن شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُواْ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلاَّ عَلَى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ''(14)

"بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے (اللہ کے لئے) وطن چھوڑ دیئے اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی وہی لوگ ایک دوسرے کے حقیقی دوست ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے (مگر) انہوں نے (اللہ کے لئے) گھر بار نہ چھوڑے تو تمہیں ان کی دوستی سے کوئی سروکار نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ دین (کے معاملات) میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر (ان کی) مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں (مدد نہ کرنا) کہ تمہارے اور ان کے درمیان (صلح و امن کا) معاہدہ ہو، اور اللہ ان کاموں کو جو تم کر رہے ہو خوب دیکھنے والا ہے۔"

ہجرت وہ سبب وراثت تھا جس میں ایک مہاجر رشتہ دار ہی دوسرے مہاجر کی وراثت کا وارث ہوتا تھا۔ اور کوئی بھی غیر مہاجر وراثت کا حق دار نہ ہوتا اگرچہ وہ میت کے قریبی رشتہ داروں میں سے ہی ہوتا۔

ہجرت مدینہ کے بعد نبی اکرم ﷺ نے انصار و مہاجرین کے درمیان اخوت کا رشتہ قائم کیا اور یہ تعلق بھی وراثت کے حصول کا سبب بنا۔ نبی کریم ﷺ نے جو دو نئے اسباب متعارف کروائے ان میں حکمت یہ تھی کہ مہاجر مسلمان سے غریب الوطنی کی وحشت کو ختم کر کے ان میں قبائل اور خاندان سے دوری کے غم کو بھلا کر انصار اور دوسرے مہاجرین صحابہ میں انس و محبت کو پیدا کیا جائے تاکہ وہ ایک دوسرے کے لئے مضبوطی کا سبب بن سکیں۔

الترکہ والموریث کے مصنف مواخات کے بارے میں لکھتے ہیں:

"میری رائے میں مواخات "حلف" کی ایک شکل ہے جسے اسباب میراث میں سے پہلے ہی ایک سبب جانا جاتا تھا۔[15]

اسلامی شریعت کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ وراثت کے احکامات تدریجاً نازل ہوئے۔ اگر یکبارگی نازل کر دئے جاتے تو اس سے لوگ مشقت میں پڑ جاتے، وہ اپنے بنائے ہوئے قانون پر صدیوں سے عمل پیرا تھے انہیں اچانک سے ان ظالمانہ قوانین سے دور کرنا محال تھا اسی طرح ہجرت اور مواخات کے حوالے سے وراثت کے نظام کو بھی تدریجا ختم کیا گیا، انسانی فطرت کے تناظر میں حکمت کے تحت تدریجاً احکام نازل کئے گئے اور آہستہ آہستہ زمانہ جہالیت کے فرسودہ نظام وراثت کا خاتمہ کیا۔

اسلامی احکام وراثت کی حکمتیں

اسلام میں کثیر حکمتوں پر مبنی وراثت کے حصے میراث کے حصے اللہ تبارک و تعالی نے خود متعین فرمائے ہیں۔ ذیل میں احکام وراثت کی ان حکمتوں کو بیان کیا جاتا ہے جو وراثت سے متعلق اسلامی لٹریچر سے اخذ کی گئی ہیں۔

1. تقسیم زر کی راہ کھولنا

تقسیم زر ان اہم موضوعات میں سے ہے جن پر محققین، علمائے کرام اور ماہرین نے انفرادی طور پر تحقیقات کی ہیں اور مختلف حکومتوں نے اجتماعی سطح پر کاوش کرائی ہے اور اس کی تقسیم کا ایسا نظام وضع کرنے کی کوششیں کی ہیں جو انسانی معاشرہ میں عدل اور خوشحالی کو رواج دے، جس کے نتیجے میں انسانی معاشرہ ترقی کرے اور حکومتیں امن وامان سے کام کرتی رہیں۔ اسلامی نظام وراثت میں تقسیم زر کے مسئلہ کو بہت اہمیت دی گئی ہے۔ اسلام ایسے طریقوں کی طرف راہنمائی کرتا ہے جن سے کسی کی حق تلفی نہ ہو۔ لیکن وہ اساسی طور پر اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ ہر شخص جدا جدا صلاحتیں لے کر پیدا ہوا ہے، اس لئے ہر ایک کو صلاحیت کے مطابق ہی ملے گا البتہ عدم صلاحیت یا کم صلاحیت کی وجہ سے لوگ محروم رہ جائیں یا کم حصہ پائیں، ان کا حق ان لوگوں کی زر پر قائم رہتا ہے جو زیادہ صلاحیت کی وجہ سے اپنی ضرورت سے زیادہ کماتے ہیں۔ اس طرح اسلام بغیر کسی کشمکش کے ایسے راستے پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعے زیادہ دولت کی مقدار خود بخود کم زر والوں تک پہنچ جاتی ہے۔

اسلامی نظام وراثت کے ذریعے دولت کے ذریعے چند ہاتھوں میں مرتکز ہونے کی بجائے خاندان کے مختلف افراد میں تقسیم ہو جاتی ہے جس سے معاشرتی فلاح و بہبود میں بہتری آتی ہے اور مساویانہ تقسیم دولت کے ذریعے گردش دولت کو فروغ ملتا ہے۔ اسلام نے اس سلسلے میں سرمایہ داری کے خلاف جہاد کرتے ہوئے قانون وراثت کے ذریعے تقسیم دولت کی راہ کھول دی۔

2. ارتکاز دولت کا خاتمہ

اسلام نے ملکیت کا جو تصور دیا ہے اس میں اموال اور غیر منقولہ جائیدادیں افراد کے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہوتی ہیں اور افراد کی موت کے بعد امانتوں کی تقسیم خالق کائنات کے عطا کئے ہوئے نظام وراثت کے مطابق ہی عادلانہ اور منصفانہ طور پر ہو سکتی ہے۔ جس سے دولت کے ظالمانہ ارتکاز کا خاتمہ ہو گا۔

اسلام ارتکاز زر کا خاتمہ کرتا ہے اور اس سلسلے میں حدیث مبارکہ میں شدت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

حدیث نبوی ﷺ میں ارتکاز دولت کی طرح احتکار کی بھی ممانعت ملتی ہے اس ضمن میں اسلام کا موقف یہ ہے کہ تاجر حضرات اپنا مال مارکیٹ میں لائیں اور اسے فروخت کریں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

ارتکاز دولت کے خاتمے کا تیسرا طریقہ زکاۃ ہے جس سے گردش زر کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اس حوالے سے حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

''مامن صاحب ذهب ولا فضة،لايودى منها حقها، الا اذا كان يوم القيامة صفحت له صفائح من نار فاحمى عليها فى نار جهنم فيكون بها جنبه بها و جبينه و ظهره''(16)

"جو کوئی سونا اور چاندی جمع کرتا ہے پھر اس سے حق ادا نہیں کرتا۔ قیامت کے دن اس کے لئے آگ کی تختیاں بنائی جائیں گی۔ انہیں جہنم کی آگ میں گرم کیا جائے گا اور اس پہلو، پیشانی اور اس کی پیٹھ کو داغ دیا جائے گا۔"

تقسیم وراثت سے ارتکاز زر کا خاتمہ ہوتا ہے۔ جمع شدہ دولت قریبی رشتہ داروں میں ان کے حصوں کے مطابق تقسیم ہوتی ہے اس طرح تقسیم در تقسیم کے عمل سے زر کا معاشرے میں پھیلاؤ بڑھ جاتا ہے اور معیشت ارتکاز زر کے برے اثرات سے بچ جاتی ہے۔

3. مختلف رشتہ داروں میں تقسیم کی حکمت

اسلامی تعلیمات میں عیش و عشرت کی زندگی کو انسان کے لئے مہلک قرار دیا گیا ہے۔ اگر مال وراثت ایک ہاتھ میں رہ جائے تو لوگ کثرت مال کی وجہ سے فضول خرچی اور عیش پرستی میں میں لگ جائیں گے۔ نیز غفلت اور کاہلی کا شکار ہو جائیں گے۔ اس لیے اسلام نے تقسیم وراثت کے ذریعے دولت کو ایک ہاتھ کی بجائے مختلف ہاتھوں میں دیا ہے۔ اور قرآن میں عیش عشرت کی زندگی کی حقیقت ان الفاظ سے ہوئی ہے:

''اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ''(17)

"جان لو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا ہے اور ظاہری آرائش ہے اور آپس میں فخر اور خود ستائی ہے اور ایک دوسرے پر مال و اولاد میں زیادتی کی طلب ہے، اس کی مثال بارش کی سی ہے کہ جس کی پیداوار کسانوں کو بھلی لگتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے پھر تم اسے پک کر زرد ہوتا دیکھتے ہو پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے، اور آخرت میں (نافرمانوں کے لئے) سخت عذاب ہے اور (فرمانبرداروں کے لئے) اللہ کی جانب سے مغفرت اور عظیم خوشنودی ہے، اور دنیا کی زندگی دھوکے کی پونجی کے سوا کچھ نہیں ہے۔"

4. ورثاء کی معاشی حالت کی بہتری

اسلام نے وراثت کے ذریعے ترکہ میں حقوق متعین کر کے ورثہ کی معاشی حالت کو بھی بہتر کر دیا ہے۔ اگر حقوق متعین نہ ہوتے اور مالک کو مطلق وصیت کا حق دیا جاتا تو معاشرتی طور پر خاندان میں بد نظمی پیدا ہوتی اور مالک اپنے اختیار کو استعمال کرتے ہوئے جسے چاہتا محروم کر سکتا تھا۔ اس طرز عمل سے جھگڑے پیدا ہوتے، امن و سکون درہم برہم ہوتا

خاندانی زندگی کو اندیشوں، بے اطمینانی، عدم تحفظ اور تنازعات سے پاک کرنے کے لئے ضروری تھا کہ ترکے میں ورثہ کا مقام معلوم و متعین ہو جس کے ساتھ ہر وارث بہتر زندگی گزار سکتا سکے۔

5. ناانصافی کا خاتمہ

اسلام سے قبل ترکہ کی تقسیم میں ناانصافی سے کام لیا جاتا تھا اسلام نے ترکہ کی عادلانہ تقسیم کے ذریعے تمام وارثوں کو ان کا حق دلایا، تاکہ معاشرہ سالمیت و استحکام سے ہمکنار رہے۔ اور اسلامی نظام معیشت کو تقویت ملے اور ناانصافی کی بنا پر معاشرے میں جنم لینے والی برائیوں کا سدباب ہو سکے۔

6. غیر وارث رشتہ داروں کی غربت کا خاتمہ:

اسلامی قانون وراثت غیر وارث رشتہ داروں کی غربت کے خاتمے کا سبب بھی بنتا ہے اس قانون سے غریب و نادار ورثاء کو میت کے ترکہ سے حصہ ملتا ہے جو ان کی خوشحالی کا سبب بنتا ہے۔

قرآن مجید نے جہاں ورثاء کے حصے متعین کئے ہیں وہاں غیر وارث رشتہ داروں یتیموں اور محتاجوں کو بھی مال وراثت میں سے کچھ دینے کا حکم فرمایا ہے:

''وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُوْلُواْ الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُواْ لَهُمْ قَوْلاً مَّعْرُوفًا'' (18)

''اور اگر تقسیم (وراثت) کے موقع پر (غیر وارث) رشتہ دار اور یتیم اور محتاج موجود ہوں تو اس میں سے کچھ انہیں بھی دے دو اور ان سے نیک بات کہو۔''

اس امر کی وضاحت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی قول سے ہوتی ہے:

''امر المومنین عند قسمة مواریثهم ان یصلوا ارحاماهم ویتامهم ومساکینهم من الوصیة فان لم تکن وصیة وصل لهم من المیراث۔''(19)

''اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو حکم دیا ہے کہ جب مال وراثت تقسیم ہونے لگے تو رشتہ داروں کے ساتھ یتامیٰ و مساکین کو بھی وصیت میں شامل کریں اور اگر ان کے حق میں وصیت نہ کی گئی ہو تو پھر انہیں وراثت میں شریک کیا جائے۔''

علامہ قرضاوی تقسیم وراثت کے ذریعے محروم افراد کی کفالت کے بارے میں لکھتے ہیں:

''اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام غریبی کی مذمت اور ہر محاذ پر اس کے خلاف جنگ اس لئے کرتا ہے تاکہ عقائد اور رہن سہن کے طریقوں میں بگاڑ نہ آئے۔ خاندان اور سماج کی حفاظت ہو، اور خاص طور پر ایسے سماج کی تعمیر ہو سکے جس میں ہر فرد اخوت اور مساوات کے مخلصانہ جذبات سے سرشار ہو، اور ہر کوئی جانتا ہے کہ یہ تب ہو گا جب لوگوں کے پاس کھانے پینے اور

رہنے سہنے کے لئے، اسی طرح دیگر ضروریات زندگی کی تکمیل کے لئے اس قدر اسباب فراہم ہوں جو ان کے اور کے اہل خانہ کے لئے بڑی حد تک کافی ہوں۔ اس سلسلے میں بہت سے ذرائع ہیں جن کے ذریعے انسان اس لعنت سے چھٹکارا پا سکتا ہے۔"[20]

اسلام دین فطرت ہے اور اسلامی معیشت میں غربت و افلاس کے خاتمے کے لئے بہت سے طریقے رائج ہیں۔ اسلام نے غریب رشتہ داروں اور ناداروں کی معاشی کفالت کرنے کے لئے نظام وراثت وضع کیا جس کے ذریعے غریب طبقہ کی کفالت کی ضمانت دی گئی ہے۔

7. دولت کا پھیلاؤ

ماضی کی طرح آج کا مال بھی لوگ ناگہانی حالات کی وجہ سے اپنی دولت کو کسی کاروبار میں لگانے کی بجائے زمینوں کی صورت میں رکھنا پسند کرتے ہیں۔ قانون وراثت سے اس کا سدباب ہوتا ہے۔ زر کی تقسیم ورثاء میں ہوتی ہے جس سے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کر کے مزید دولت پیدا کرتے یں۔ اس سے مال وسعت اور پھیلاؤ کا کام سرانجام پاتا ہے-

8. جاگیرداری کا خاتمہ

تقسیم وراثت سے بڑی بڑی جاگیریں چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم ہو جاتی ہیں۔ جو معیشت کی بہتری کی طرف ایک مثبت قدم ہے کیونکہ جاگیرداری نظام معیشت کے لئے زہر قاتل کی حیثیت رکھتا ہے۔

9. پیداوار میں اضافہ

تقسیم وراثت سے دولت مختلف ہاتھوں میں گردش کرتے ہوئے بڑھ جاتی ہے جو پیداوار میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔ جس سے معاشرہ میں خوشحالی پھیلتی ہے۔

10. ذریعہ روزگار

تقسیم وراثت سے تقسیم دولت کا عمل ہوتا ہے جس سے سرمایہ کاری بڑھتی ہے۔ جس سے لوگوں کو روزگار مہیا ہوتا ہے۔ اور ان کا معیار زندگی بلند ہوتا ہے۔

11. اصلاحات اراضی کا طریقہ

اس تقسیم سے اراضی کی تقسیم کی بھی اصلاح ہوتی ہے۔ اراضی چھوٹے چھوٹے حصوں میں بٹ جاتی ہے۔ مالکان زیادہ محنت و لگن سے پیداواری عمل میں حصہ لیتے ہیں۔ اس طرح اراضی کی اصلاح سے پیداوار میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

12. جائیداد کی حفاظت

اس قانون سے جائیداد کی وارثین میں منتقلی سے جائداد کی مناسب انداز سے حفاظت ہوتی ہے کیونکہ مرنے والے کی جائیداد ٹکڑوں میں ورثاء تک منتقل ہوتی ہے جو آسانی سے اس کی نگہداشت اور حفاظت کا سامان مہیا کرسکتے ہیں۔

13. مثالی معاشرہ کی تشکیل

خدائے وحدہ لاشریک نے بنی نوع انسان کو پیدا کیا تو اس کے معاش کے لیے بھی مختلف ذرائع رکھ دیئے تاکہ وہ ان سے فائدہ اٹھا کر اپنی معیشت میں توازن پیدا کرے۔ اور معاشرہ کی بہتر تشکیل کرے۔ لیکن کسی وجہ سے اگر کسی کو ان ذرائع تک رسائی حاصل نہیں ہوتی تو قدرت نے اس کمی کو پورا کرنے کے لئے قانون وراثت کو رکھ دیا تاکہ لوگ معاشی طور پر مستحکم ہو کر مثالی معاشرہ تشکیل دے سکیں۔

14. باہمی الفت و محبت

باہمی الفت و محبت کسی بھی معاشرہ کی سماجی و معاشرتی زندگی میں بنیادی حیثیت کی حامل ہے اگر کسی معاشرہ میں باہمی الفت و محبت کا عنصر غائب ہو تو وہ سب معاشرہ معاشرہ نہیں رہتا۔ قانون وراثت سے متوفی کی جائیداد (منقولہ و غیر منقولہ) ورثاء تک پہنچتی ہے جس سے باہمی الفت و محبت اور اخوت کے جذبات فروغ پاتے ہیں۔ جس سے معاشرہ سکون وطمانت سے معمور ہو جاتا ہے۔

15. سماجی برائیوں کا خاتمہ

سماجی و معاشرتی برائیاں (چوری، ڈاکہ لوٹ ما، غصب) یہ سب معاشی ناہمواریوں کے سبب جنم لیتی ہیں۔ تقسیم وراثت کے ذریعے معاشی ناہمواریوں کے خاتمے سے برائیاں خود بخود ختم ہو جاتی ہیں۔ اس طرح قانون وراثت کسی حد تک معاشی ناہمواریوں کے خاتمہ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

16. جھگڑوں کا خاتمہ

لڑائی جھگڑے معاشرے میں زہر قاتل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ لڑائی جھگڑوں سے معاشرے کا امن و سکون تباہ ہو جاتا ہے۔ اور معاشرہ معاشرہ کہلانے کا حق کھو دیتا ہے۔ لڑائی جھگڑے بھی عموماً معاشی اور معاشرتی ناہمواریوں کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ قانون وراثت جھگڑوں کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

17. ادائیگی حقوق و فرائض

معاشرے ادائگی حقوق و فرائض کی اساس پر قائم ہوتے ہیں۔ جن معاشروں میں حقوق و فرائض کا خیال نہیں رکھا جاتا وہ معاشرے اپنی موت آپ مر جاتے ہیں۔ اور ان کا وجود اس کائنات کے نقشہ سے معدوم ہو جاتا ہے۔ قانون

وراثت ادائیگی حقوق و فرائض کا درس دیتا ہے کہ صاحب جائیداد کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے قریبی رشتہ داروں کی پرورش میں معاون بنے اور یہ رشتہ داروں کا حق ہے۔

18. عورت کا تحفظ

عورت معاشرے کی بنیادی اکائی ہے۔ مگر مطالعہ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کی ہر سطح پر تذلیل کی جاتی رہی ہے اسے ہر حق سے محروم رکھا جاتا رہا ہے۔ یہاں تک کہ بعض مذاہب میں اسے برائی کی جڑ کہا گیا ہے۔ لیکن اسلامی قانون وراثت میں عورتوں کو بھی حصہ ملنے سے ان کا تحفظ ہوا ہے۔ اور معاشرے میں ان کا مقام بلند ہوا ہے۔

19. بہبود عامہ

تقسیم وراثت بہبود عامہ کا بھی ذریعہ ہے جس متوفی شخص کا کوئی وارث نہیں ہوتا اس کا سارا مال حکومتی خزانہ میں چلا جاتا ہے جو اسے لوگوں کی فلاح و بہبود پر خرچ کرتی ہے۔ ایسے ہی متوفی وصیت کی صورت میں بھی غریب، نادار، مساکین اور یتیموں کی پرورش اور کفالت کا سبب بن سکتا ہے۔

خلاصہ

اسلام نظام وراثت کی آمد سے پہلے عرب کے معاشرے میں جو نظام وراثت رائج تھا وہ ظلم اور ناانصافی پر مبنی تھا، معاشرے کے کمزور افراد اور عورتوں کے ساتھ زیادتی ہوتی تھی اور انہیں محرومیت کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ اسلام نے آکر ایک ایسا نظام وضع کیا جس میں ابتدائی طور پر کچھ عرصہ کے لئے کچھ طریقے زمانہ جاہلیت کے بھی برقرار رکھے گئے کیونکہ تدریجاً ایک نیا نظام متعارف کروانا مقصود تھا اور وہ لوگ اپنی روایات سے زیادہ جڑے ہوئے تھے اس لئے حلف اور نسب کی میراث کو برقرار رکھا اور ان کے ساتھ دو اسباب میراث بھی جاری کئے گئے جو ہجرت اور مواخات مدینہ ہے اسلام کے احکامات تدریجاً اور ضرورت کے تحت نازل ہوئے کیونکہ عرب صدیوں سے جس قانون پو عمل پیرا تھے اچانک اس سے دور ہو جانا محال تھا لیکن اسلام نے اپنے ابدی نظام کے ذریعے انہیں اس نظام کی طرف متوجہ کیا اور لوگ اس فرسودہ اور ظالمانہ نظام سے انصاف پسند نظام کی طرف آئے۔ لوگوں نے جاہلی اور فرسودہ قوانین سے بیزاری کا اظہار کرنا شروع کر دیا تو دین اسلام نے کچھ عرصہ کے بعد قدیم جاہلی نظام میراث کو ختم کر دیا اور نیا عادلانہ نظام متعارف کرایا جس کے ذریعے تمام رشتہ داروں کے حصے مقرر کر دیے یہ تمام حصے عقل کی کسوٹی پر پورا اترتے ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ اسلامی احکام میراث میں بے شمار حکمتیں پوشیدہ ہیں جن میں سے چند پیش نظر مقالے میں ذکر کی گئیں۔ ان حکمتوں کو واضح کرنے سے عقل پرستوں کو مطمئن کیا جا سکتا ہے۔

﴿حوالہ جات﴾

1. الافریقی، جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور،(2009ء). لسان العرب، بیروت، مصر دارالکتب العلمیہ، ص: 197
2. اصفہانی، امام راغب،(1983ء). فردات القرآن، مطبع لاہور، ص:519
3. الصابونی، محمد علی،(1995ء). احکام الترکات والمواریث، بیروت، دارالفکر العربی، ص:34
4. مصطفیٰ مسلم، الدکتور،(1408ھ). مباحث فی علم الموریث، سعودی عرب، دارالفکر العربی دارالمنارۃ النشر والتوزیخ، ص:9
5. محمد ابوزھرہ،(س۔ن)۔ احکام الترکات والمواریث، بیروت، دارالفکر العربی، ص:9
6. الزحیلی، وھبہ، الدکتور،(س۔ن). الفقہ الاسلامی وادلتہ، بیروت، دارالفکر، ج:5، ص:59
7. ابڑو، عبدالحی، ڈاکٹر،(2015ء)۔ میراث وصیت کے شرعی ضوابط، اسلام آباد، شریعہ اکیڈمی، ص:45
8. سید شوکت علی،(2000ء)۔ تقسیم میراث، لاہور، اسلامی پبلی کیشنز، ص:
9. شفیع، مفتی محمد،(1999ء)۔ جواہر الفقہ، کراچی، مکتبہ دارالعلوم، ص:71
10. قرضاوی، یوسف الدین، محمد،(1584ء)۔ اسلام میں غریبی کا علاج، لاہور، مکتبہ اسلامیہ، ص:278۔279
11. الاحزاب،6:33
12. النساء،33:4
13. قرضاوی، یوسف الدین، محمد، ص:278۔279
14. الانفال،72:8
15. موسیٰ، محمد یوسف،(1967ء)۔ الترکہ والمواریث فی الاسلام، مصر، ص:28
16. قشیری،(س۔ن)۔ الصحیح مسلم، دارالسلام لنشر والتوزیع، ص:3، رقم:1615
17. آل عمران،3 :180
18. طہ۔60 :6
19. قرطبی، ابو عبداللہ محمد بن احمد بن ابو بکر، امام،(2012ء) تفسیر قرطبی، لاہور، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، ج:5، ص:49
20. قرضاوی، علی یوسف، محمد،(2014ء)۔ اسلام میں غریبی کا علاج، لاہور، مکتبہ اسلامیہ، ص:38

☆☆☆☆☆

﴿مصادر و مراجع﴾

1. القرآن الکریم
2. ابوزھرہ، محمد ابوعبید، الشیخ، (س۔ن). احکام الترکات والمواریث، بیروت، دارالفکر العربی
3. الازہری، محمد کرم شاہ، پیر، (2015ء). تفسیر ضیاء القرآن، لاہور، ضیاء القرآن پبلیکیشنز
4. اصفہانی، امام راغب، (1983ء). مفردات القرآن، مطبع لاہور
5. الافریقی، جمال الدین محمد ابن مکرم بن منظور، (2009ء). لسان العرب، بیروت مصر دارالکتب العلمیہ
6. الشامی، امین ابن عابدین، محمد بن محمد، (1294ھ). ردالمختار علی دارالمختار، مطبوعہ مصر
7. الحصکفی، علاؤالدین، (1956ء). الدرالمختار، مطبع مصر
8. عبدالحمید، محمد محی الدین، (س۔ن). احکام الموریث فی الشریعۃ الاسلامیۃ علی مذاھب الائمۃ الاربعۃ، بیروت، المکتبہ العصریہ
9. علوی، عبدالنصیر، (1976ء). المعجم الوسیط، داراحیاء التراث العربی
10. علی یوسف الدین، محمد، (1967ء)، الترکہ والمواریث فی الاسلام، مصر
11. قرطبی، ابوعبداللہ محمد بن احمد بن ابوبکر، امام، (2012ء). تفسیر قرطبی، لاہور، ضیاء القرآن پبلیکیشنز
12. قشیری، ابوالحسین ابن الحجاج بن مسلم، (س۔ن). الصحیح مسلم، دارالسلام النشر والتوزیع
13. مصطفیٰ مسلم، الدکتور، (1408ھ). مباحث فی علم الموریث، سعودی عرب، دارالفکر العربی دارالمنارۃ النشر والتوزیخ
14. الزحیلی، وھبہ، الدکتور، (س۔ن). الفقہ الاسلامی وادلتہ، بیروت، دارالفکر

القياس أصوله و أنواعه عند الأحناف

☆حافظ ساجد محمود الأزهرى

☆☆حافظ سيد مبشر حسين الكاظمى

Abstrect

Majority of Muslim jurists recognized Qiyas as one of the source of Islamic law, next to the Qur'an, Sunnah and Ijma. Quias, according to Ahnaf is an extension of a Shari'ah value from an original case (اصل) to new case (فرع) because the letter has the same effective cause (علة) as the former. The original case is ruled by the Qur'an or Sunnah and Quias aims to extend the same ruling to the new case based on the same illah (علة) and effort has been made to explore the following aspects in this article.

Definition of Qyias according to Ahnaf.

Subject matter of Qyias

Types of Qyias

The reasons for the recitative usage of Analogical deduction by Ahnaf.

Rebuttal to the allegations on Ahnaf for the rejection of Kahbr e wahid to Qyias.

Keyword: Qyias, original case (اصل), new case (فرع), effective cause (علة), khabr e wahid

وُصف الأحناف بأنهم اصحاب القياس، وهذا أمر يميز الأحناف من فقهاء المدارس الفقهية الأخرى، إلا أنه كانت للقياس عندهم أصوله وقواعده المحكمة، كما أنه كانت للقياس أنواع شتى عند الأحناف، ومن هنا يطرح السؤال نفسه: هل نحتاج إلى القياس مع تواجد النصين الشريفين المتمثلين فى الكتاب والسنة؟ وهذه هي القضية التي سوف نحاول معالجتها من وسوف يكون بحثنا هذا محتويا على الأمور الآتية

☆ الأستاذ المحاضر بقسم الدراسات الإسلامية، جامعة المنهاج، لاهور

☆☆المحاضر بقسم العلوم الإسلامية، بجامعة لاهور، لاهور

خلال ورقتنا البحثية هذه. (ا) معنى القياس عند اللغويين والأصوليين.

(ب) تعريف القياس عند الأحناف المتقدمين والمتأخرين

(ج) أصول القياس المقررة فى المذهب الحنفى

(د) أنواع القياس عند الحنفية

(هـ) أسباب كثرة القياس عند الأحناف

أسباب كثرة القياس عند الأحناف

معنى القياس لغة، ومعانية اللغوية عند الأصوليين-

القياس في اللغة من قاس و قيس، قاس الشئى يقيسه قيسا و قياسا، وقياسة و قيسه اذا قدره على أمثاله- [1]

قاس الشيء بغيره و على غيره و اليه قيسا و قياسا: قدره على مثاله، القياس:

رد الشئى إلى نظيره-[2]

وجاء فى معجم مقاييس اللغة مابين المعنى اللغوى لكلمةالقياس كالتالي:

''قوس: القاف والواو واللين أصل واحد يدل على تقدير شئ بشئ ثم يصرف فتقلب واوه ياء والمعنى في جميعه واحد، فالقوس: الذراع، وسميت بذالک، لأنه يقد ربها المذروع، و تقلب الواو لبعض العلل ياء، فيقال: بينى و بينه قيس رمح، أى: قدره، و منه القياس: وهو تقدير الشيئ بالشيئ، والمقدار: مقياس، تقول: قايست الأمرين مقايسة و قياسا.''[3]

هذا هو مدلول كلمة القياس عند اللغويين، إلا أنه يحمل مفهوما معينا عند الأصوليين وفيما يلى حديث موجز عن هذا الجانب الاصطلاحى لكلمة القياس.

معانى القياس اللغوية عند الأصولين-

تقل الزركشي [4] معانى كثيرة للقياس عند الأصولين فقال:

''نقل بعض الأصولين معنى لغوية أخرى للقياس كالتمثيل والتشبيه والاعتبار والمماثلة والإصابة''[5]

المعنى الاول: تفسير صيغة القياس وهو: التقدير، يقال:قس النعل بالنعل اى: قدره به [6] ومنه يقال: قس الأرض بالقصبة: إذا قدرتها. [7]

المعنى الثاني: الاعتبار وهذا مانقل عن المعتزلة، وقالوا: حد القياس اعتبار الشئ بالشيئ بجامع.[8]

المعنى الثالث: المساواة حيث استعمل بمعنى المساواة أيضا فقيل: قس النعل بالنعل أي: أحدهماسوّها بصاحبتها، ومنه يقال: يقاس فلان بفلان ولا يقاس بفلان، أي: يساويه أي ولا يساويه. [9]

المعنى الرابع: التقدير والمساواة، و تقلب اولواو قيسه إذا قدره على أمثاله والمجموع منهما، يقال: فلان لايقاس بفلان بمعنى لا يقدر بفلان، أي: لا يساوي. وذالک لان الأكثر لم يزيدواهما في تفسير القياس لغة على مجرد التقدير، أراد إد راج المعاني التى تفهم من موارد استعمال لفظ القياس في اللغة المشار إليها بالتقديروالمساواة والمجموع تحت مفهومه الكلي، ففسر القياس في المثال بالتقدير، ثم فسر التقدير بالمساواة تنبيهاً على الاتحاد بينهم، فالقياس إذن مشترک معنوي في اللغة.[10]

المعنى الخامس: التشبيه: فمنهم من قال: انه التشبيه بين الشيين. [11]

المعنى السادس: المماثلة.[12]

المعنى السابع:الإصابة. [14]

ويلاحظ على هذه المعانى أن معظمها متقاربة، فالاعتبار والتسوية والتمثيل والتشبيه والمماثلة تكاد تكون بمعنى واحد، واذا كان كذلک فلا حرج علينا ان نعدّها معنى واحداً، ثم نضيف معنى التقدير و معنى الإصابة، فيجتمع لدينا ثلاثة معان: التقدير والتسوية والإصابة. [15]

